گھٹا آتی ہے کیا جھم جھم کے چھم چھم کی برستی ہے ۔۔ اشارے دیتی ہی یہہ ہم کو لازم مے پرستی ہے

بہار ہند جس موسم کو کہتے ہیں یہہ بارش ہے ۔۔ عیان ہر سبزہ و گل سے جوانی جوش مستی ہے

سراپا زہر ہے قہر و غضب ہے زلف خم در خم ۔۔ نہیں وہ مانگتا پانی یہہ ناگن جسکو ڈستی ہے

نہیں معلوم تمکو غافلو بیدار ہو جاؤ ۔۔ کمر قتل خلایق پر اجل ہر روز کستی ہے

جو جنت تک پہونچتا ہے تو بے کھٹکے چلی جاؤ ۔۔ یہہ راہ شرع سید ہی بلندی ہے نہ پستی ہے

طفیل ہادئے دین کفر کعبہ سے نکل بھاگا ۔۔ جو جائے بت پرستی تھی وہان اب حق پرستی ہے

جو ہمدم ہم نوالہ ہم پیالہ تھے کبھی اپنے ۔۔ اب ان کے دیکھنے کو آہ آنکھ ہی ترستی ہے

حباب بحر سے ہم بھی کوئی دم کے ہین مہمان
فنا جسپر کہ ہنستی ہی وہ بیشک اپنی ہستی ہے

خراب آباد دنیا سے قریب اب کوچ ہے اپنا
عدم آباد جسکا نام ہے وہ اپنی بستی ہے

جو گلدستے معانی کے معانی ملتے ہین سکو
یہہ جنس مفت ملتی ہے نہ مہنگی ہے نہ سستی ہے

دل اپنا خنجر افکار سے افگار ہے الفت
فراخی دور وزہر سنگون ہے لاحق تنگدستی ہے

## جناب منشی شیخ امجد علی صاحب بنارسی شاگرد جناب حشمت و رفعت

امجد

زہے تقدیر اوسکی باغ طیبہ جسکی بستی ہے
ہماری آنکہہ تو دیدار کو یارب ترستی ہے

عدم آباد کی بستی بہی کیا ہموار بستی ہے
نہ اونچا ہے نہ نیچا ہے بلندی ہی نہ پستی ہے

کہین ہو حق کا غل ہے اور کہین صورت پرستی ہے
خیال یار مین ہرسمت چہائی ایک مستی ہے

پڑے ہین ہار مرجہائے ہوئے گل شمع ہستی ہے
شہید ناز کی تربت پہ کیا حسرت برستی ہے

ستارے ہجر کی شب دیکہکر ہوتا ہے یہہ مو کا
فلک ہنستا ہے مجہپر یا مری تقدیر ہنستی ہے

لکہا جو کاتب قدرت نے بس وہ ٹل نہین سکتا
مٹا دیگا لکہا تقدیر کا یہہ کسکی ہستی ہے

جدہر وہ دیکہتے ہین سیکڑون غش کہا کے گرتے ہین
خدا رکہے جوان مست ہین آنکہون مین مستی ہے

کہون تو اون سے دل کی آرزو لیکن کہون کیونکر
کہ اونپر شرم ہے چہائی ہوئی غیرت برستی ہے

وہان کے رہنے والے فکر دنیا سے مبرا ہین
عدم آباد کہتے ہین جسے کیا خوب بستی ہے

سرائے دہر ہے کتنے مسافر لٹ کے جاتے ہین
ٹہگون کا یہہ ٹہکانا اور یہہ چورونکی بستی ہے

خیال آتا نہین کیا اپنی رسوائی کا کچہہ تجہکو
تری وحشت پر اکثر طعن سے مخلوق ہنستی ہے

دکہا دے خواب مین صورت مجہے پہر خدا اکدن
تڑپتا ہے مرا دل بہی طبیعت بہی ترستی ہے

وہ ہنستے کہیلتے آئین گے پہر فاتحہ اکدن
مری تربت عبث پہولونکی چادر کو ترستی ہے

نہین وہ قیدی مذہب ہوا جو تیرا دیوانہ
نہ ذوق حق پرستی ہی نہ شوق بت پرستی ہی

جیسے سودا ہوا ہے سر پہ اسکا مول لے سودا
ابھی زلف صنم ہے پھر یہ ناگن بنکے ڈستی ہے

جسے تاکا اوسے مارا جسے دیکھا اوسی لوٹا
جوانی بار پڑ رہی ہے یار کی آنکھون مین مستی ہے

فرشتون کے بلا آتے ہین دل جاکر مرے نالے
نہ پونہچے گوش جاناں تک عجب قسمت کی پستی ہے

نہ جا اے دل کہین اوٹھکر پڑا رہ اونکے کوچے مین
زمین ملجائے دو گز بہی جو دم بہر کو تو سستی ہے

وہ سنکر عرض مطلب پھیر کر منہ ہنکے کہتے مین
تمہارے دل مین جب بستی ہو تو ایسی ہی بستی ہے

نہ دیکھا ابروئے دلدار کو بل سے کبھی خالی
یہ وہ تلوار ہے جو بے کسے ہر وقت کستی ہے

وہ جب تشریف لاتے ہین مرے دلمین تو کہتے ہین
عجب اوجڑا محلہ ہے عجب ویران بستی ہے

اجل جب آگئی سر پر تو یاد ان پہلوانون کو
نہ بہر ہے نہ اٹھی ہے نہ مکہ ہے نہ دستی ہے

رجب کی چودھوین ہے عرس مین یارو چلو جلدی
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

خوشی مجھ طالب دیدار کو کیا کیا نہین ہوتی
مدینہ کی سفر کو جب کمر تقدیر کستی ہے

گنہ دہل جاتے ہین جاکر گنہگار دکن اے امجد
رسول اللہ کے روضے پہ وہ رحمت برستی ہے

## جناب محمد عثمان صاحب نیلوری تلمیذ جناب نصیر — اختر

ہمیشہ یاد میخوارون کو گر بادہ پرستی ہے
تو بعد مرگ بہی اک انکو حاصل جوش مستی ہے

جہان مدفون ہین اعدائے دین احمد مرسل
بجائے ابر رحمت کے وہان آتش برستی ہے

تہ دل سے ہون خادم اُس فقیر بے ریائی کا
کہ جسکے پایۂ عزت پہ عزت سر کو گھستی ہے

غرور جاہ اسے نادان نہین زیبا سمجھ اتنا
جہان پر اب بلندی ہے وہان اک روز پستی ہے

سراپا بے امیدی ہے ہماری زندگانی کی
اجل تیغ قضا کو روبرو پھر یہ گھستی ہے

اُٹھا کر پردۂ حائل دکھائے روئے روشن کو
کہ چشم آرزو اختر کی مدت سے ترستی ہے

## جناب محمد قاسم علیخان صاحب شاگرد عالیجناب مہاراجہ مدار المہام بہادر — شاد

کسی کو بت پرستی ہے کسی کو حق پرستی ہے
وطن اور فیض کا ارشاد ہمکو خود پرستی ہے

شہید ناز ہی کو زندۂ جاوید کہتے ہین
جسے بیمار سے فرقت ہوئی تندرستی ہے

ہم اپنی بودنی نابودنی یکسان سمجھتے ہین
جو بستی ہی سو ویرانہ جو ویرانہ ہے بستی ہے

ہوا حشر و قیامت کا نمونہ کوچۂ قاتل
کوئی دم توڑتا ہے وان کسیکی جان سسکتی ہے

کسیکی دولت دیدار کی محتاج ہین آنکھین
کسیکے بوسۂ لب کے لئے حسرت ترستی ہے

شراب حسن سے مخمور رہتے ہین ادہر خوبان
مئے عشق حسینان سے ادہر شیدا کو مستی ہے

نشان وصل ظاہر ہے مگر ہمسے چھپاتی ہو
بغیر از اختلاط غیر کب محرم مسکتی ہے

ستم رنگ جوانی ہے غضب جوبن کی اُبھارین
کسیکی اندنون مین خود بخود انگیا مسکتی ہے

مراد دل سے اے ارشاد سیرابی نہو کیونکر
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

## جناب میر محمد علی صاحب حیدر آبادی تلمیذ حضرت سالک دہلوی مرحوم — بخشی

بہار آئی ہے پھر جوش جنون کی چیرہ دستی ہے
گریبان کی قسم کھانیکو پھر گردن ترستی ہے

کچھ ایسی کج پڑا ہتو مری قسمت کی پستی ہے
ادہر تدبیر کرتا ہون ادہر تقدیر ہنستی ہے

مزے ہین حسن و الفت کے دو طرفہ جوش مستی ہے
یہان دامن نکلتا ہے وہان محرم مسکتی ہے

ہزارون ہین نگاہ ناز کے مارے ہوے تیرے
جو ہے گنج شہیدان وہ ترے کشتونکی بستی ہے

ادا سے قتل کرکے پوچھتا جاتا ہے بانون کو
قبائے گل ہی یا ظالم ترا رومال دستی ہے

بچائے رکھیئے دامن کو ذرا اے حضرت ناصح
کہ بے قابو مرے دست جنونکی تیز دستی ہے

کہان جاکے پلائی کس نے کس سے دیدہ بازی کی
خمار آنکھون مین خشکی لب پہ ہے نظرون مین مستی ہے

نہ نکلے تشنہ کامان جنون کے حلق کے کانٹے
بجائے ابر رحمت قبر پر وحشت برستی ہے

ملے پہ ایسی نہین ٹوٹے ہوے بندون سے محرم کے
اگر تعذیر کے لائق مری گستاخ دستی ہے

جنون میں پوچھتا ہے گر کوئی مسکن تو کہتا ہوں
عالم کے پاس عشق آباد اک چھوٹی سی بستی ہے

قیامت اوسکا قامت ہے بلائیں فتنہ ساماں ہیں
شرارت اور شوخی اوسکی صورت سے برستی ہے

عوض بوسہ کے جنس دل طلب کر کے وہ یوں بولے
جو انمول یہہ مل جائے تو مہنگی ہے نہ سستی ہے

نظر جب تم اوٹھاتے ہو تو ہو جاتے ہیں سب بیخود
تمہاری آنکھہ کی گردش میں بھی مستی ہی مستی ہے

چڑہا نا گل کے بدلے خم نہیں تو کوئی ساغر ہی
لحد میں روح میری قطرہ قطرہ کو ترستی ہے

خدا رکھے سلامت ملک عشق آباد کو اپنے
تمناؤں کا میلہ ہے تو ارمانوں کی بستی ہے

مسیحا نکلے اونکو ضد ہے یہہ مرنے نہیں دیتے
اجل بالیں پہ میری جان لینے کو ترستی ہے

اب جاتے ہے کہاں پوچھو یہ تجستی شرم آتی ہے
کبھی نشاط جناں دلی تھی اب اجڑی سی بستی ہے

## جناب علی احمد صاحب قریشی امروہی - شاگرد جناب سلام

بلاغت

غم ساقی میں بھی دن رات شغل مے پرستی ہے
مرے خون جگر میں بادۂ گلگوں کی مستی ہے

ادہر زلف سیہ بن بن کے ناگن دلکو ڈستی ہے
اودہر شمشیر ابرو سے زباں آوازے کستی ہے

کنارہ کش ہے تو بھی اے غم دلدار کیوں اتنا
خدارا جلد کر آباد ویران دلکی بستی ہے

حسینوں کے ہزاروں قافلے دن رات جاتے ہیں
عدم آباد بھی واللہ کیا آباد بستی ہے

نہیں فرصت ہیں مرن مجھے غم کی کشاکش سے
شکنجے کیطرح چاروں طرف سے قبر کستی ہے

تعاقب دیکھنا میری لحد پر آکے کہتے ہیں
یہہ کسکی قبر ہے کیوں رات دن حسرت برستی ہے

گرایا جب سے اے ظالم مجھے تو نے نگاہوں سے
دل بیتاب بیٹھا ہے طبیعت وقف پستی ہے

بکا جاتا ہے دل اک بوسہ پر ایجان جان لیلو
یہہ سودا مفت کا ہی دیکھنا کیا جنس سستی ہے

برا ہو کاہش غم کا گھلا کر کر دیا یہ سوا
وہ ہستی بھی کوئی ہستی ہے جس پر عبرت ہنستی ہے

او پھر کر سیہ پر جوش جوانی نے غضب ڈھایا
قبائے تنگ دیکھو جسم نازک پر کستی ہے

خدا کو مان اس سے نفع کیا کیوں دین کھوتا ہے
دلا کیوں رات دن افزوں یہ شغل بت پرستی ہے

نہین دم کا بھروسا اے بلاغت غور کر دیکھو
ہماری زندگانی کیا حباب بحر ہستی ہے

## جناب محمد محبوب علی خانصاحب — بیدل

براے نام اپنی اے تو دنیا مین ہستی ہے
نہین معلوم کیا ہے زید کسکا نام مستی ہے

چہرہ اکر دلکو فتنہ گر یہہ کہتا ہی نہین معلوم
خدارا سچ بتا دینا یہہ کیا چورونکی بستی ہے

نہ جانا اوسطرف ہرگز کبھی بہولے سے بھی بیدل
کہ دنیا نام ہے جسکا وہ فتنہ خیز بستی ہے

مرے لاشہ کو ٹھکراتے ہین پھر کہتے ہین اے غافل
یہہ کیسی بیخودی ہے اور یہہ کیسی تیری مستی ہے

چلو اے واعظو اب راستہ اپنے مکان کا لو
نصیحت کون سنتا ہے یہہ بہرونکی بستی ہے

ادا سے پوچھتا ہے شوخ مجھ سے صبحدم بیدل
تمہارے چہرہ پر دائم یہہ کیون وحشت برستی ہے

## جناب الحاج خطیب قادر بادشاہصاحب — بادشاہ

عجب غفلت شعاری ہے عجب دنیا پرستی ہے
ہماری زندگی ہے وہ کہ جسپر موت ہنستی ہے

جو جاتا ہے یہان سے بس وہین کا ہو ہی جاتا ہے
عدم آباد بھی اے ہمدمو کیا خوب بستی ہے

گران ہے اتفاق و یکدلی کا نقد انروزون
مگر بغض و حسد کی جنس ہر اک جا پہ سستی ہے

ترقی غیر قومونکی ہو کیونکر قوم کو اپنے
اودہر ہر کام مین چستی ادہر ہمت مین سستی ہے

نصیحت ناصحون کی سنگدل پر کارگر کب ہو
یہہ سچ ہے میخ آہن کی نہین پتھر مین دہستی ہے

ہین مقبول خدا سب اولیا اسکا عجب کیا ہے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

ہزارون ہوشیارونکو کرین قربان ہم اوسپر
مے عشق محمد کی جہان مین جسکو مستی ہے

رسول اللہ کے روضہ کا مجھسے وصف ہو کیونکر
ملایک کی بھی عظمت خود جبین اسجا پہ گھستی ہے

مدینہ دیکھکر آیا ہے گرچہ بادشاہ تونے
دوبارا دیکھنے کو آنکھ اب کیا ترستی ہے

پاس

## جناب مولوی محمد حفیظ الدین صاحب شاگرد حضرت فیض رح

فضائے لامکان کیا جہت پر نور بستی ہے
ذرا بند آنکھہ تو کیجے بلندی ہی نہ پستی ہے

شب فرقت مین آہ آتشین آوازے کستی ہے
نکل جائیگا قصر چرخ نیلی فام جستی ہے

خرابات مغان اسواسطے رندون کی بستی ہے
مبادا محتسب دیکھے تو حد مے پرستی ہے

نہین آتا سمجھہ مین کیا طلسم رنگ ہستی ہے
اودہر اللہ ہی اللہ ہے ادہر صورت پرستی ہے

کرم کیسا نہہ ہی حسن تواضع جوہر انسان
فقط جہکنا ہے کیا تلوار ہی کرنے کو کستی ہے

نہین زلف و قامت مین دونو کالی ناگنین بیشک
بچون گر ایک سے تو دوسری بیرحم ڈستی ہے

نظر بازی میگن حائل نہو افراد کا پردہ
بتون کی دید مین حیث الحقیقت حق پرستی ہے

پہر لگا باغ مین آنکھین چرانا غم سے اے بلبل
زر گل پر نہ جا یہہ چار دن کی مال مستی ہے

نہین ہوتی کبہی تاویل حرمت کے مسائل کی
مگر بنت العنب جب محتسب کا منہ جہلستی ہے

نمائش کیلئے یہہ پشت بر قبلہ نمازی ہین
جبین اہل ریا کی اصل مین بے سود گہستی ہے

ملاحت ہے جمال عارض جانان کے پلے پر
ترازو حسن کی خورشید کی جانب سے کستی ہے

سراسر چاک و امانی تو کی دست زلیخا نے
مگر کیا طیلسان عصمت یوسف بکستی ہے

کہنکتا ہے کٹورا فصل گل مین بادہ خوارون کا
طبیعت زاہدان خشک کی کیا کیا ترستی ہے

فلک کا ناک مین دم ہے بہرے مین کان بجلی نے
تری بندوق ظالم بار بار آوازے کستی ہے

وہی ہے نرخ اس کا جبقدر فضل الہی ہو
متاع قسمت عالم نہ منہگی ہے نہ سستی ہے

ندامت کا لحاظ ای پاس لازم ہی ہر انسان کو
کرین کیونکر نئی توبہ پرانی مے پرستی ہے

[illegible] رسالہ پنجابی [illegible] فراز فیض [illegible] کی ہے

پرغم

## جناب بیم - مخدوم صاحب صدیقی ملازم علاقہ طبابت سرکار عالی تلمیذ جناب لال سکندرآبادی

غنی کیجے مجھے اب تو نہایت تنگدستی ہے
مری حالت پہ یا حضرت سبھی مخلوق ہنستی ہے

ذرہ چلکر تو دیکھو زائرو تم چشم باطن سے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

گیا ملک عدم جو کوئی واپس پھر نہین آیا
نرالا شہر ہے وہ اور نرالی سب سے بستی ہے

قسم اللہ کی عشق جناب فیض مین ہر دم
ہماری آنکھہ گویا صورت ساون برستی ہے

عجب کیا آپکا پر غم یہہ مالا مال ہو جائے
ذرہ نظر کرم کیجے کہ وقت سے پرستی ہے

## جناب منشی تہور علی خانصاحب مختار عدالت فوجداری کا ہنور

تہور

کلیجہ کاٹ دیتی ہے کبھی دلبر پرستی ہے
عضب دو نون طرف تیغ نگاہ ناز کستی ہے

یہ دنیا چند روزہ ہے چلو کیا اسکی ہستی ہے
جسے ملک عدم کہتے ہین وہ آباد بستی ہے

ریاضت کا یہ ثمرہ ہے یہ اجر حق پرستی ہے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

سکندر نے دو رنگی آئینہ بین سکو دکھلادی
عدم ہے ایک جانب دوسرے جانب کو ہستی ہے

قیامت ہی بوقت نزع بھی جلوہ نہ دکھلایا
تمہاری دیکھنے کو روح تربت مین ترستی ہے

ہماری قبر پر وہ فاتحہ پڑھ کر یہ کہتے ہین
یہ کس ناشاد کی تربت ہے کیا حسرت برستی ہے

کسیکا پوچھنا اٹھلا کے زاہد یاد آتا ہے
کسے کہتے ہین تقوی اور کیسی بت پرستی ہے

نہین تجھکو یقین زاہد اگر خود دیکھہ لے جا کر
مقابل کوچۂ جانان کی کب جنت کی ہستی ہے

حسینون کیلئے کیون نور ایمان اپنا کھوتے ہو
تہور ہوش مین آؤ سراسر بت پرستی ہے

## جناب غلام غوث الدینصاحب شاگرد جناب شایق حیدر آبادی

تہو

تمہارے جوشش حسن ازل کی یہہ بھی ہستی ہے
نظارہ چشم میگون کا ہے یا صہبا پرستی ہے

نہین خواہش شراب ارغوانی کی ہمین ساقی
مئے دیدار جانان کی ازل سے ہمکو مستی ہے

کہا اعدا نے مجھکو دیکھکر محو رخ دلبر
خدا محفوظ رکھے یہہ تو شغل بت پرستی ہے

ہوی ہے شیفتہ جب سے جمال حور سن سن کر
مری جان حزین جنت مین جانیکو ترستی ہے

نگاہ شرمگین جھکتی ہے ہر دم کسلئے قاتل
ہمارے قتل کرنیکو یہہ کیون تلوار کستی ہے

تمہارے فیض نقش پا سے رتبہ بڑہ گیا شاید
زمین کا اوج کہتا ہی فلک کو آج پستی ہے

سر بازار وہ کہتے ہین میری جنس دل لیکر
خریدارو ادہر آؤ کہ قیمت اسکی سستی ہے

کسی کے جذب الفت نے عدم سے لایا ہستی مین
محبت کو خدا رکہے کہ یہہ بہی خوب بستی ہے

تری برق تبسم سے جلا کرتا ہے پروانہ
کسیکی جان جاتی اور توا سے شمع ہنستی ہے

دوائے درد دل کی کیون نہ خواہش ہو مسیحا سے
زیادہ نعمت دنیا سے اپنی تندرستی ہے

عوض بوسے کے لو دل ہے جگر ہے جان حاضر ہے
نہ مفلس جاننا مجھکو اگرچہ تنگدستی ہے

نہین معلوم کیا کیا ظلم ڈہاتے ہین وہ قیدی پر
کسیکے دام گیسو مین الہی جان پہنستی ہے

ہزارون جیتے جی ہی مر گئے ہم درد فرقت سے
نمونہ ہے عدم آباد کا جو ملک ہستی ہے

تبع

## جناب سید قاسم حسینی صاحب مقیم گلبرگہ شریف شاگرد گل محمد صاحب شوؔ

بت طناز میرا عادتے نخوت پرستی ہے
حقیقت مین شباب حسن کی پرجوش مستی ہے

مری ہستی قضائے حیرت انگیز آرزو بنکر
ترے در پہ چشم دید جا جا کر ترستی ہے

سراپا ہے چہپان اسلئے تصویر چشم دل
کہ تا معلوم تمکو ہو مجہے حسرت پرستی ہے

علاوہ ناز و انداز و ادا تجہہ مین پری پیکر
جوانی ہے فروغ حسن ہے پرجوش مستی ہے

نہ کچہہ آواز آتی ہے نہ شور و غل نہ ہے غوغا
الہی شہر خاموشی عجب سنسان بستی ہے

ادہر عشرت ادہر حسرت یہان خواہش وہان انکار
الہی طالع عشاق کی یہہ کیسی پستی ہے

بعزم قتل آکر ہوا کیون مستعد قاتل
تری اس چشم پوشی پر ہماری موت ہنستی ہے

نہ کیون پیدا ہون دُر بحر صدف مین عشق کی اے تبع
فلک سے ابر نیسان کی جہڑی پیہم برستی ہے

ایضاً

خدا کے نیک بندون کی بس مرون ہی ہستی ہے
اسی باعث سے قبر فیض پر رحمت برستی ہے

جہان مین اہل دلکی یون نمایان حق پرستی ہے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

اودہر مولود خوانی ہے ادہر ہے ختم قرآن کا
میان دو مزار فیض عطر و گل بن بستی ہے

چلو بہر زیارت دیندار و - ابرو حدت سے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

نچھوڑو فیض کے در کو نجاؤ سوئے بت خانہ
وہان بت کی پرستش ہے یہان خالق پرستی ہے

ترے استاد کے استاد حضرت فیض ہین آتیغ
نہ جانا ان کے مرقد تک تری غفلت پرستی ہے

## تبسم — جناب مرزا سردار بیگ صاحب عرف عثمان علی بیگ صاحب

مرا دل آفت رنج و غم فرقت کی بستی ہے
ہمیشہ اک نہ اک آفت نئی اس دل مین بستی ہے

نمونہ نوح کے طوفان کا ہی اور نار دوزخ کا
جگر سے آگ اور آنکھون سے جو بارش برستی ہے

کبھی ہے دہیان چوٹی کا کبھی ہے زلف کا کاکل
نئے انداز سے ناگن یہ میرے دلکو ڈستی ہے

کبھی سیراب ہون ہم بھی تو اے ابر سخا اللہ
کہ مدت سے ہماری کشت پانی کو ترستی ہے

یہ دعوے اے فلک بس چھوڑ دے باز آستم سے اب
مری آہ حزین کے روبرو کیا تیری ہستی ہے

تبسم نظم معنی مین ہماری ہے بلندی یون
کہ جس کے روبرو افلاک کو بھی ایک پستی ہے

## تمنا — جناب محمد حسین صاحب

تصور مین مرے جب صورت جانان آ کے بستی ہے
جو دیکھا ہو کا میدان ہی بلندی ہی نہ پستی ہے

کبھی تو جلوۂ دیدار اے رشک قمر دکھلا
کہ تیرے دیکھنے کو آنکھ مدت سے ترستی ہے

صبا جب کوچۂ گلرو سے ہو آتی ہے گلشن مین
گل غنچے شگفتہ ہوتے ہین شبنم برستی ہے

ہمیشہ آئینہ ہے روبرو اس آئینہ رو کے
اوسے منظور آئینہ مین اپنی خود پرستی ہے

ہمارا جب سے ہوا ہے وہ میرا غیرت دہ لیلے
جہان تاریک آنکھون مین ہے اور ویرانہ بستی ہے

تمنا ہجر جانان مین بہت بیتاب ہے اب تو — ملا دے یا خدا اوس سے کہ جان تن مین بستی ہے

تفضل

## جناب تفضل حسین صاحب

یہہ مجمع شاعرون کا یہہ تکلف یہہ جو بستی ہے — مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

یہان موسم ہے بارش کا کہ بارش ہی برستی ہے — نہین ارزان ہے غلہ ہی تو کچھہ سیندہی ہی سستی ہے

بہت چلا کے بولا فیلبان اسے رستہ دا لو — بچو نکلو ہٹو بہاگو مرے ہاتی کو مستی ہے

ہمارے گہر کا دہوبی بیچ کر کپڑے پیا دارو — قمیص و پاجامہ ہے نہ پگڑی ہے نہ دستی ہے

بائسکل سے پہسلکر گر پڑے صاحب جو کیچڑ مین — کہا آیا ہے دل ہم گر پڑا اور تو تو ہستی ہے

گذرتی کس طرح کچھہ تو کہو ملک عدم والو — رہے برسون یہان تم اور وہان کی کیسی بستی ہے

تہی دستی سے پی سکتے نہین آب شجر اب تو — سنا کرتے ہین ہمین میٹھی میٹھی سیندہی سستی ہے

جری

## جناب شیخ محمد صاحب

متاع عشق مین عاشق کو جنس حسن سستی ہے — کسی کو حق پرستی ہے کہین الفت پرستی ہے

برائے فاتحہ گور غریبان پر وہ کیون آئین — یہ عبرت ناک عالم ہے یہ وحشت ناک بستی ہے

کبھی دو پہول ہی رکھکر لحد پر فاتحہ دیجے — شہید ناز کی اب روح جنت مین ترستی ہے

بچاو حضرت دل کوچہ قاتل مین ما نو بہی — ہزارون ہو گئے مٹی تمہاری کوئی ہستی ہے

وہ میکش ہو نہین اب پیر مغان کی فیض صحبت سے — ہوے ہین خم کے خم خالی نہ لغزش ہے نہ مستی ہے

بروز عرس سنتے ہین صدا یہ شش جہت سے ہم — مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

ہو جنکے پاس کچھہ دولت اوسے دنیا مین عزت ہے — جری صاحب عذاب جان بلائے تنگدستی ہے

جلیل

## جناب مولوی حافظ جلیل حسن صاحب شاگرد رشید جناب امیر مینائی مرحوم مغفور

یہ کہنا اُس سے ای قاصد جو محو خود پرستی ہے
کہ تیرے دیکھنے کو آنکھہ مدت سے ترستی ہے

بنے ہین جب سے وہ ساقی فرنگی مے پرستی ہے
ادہر مے ہے پیالون مین اُدہر آنکھون مین مستی ہے

تری آنکھون کے صدقے ایک نیا مین بستی ہے
فسون ہے سحر ہے اعجاز ہے شوخی ہے مستی ہے

تباہی دل مین رہتی ہے خرابی دل مین بستی ہے
یہی آباد بستی ہے یہی ویران بستی ہے

نگاہون سے ملاتا ہون نگاہین اس تمنا مین
وہ میرے دل مین آجائے جو اُن آنکھون مین مستی ہے

وہ جنس دل کی قیمت پوچھتے ہین ہم بتائین کیا
یہی مہنگی سی مہنگی ہے یہی سستی سی سستی ہے

نہ صہبا ہے نہ ساغر ہے نہ مینا ہے نہ خم ساقی
ہمین جو مست کرتی ہے تری آنکھون کی مستی ہے

ازل سے حق پرستی بت پرستی سنتے آتے ہین
مگر یہ آپکا مشرب نرالا خود پرستی ہے

جوانی نے دیے ہین اونکو لاکر ہمنشین کیا کیا
ادا مین ناز چتون مین حیا آنکھون مین مستی ہے

مدار زندگی ٹھہرا نفس کی آمد و شد پر
ہوا کے زور سے روشن چراغ بزم ہستی ہے

تماشا ہے مری رندی کہ ساغر ہاتھہ مین لیکر
ہر اک سے پوچھتا ہون مین کہین تھوڑی سی مستی ہے

فراق روح کیونکر ہو گوارا جسم انسان کو
اُجڑ کر پھر نہین آباد ہوتی یہ وہ بستی ہے

جو بھولے سے بھی لیتا ہون کبھی مین نام توبہ کا
تو مجھپر جوش مین آکر گھٹا کیا کیا برستی ہے

عجب شے جنس الفت ہی کہ دل جائے تو ہاتھہ آئے
ہمیشہ ایک قیمت ہی نہ مہنگی ہی نہ سستی ہے

جبھی تک عکس قائم ہے کہ آئینہ مقابل ہو
ہماری یہ حقیقت ہی ہماری اتنی ہستی ہے

یقین جانو کہ منہ دیکھی محبت ہم نہین رکھتے
وہ آئینہ ہے جو وارفتہ صورت پرستی ہے

بہت جھٹکے مدد سے دست جنون جیب و گریبان کو
رہے تجکو لحاظ اسکا پرانا رخت ہستی ہے

مصاحب جب سے آئینہ ہی کچھہ پوچھو نہ حال اُن کا
خود آرائی ہے خود بینی ہے خود بین خود پرستی ہے

دل عاشق مین حسرت بھی ہے ارمان بھی تمنا بھی
وہ جس بستی مین رہتے ہین بڑی آباد بستی ہے

فنا اول بہی تہی ہمکو فنا آخر بہی ہونا ہے — کرین کیا دو عدم کے بیچ مین ایک اپنی ہستی ہے
جلیل وستاد کا کہنا سنو بانا ہو گمر تم بہی — عجب بستی مدینہ ہے جہان رحمت برستی ہے

جابر

## جناب جابر بن عطاف صاحب تلمیذ جناب ترکی

خیال چشم میگون مین عجب کچھ مجہکو مستی ہے — کہ یکسان میری نظرون مین بلندی اور پستی ہے
عدو سے کہہ رہا ہے دیکھکر میرے جنازے کو — یہہ کس عاشق کی میت ہے جو یون حسرت برستی ہے
دکہائے صورت زیبا ذرا آکر کہ مدت سے — مری جان حزین دیدار کو تیری ترستی ہے
خریدارون سے پوچہون دست بستہ گر وہ ملجائین — یہہ کیون بازار الفت مین متاع جان سستی ہے
سوال بوسہ لب پر کہا دربان سے ہنس ہنس کر — کہ سایل سے کہو اسوقت یہان بہی تنگدستی ہے
تہہ خنجر گلا رکہا تو ہے اس شرط پر اپنا — کہ آخر دیکہہ لون قاتل کی کیسی تیز دستی ہے
تجہے کب چین کی امید ہے زیر لحد ایدل — سنا ہے لطف ہیجان وان بہی ناگن بنکے ڈستی ہے
فنا فی الشیخ ہونیکی علامت دیکہہ لے جابر — مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

جلا

## جناب سید لایق حسین صاحب سکنہ نوگانون تلمیذ جناب قدرت

بہار آئی ہے گلشن مین گہٹا ہر سو برستی ہے — طبیعت میکی پینے کو ارے ساقی ترستی ہے
پلائے جام وسکا جو مئے وحدت پرستی ہے — کہ تیرے میکدے پر رحمت اللہ ساقی برستی ہے
وہ بت یکتا ہی عالم مین نہین ثانی کوئی اسکا — کہ جسکے دیکہنے کو چشم عالم کی ترستی ہے
جو جاتا ہے عدم کو جاکے پہر واپس نہین آتا — خدا جانے وہان کیا بات ہی وہ کیسی بستی ہے
نہ کوئی شمع جلتی ہے نہ اوسپر چادر گل ہے — مین وہ کشتہ ہون جسکی قبر پر حسرت برستی ہے
ہوا ہے سربان بازار حسن یوسف کنعان — جہا نہین جنس حسن مہوشان کچہہ ایسی سستی ہے
اگر ہشیار ہی تو چونک یون ضایع نہ کر اوقات — ارے غافل قضا خود اس تری غفلت پہ ہنستی ہے

جلا نازان نہ ہو کوئی جہان مین مال و دولت پر
فنا ہیہ ہونیوالی چیز ہے کیا اسکی ہستی ہے

## جناب عباس حسین صاحب
جعفری

مین دیکھون آنکھ سے شہر مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جس جا رات دن ایزد کی رحمت برستی ہے

اگر آنکھون سے تیری دور ہو گی احولی زاہد
نظر آئیگی تجکو جب خدائی ایک ہستی ہے

چلے آتی ہی حلقہ باندہکر مخلوق خالق کی
ہزارون شیعون پر ایزد کی رحمت برستی ہے

کبہی اسد پہونچادے مجہی روضہ پہ احمد کے
ہماری آنکہ مدت سے زیارت کو ترستی ہے

کہونگا جعفری مین فیض کی درگاہ پہ جاکر
کشایش رزق کی ہووے نہایت تنگدستی ہے

## جناب سید حافظ یوسف علی صاحب خوشنویس
حافظ

فنا کی مے سے ہین مخمور کیا آنکہون مین مستی ہے
عدم کے رہنے والون کی بہی کیا سنسان بستی ہے

ہوا ہے تجہکو کیا زاہد ارے کچہہ لیکے مے پیلے
نہین ملنے کی پہر ایسی بہت ہی بہائی سستی ہے

پلٹ کر آج تک وان سے نہین آیا یہان کوئی
عجب اللہ جانے کچہہ ایسی عدم کی یارو بستی ہے

اٹہا کر شیخ اب بستر چلے جانا ہی بہتر ہے
نہین معلوم کیا تمکو یہہ میخوارونکی بستی ہے

بہلا ہے پیکے غیرون مین چہپانے ہمسے ہو پیارے
یہہ کیسی سرخ آنکہین ہین یہہ کیسی مین مستی ہے

جو دیا آج دنیا مین چلا پہر اٹہہ کے کل یہان سے
یہی دو دن مین جو کچہہ ہین اسیکا نام ہستی ہے

ادہر ہے ذکر دنیا کا ادہر ہے فکر عقبیٰ کا
حباب آسا دو آبے مین ہماری یار ہستی ہے

کرین وہ سخت یون باتین جو آکر غیظ مین گرلین
کہ جتنی جو گہٹا اٹہی نہین دیکہی برستی ہے

نہین ہی سرکشی زیبا جہکا کر سر کو دیکہو تو
بلندی کہتی ہے اٹہکر کہ میرے ساتہ پستی ہے

ذرا کوٹھے پہ تم آکر دکہادو پیاری صورت کو
اوسیکے دیکہنے کیا کیا ہماری جان ترستی ہے

خدا حافظ رہے دایم ہمارے شاہ آصف کا
اسیکے دم قدم سے دیکہو یہہ آباد بستی ہے

## ایضاً

چلو دیکھو مدینہ کو عجب کچھ پیاری بستی ہے
وہان پر ہر جگہ اللہ کی رحمت برستی ہے

خیال سیر بطحی مین نہ پوچھو کیا کہون منہ سے
تڑپتا دل ادہر ہے جان ودہر جانے ترستی ہے

ہزارون جانتے ہین یہان سے مدینہ ہوکے آئی ہین
پڑا ہون ایک مین رونا میری قسمت کی پستی ہے

دکہا دو خواب ہی مین آکے اپنی پیاری صورت کو
ہمارا دل ترستا ہے ہماری جان ترستی ہے

چلونگا سر کے بل اپنے جب آقا یاد فرمائین
بدل جائیگی جستی سے جو دل کی میری پستی ہے

بلائین گے تجھے حضرت ذرا تو صبر کرلے جان
تو ایسی کیون تڑپتی ہے تو ایسی کیون سسکتی ہے

جب آتا یاد ہے یثرب کا میدان کیا کہون حافظ
سکونت ہند کی ناگن سی آکر مجھکو ڈستی ہے

## جناب میر محمد مومن صاحب عرف سید بادشاہ

حبیب

چمن ہے دخت رز ہے بیخودی ہے مے پرستی ہے
شباب عمر ہے فصل ہوی جوش مستی ہے

لئے پھرتی ہے کس نازوادا سے باغبین ہرسو
صبا کے ہاتھ مین پھولونکی ڈالی جو بسنتی ہے

کسی زلف سیہ کی یاد تڑپاتی ہے رہ رہکر
کہون کیا ایک ناگن ہے کہ ہردم دل کو ڈستی ہے

سمجھکر مجرم دیدار زلف پرشکن تیری
نظر ہو یا تصور مشکیان دونون کی کستی ہے

اگر حاصل ہو صحت تو ہون سو علتین پیدا
ہزارون نعمتونکا ماحصل اک تندرستی ہے

خدا کا نام لو کیون متہم کرتے ہو بلبل کو
پرستش آتش گل کی کہین آتش پرستی ہے

خدا ہوتے ہین خود بین دیکھنے ہو آئینہ جب تم
عجب دلکش خدا رکہے تمہاری خود پرستی ہے

کیا کرتی ہے اکثر گلشن عارض کی گلچینی
ہماری طبع رنگین بس انہین پھولون مین بستی ہے

نہ بے پرکی اڑاؤ بے تکی باتون سے باز آؤ
ارے صاحب بجز شبنم کہین بلبل بھی ہنستی ہے

خدایا پھر نظارہ عطا کر اسکو بینائی
گلون کے دیکھنے کو نرگس شہلا ترستی ہے

جبینِ آبرام سے خلقت جو کرتی ہے بسر دم
ہمارے شاہ آصف کی یہہ سب کچھ سرپرستی ہے

حاذق

## جناب عبد الکریم صاحب اسکول ماسٹر مدرسۂ چھاؤنی سرور ضلع پونا

مہک پر امتحان کے اسلئے وہ جور کستی ہے
مقام عشق مین ہر جا بلندی و پستی ہے

پریشانی ہوی جب سے اوجاڑ بکسی حالت ہے
محبت اک بت کافر کی شہر دل مین بستی ہے

مری نخل تمنا اب یقین ہے بارور ہوئے
مزار فیض پر اسد کی رحمت برستی ہے

جنون نے پہاڑ کر پہینکے ہزارون پیرہن تو کیا
ہمین تو جامۂ تن کی کہو کب تنگدستی ہے

تجہے مخلوق بیجا کیمیا گر ہے نہین کہتی
ہمین داغ درم سے یان تنا کب تنگدستی ہے

نظر آئی نہ اکدن خواب مین بہی صورت زیبا
تمہارا روئے زیبا دیکہنے دنیا ترستی ہے

نہ جانی قدر تو نے بو جہل ختم رسالت کی
کہ خلق آنے کو امت مین محمدؐ کی ترستی ہے

نکالا شہر ہستی سے اگر مجہکو تو کیا تم نے
عدم کے ملک مین اسد کی مخلوق بستی ہے

حمید

## جناب محمد حمید الدین صاحب شاگرد جناب شیفتہ کنتوری

ہمیشہ شہر خاموشان مین اک حسرت برستی ہے
یہہ ویرانے کی صورت مین الٰہی کیسی بستی ہے

بہار آئی ہے فصل گل ہی شور مے پرستی ہے
جوانان چمن مین جہومتے کیا جوش مستی ہے

بت کافر کے پہندے مین خدایا جان پہنسی ہے
ہماری دلکو اُسکی زلف زنجیرون مین کسنی ہے

تمہاری زلف کی ناگن کچہہ ایسی مجہکو ڈستی ہے
کہ جسکی آنکہہ پڑتی ہی اُسکو اُڑ کے ڈستی ہے

جدہر دیکہو ادہر اسد کی مخلوق بستی ہے
عدم کہتے ہین جسکو وہ بڑی آباد بستی ہے

گل و بلبل چمن مین روز گلچہرے اُڑائین گے
اگر تازہ اسی صورت بہار باغ ہستی ہے

زبان پر حور کی تعریف دل مین حور کی خواہش
یہہ کیسا واعظ کہنا ہے یہہ کیسی حق پرستی ہے

سہو کتابت صرف ایکہی غزل لکہی گئی ہے دوسری غزل آخر مین درج کیگئی

کہین عشق مجازی ہے کہین عشق حقیقی ہے — کہین صورت پرستی ہے کہین معنی پرستی ہے

کبہی تو اسطرح نالے فلک کے پار ہو جاتے — کہ بجلی جسطرح گر کر زمین کی تہ مین دہستی ہے

تمہاری وصل کی خواہش تمنا نام ہے جسکا — ہمارے دل مین رہتی ہی ہماری دلمین بستی ہے

مری جان ایک بوسہ دیکے مجہہ سے جنس دل لیلو — کہری ہی صاف ہے نایاب اچہی ہی سستی ہے

تمہین نے جہانک کر پردی سے دلکو کر لیا مائل — تمہین انصاف سے کہدو کہ کسکی پیش دستی ہے

اوڑایا ہے اوسی نے باتون باتون مین مری دلکو — یہہ چالاکی اوسیکی ہی اوسیکی تیز دستی ہے

جناب شیفتہ کے فیض سے ہی اپنی غزل چمکی — حمید الدین ہم کیا چیز اپنی کوئی ہستی ہے

## جناب سید حیدر بادشاہ صاحب قادری

حیدر

مے وحدت کا نشہ ہے مین ہی وہ جوش مستی ہی — کہ بام آسمان کو بہی ہمارے آگے پستی ہے

الہی ہائے یہہ گور غریبان کیسی بستی ہے — جدہر دیکہو ادہر سنسان ہی حسرت برستی ہے

سر بازار ہم دل بیچتے ہین ایک بوسے پر — خریدی جسکا جی چاہے یہہ کیسی جنس سستی ہے

تمہارا ہو کے عاشق تاب و طاقت کہو کی بیٹھا ہون — مری بربادیون پر میری ہی تقدیر ہنستی ہے

دعا کا ذکر جب مین نے کیا وہ ہنسکے کہتے ہین — وہ کیسی ہے کہان بکتی ہی مہنگی ہی کہ سستی ہے

در میخانہ جلدی کہول ساقی سے کہے کوئی — چہما چہم منہ برستا ہے یہہ قسمت سے برستی ہے

تری صورت مین معنی سورۂ یوسف کا پنہان ہے — تری صورت پرستی کیا ہے گویا حق پرستی ہے

عدم آباد مین کیا لطف کہا ہے مری یارب — پلٹکر پہر نہ آیا جو گیا وہ کیسی بستی ہے

کبہی جب میان سے شمشیر مقتل مین یہہ شک گزرا — بلائین جہک کے یہہ تلوار لیتی ہے کہ کستی ہے

مجہے بیچین کرتا ہے کسی کا عشق رہ رہ کر — کسیکی زلف پیچان دلکو ناگن بنکے ڈستی ہے

موی مین دلمین رکہکر حسرت و یاس و تمنا کو — ہمیشہ قبر پر اپنے اوداسی کیا برستی ہے

صلوۃ و صوم مین زاہد مزا کیا ہے خدا جانے
مین ہون رندانہ مشرب کام میرا مے پرستی ہے

جو تم کہتے ہو گہر سے غیر کے ہم تو نہین آئے
پریشان بال ہین صورت سے کیون وحشت برستی ہے

کبہی مہمان میرے خانۂ دلمین تو رہ جاؤ
کبہی آباد تو کردو کہ یہہ ویران بستی ہے

بتان بیوفا کا چہوڑ پیچہا اے دل نادان
خدا کی کچہہ عبادت کر یہہ کیسی بت پرستی ہے

زمانہ جسپہ مرتا ہے زمانہ جسکا گہائل ہے
پری بنکر وہی تصویر کیا آنکہون مین بستی ہے

کہان سے سیکہ لی ہے تونے طرز گفتگو حیدر
تری شیرین بیانی پر جو بلبل کو ہی مستی ہے

حشمت

## جناب میر حشمت علیصاحب حیدرآبادی میر منشی محکمہ نظامت پٹہ خاص سرکار عالی

عبث نادان ہین خوش ہستی پہ یہہ عدم ہستی ہے
وہی آباد رہتی ہے جو خاموشونکی بستی ہے

ہمیشہ ہے ترقی کیلئے کہٹکا تنزل کا
فراغت جسکو کہتے ہین وہ عین تنگدستی ہے

مسیحا کا ادہر دم بہر رہا ہون سخت جانی مین
ادہر پیرا جل آکر مرے آوازہ کستی ہے

بس مردن ہی باقی ہے وہی حالت خرابی کی
مزار بیکسان پر بیکسی ہر دم برستی ہے

زمین و آسمان کے حادثون سے غم نہین مجکو
وہان رہتا ہون جس جا بلندی ہے نہ پستی ہے

خریداری کرین کیونکر نہ ہم جنس قناعت کی
زیادہ بکتی ہے وہ چیز جو قیمت مین سستی ہے

تمہاری سرخئ دست حنائی واہ کیا کہنا
چمک مین شاخ مرجان سے زیادہ چوب دستی ہے

کٹی سب عمر میری رونے رونے دہر فانی مین
یہہ ہی کس کام کی ہستی کہ جسپر خلق ہستی ہے

تن تنہا پڑے ہین وادئ غربت مین بیچارے
اجل ہی بیکسونکی جان لینے کو ترستی ہے

رہیگی منعم و مفلس کی کیونکر ایک ہی حالت
فراغت ہی فراغت تنگدستی تنگدستی ہے

تو ہے غفار مین عاصی تو خالق ہی مین بندہ ہون
پس مردن شکنجہ مین لحد کیون مجکو کستی ہے

ہر اک شخص اپنی قسمت کے موافق رزق پاتا ہے
یہہ ایسی جنس ہے بہتر نہ مہنگی ہے نہ سستی ہے

| | |
|---|---|
| یہی جلوہ رہیگا حشر تک اللہ والون کا | مزار فیض پر کس حسن سے رحمت برستی ہے |
| پہنچونا زلف کو حشمت کبھی ہی اسکی طینت مین | بلائے جان اسے سمجھو یہ ناگن بنکے ڈستی ہے |

## حسن

## جناب سید حسن صاحب قادری شاگرد جناب ترکی

| | |
|---|---|
| گہٹا چہائی ہوی ہی ہر طرف رحمت برستی ہے | چلو میخانہ کو مستو کہ وقت مے پرستی ہے |
| جمی رہتی ہے صورت روز و شب دلمین حسینونکی | ذرا دیکہو خدا کے گہر مین کیسی بت پرستی ہے |
| کبہی عرش برین پر ہے کبہی روی زمین پر ہے | بلندی ہی مری فکر رسا کو گاہ پستی ہے |
| چراغ و گل کے بدلے اژدہام یاس حرمان ہے | شہید ناز کی تربت پہ کیا حسرت برستی ہے |
| فقط مین ایک ہی شیدا نہین ہون روئے تابان کا | تمہارے دیکہنے کو جان عالم کی ترستی ہے |
| چلو اب اے حسن تم بہی زیارت سے مشرف ہو | مزار فیض پر کیا رحمت باری برستی ہے |

## حزین

## جناب میر احمد علی صاحب منصبدار

| | |
|---|---|
| مدینہ جلد دکہلا دے الہی کیسی بستی ہے | کہ جسپر ہر گہڑی ہر دم تری رحمت برستی ہے |
| مہ و خور دیکہکر خجلت سے اپنا منہ چہپاتی ہین | مقابل تیری عارض کے بہلا کیا انکی ہستی ہے |
| تمہاری ہجر مین رنج و قلق ہی درد و سوزش ہے | انہین دو چار مہمانون سے میری دل مین بستی ہے |
| رہا کر دی بہار آئی ہے ای صیاد گلشن مین | قفس مین رہتے رہتے جان بلبل کی ترستی ہے |
| مرا دل بکر رہا ہے ایک بوسہ پر ادہر آؤ | سنو اے جان قیمت اسکی مہنگی ہے نہ سستی ہے |
| ہمین پامال کرتا ہے عدو کو سر چڑہاتا ہے | وہان ہے اوج قسمت کا یہان قسمت کی پستی ہے |
| دکہا دے یک جہلک اپنے جمال پاک کی ہمکو | ہماری چشم حسرت ایک مدت سے ترستی ہے |
| کہا آنے ہی مرقد پر مرے اوس آفت جان نے | حزین کی کیا یہی تربت ہی جو حسرت برستی ہے |

## خوشدل

## جناب سید رحمت اللہ صاحب تلمیذ جناب ترکی -

ازل سے اوس بت کافر کی صورت دل مین بستی ہے
خدا کے گھر مین یک مدت سے جاری بت پرستی ہے

نہین چھوڑین گے ہم ایک تار بہی دامان صحرا کا
نہ چھیڑ اے فصل گل سر مین ہمارے جوش مستی ہے

عجب برعکس قصہ ہی نہین معلوم کیون خلقت
ترے ہنسنے پہ روتی میرے رونے پہ ہنستی ہے

مین وہ ہون سخت جان کمبخت مرتا ہون نہ جیتا ہون
کہ دیکھو ہائی ہستی ہی عدم ہستی پہ ہنستی ہے

نہین معلوم یہ کس عاشق شیدا کی تربت ہے
کہ حسرت روز آ آ کر جبین مرقد پہ گھستی ہے

نہ پوچھو میرے مسکن کو جہان رہتے ہین رہتے ہین
بتائین کیا پتا جسکا نہ بالا ہے نہ پستی ہے

ہمیشہ فصل گل ہے اور پری رویونکا جمگھٹ ہے
عدم جسجا کو کہتے ہین عجب نایاب بستی ہے

کبہی تو آؤ پہر فاتحہ خوشدل کی مرقد پر
کہ روح عاشق جانباز مدت سے ترستی ہے

خائف

## جناب میر مصطفے علی صاحب شاگرد جناب کاشف

یہ کیسا شہر ہے خاموش در خاموش بستی ہے
لحد پر ان خموشون کے عجب حسرت برستی ہے

مرض جاتا نہین دل سے علاوہ تنگدستی ہے
فراغت ہی نہ حاصل اور نہ حاصل تنگدستی ہے

نہین پاتا ہون مین حور جنان کو قلب مضطر مین
الٰہی آج ویران ہوگئی کیا دلکی بستی ہے

ہوا ہون محو الفت مین کسیکی چشم میگون کا
نرالا نشہ ہے میرا نرالی میری مستی ہے

خزان کو دیکھکر فصل بہاری یاد کرتا ہون
مری رونے پہ کیون ای بلبل نادان ہنستی ہے

گھٹا گھنگھور چھائی ہے چمن پر اے گل رعنا
کہ دیکھو آسمان سے آج کیا رحمت برستی ہے

فرشتے عرش سے اُتری ہین مشعل نور کی لیکر
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

عجب ہے انقلاب دہر اک چیز ان روزون
جو سستی تھی وہ مہنگی ہی جو مہنگی تھی وہ سستی ہے

ہزارون مٹ گئے خائف رہ کوئے محبت مین
قدم رکھیں طریق عشق مین کیا اپنی ہستی ہے

خواجہ

## جناب خواجہ محمد عثمان اللہ صاحب نبسہ میر احمد علی صاحب عصر مرحوم

نہ مرجاتے ہی بنتی ہے نہ کوئی لطف ہستی ہے
مرض سب سے بڑا دنیا مین ہے تو تنگدستی ہے

ہے روشن حال سب پر دو دلون کو زندگانی کا
اداسی صورت شمع لحد منہ پر برستی ہے

طفیل پنجتن یارب نکل جائے کبھی یہہ بہی
تمنائے مدینہ دل مین اک مدت سے بستی ہے

محال آنکھ تو یہہ ہو باور تو وہ خود آنکر دیکھے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

غلام خواجہ چشت اور مقطعہ ہی ترا خواجہ
ٹہنی ہی دل مین وان پوچھون جہان اجمیر بستی ہے

## جناب نواب میر بہاؤ الدین علیخان صاحب عظام الدولہ بہادر عرف فقیر بادشاہ — دارا

ضعیفی مین دلا کیون یہہ خیال بت پرستی ہے
جوانی کا ہے عالم اور نہ سر مین جوش مستی ہے

بہار بیخزان آئی ہی ظالم چھوڑ دے اسکو
کہ بلبل فصل گل مین سیر گلشن کو ترستی ہے

یہہ سب احوال نیک و بد عیان ہو جائیگا اک دن
یہہ دنیا ہی کسوٹی ہے کہرے کہوٹے کو کستی ہے

ادہر سرسبز اور شاداب صحرا بن ہی جاتا ہے
جدہر اس چشم گریان کی مرے بارش برستی ہے

عبادت کر رہا ہے خواہش حوران جنت مین
طبیعت مین تری زاہد ابھی شہوت پرستی ہے

نہین آرام دم بھر کا کسی کو دہر فانی مین
لگائی کیا کوئی دل اسمین یہہ پیمانہ ہستی ہے

الٰہی کسکی فرقت مین یہہ حالت ہو گئی میری
اداسی چہائی ہے دل پر طبیعت مین جو پستی ہے

سنور چشم کر لین گے چلو احباب دیکھہ آئین
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

لکھا مقسوم کا مٹتا نہین گر لاکھہ کوشش ہو
مری تدبیر پر بارو مری تقدیر ہنستی ہے

مذاق عشق مین وہ زہد و تقوی کیا ہوا دارا
یہہ کیسی بادہ نوشی ہے یہہ کیسی بت پرستی ہے

## جناب محمد حسین صاحب ملازم راجہ رائے رایان بہادر امانت وحشت — دکہنی

فنا فی الحق جو ہین اونہی پہ یہہ رحمت برستی ہے
قدمبوسی کو اون کے حور جنت مین ترستی ہے

اگر ہے فرق تو اتنا ہی ہے کافر مسلمان مین
ادہر تو حق پرستی ہے ادہر تو بت پرستی ہے

پکارین جوش مین آکر شفیع المذنبین کہکر
گنہگاران امت پر ابھی رحمت برستی ہے

ہے مجمع ایک خلقت کا چلو اب ہم بھی کہین گے — مزار فیض پر اسعد کی رحمت برستی ہے

جو ہے یہہ چودھوین صدی یہی آثار محشر ہین — گنہ کثرت سے ہوتے ہین جو بارش کم برستی ہے

ہوا ہے قافیہ تنگ اور ٹٹو چل نہین سکتا — کشادہ ہین مضامین پر زمین مین تنگدستی ہے

کوئی پوچھتا ہی کون ہی کیا حال ہے دکھنی — رزیلون کی بنی ہے آج کل شرفائی سستی ہے

## جناب مرزا حیدر صاحب اسکول ماسٹر رسالہ ۳۰ لانسرز ذرہ

الا منظور دنیا مین جو تجھکو اپنی ہستی ہے — نجانا اسطرف ہرگز جہان آفت برستی ہے

ترے کوچہ مین آکر جان سلامت کیسے لیجاؤن — کہ زلف پرشکن ناگن کی صورت دلکو ڈستی ہے

متاع حسن کو بیچو اگر تم جان کے بدلے — گرانی کچھہ نہین ہے عاشقونکو بلکہ سستی ہے

مرا احوال مدہوشی سمجھے معلوم کیا زاہد — مئے الفت کے پینے سے مجھے ہر وقت مستی ہے

وہ بت سینہ مین بیٹھا آہ سے ناقوس بجتا ہے — بنا ہے دل صنم خانہ مقام بت پرستی ہے

امیرونکی بڑہی دولت سے قدر و منزلت ہر جا — غریبون مفلسونکی قدر کھوتی تنگدستی ہے

محل اونچا بناکر غافلو اتنا نہ اتراؤ — لحد مین غور سے دیکھو بلندی یا کہ پستی ہے

مریض درد فرقت کی طرف سے کہہ صبا اون کو — کہ روح تشنہ دیدار پانی کو ترستی ہے

غریبون کے مقابر پر تم آکر پوچھتے کیا ہو — تمہین نے انکو مارا ہے شہیدونکی یہ بستی ہے

مقام اولیا جس جا خدا کی شان ہے دیکھو — مزار فیض پر اسعد کی رحمت برستی ہے

بھلا کیونکر نہ ذرہ تجھہ مین پیدا خاکساری ہو — کہ ہے تو خاک سے اور خاک ہی مین تیری ہستی ہے

## جناب محمد عبدالرحیم صاحب ابن مولوی محمد عبدالکریم صاحب تلمیذ جناب شیفتہ گنتوری رحیم

مین دیکھون ہند سے جاکر مدینہ کیسی بستی ہے — اوسیکے شوق مین روح اپنی قالب مین ترستی ہے

نرالی سنت مانہ سے ہماری مے پرستی ہے — مے عرفان کا نشہ ہے مے وحدت کی مستی ہے

اگر اے شیخ کچھہ تجھکو خیال حق پرستی ہے — فنا کردے اوسکی ذات مین جو تیری ہستی ہے

فلک پر وقت بارش رعد کہتا ہے فرشتون سے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

کہا زاہد سے مین نے خوبرویون کے محلہ مین
سمجھکر راستہ چلئے حسینونکی یہ بستی ہے

روان ہوتا ہے دریا خون کا مقتل مین ہر جانب
تری تلوار مثل ابر اے قاتل برستی ہے

خدا کی یاد بھولی انقلاب تازہ ہے پیدا
کسی جا بت پرستی ہی کسی جا مے پرستی ہے

نہین رکتا ہی رونا ہجر مین ہر لحظہ آنکھون پر
کبھی دامن ہے گہہ آستین ہی گاہ دستی ہے

خدا محفوظ رکہے ہر بلائے آسمانی سے
کہ وہ زلف سیہ ناگن کی صورت اوڑکے ڈستی ہے

اگر میخانہ سے پیکر نہین آیا ہے اے واعظ
تو کیون پاؤن مین لغزش ہی تو کیون آنکھون مین مستی ہی

ادہر ہے فکر دنیا کی ادہر ہے خوف عقبی کا
یہی دو آفتین روز و شب انسان کی ہستی ہے

چمک اس برق وش کے رخ نے دکہائی ہی عالم مین
یہ برقی روشنی پریون کی صورت کو جہلستی ہے

متاع عشق کی عشاق ہی قیمت بڑہاتے مین
یہ سودا ہی اگر گاہک نہون ۔ پر جنس سستی ہے

سلامت رکہہ الہی شاہ کو اور اس ریاست کو
کہ سلطان رحم دل ہین اور مسلمانونکی بستی ہے

نہین ہے رنگ یکسان ای رحیم اس دار دنیا کا
کوئی ہے عیش و عشرت مین کسی کو تنگدستی ہے

## جناب سید محمد محمد الحسینی صاحب شاگرد جناب شیفتہ کنتوری — رفعت

بہار آئی ہے میکش شاد ہین زور و نپہ مستی ہے
ادھر بھی کالی گھٹا میخانے پر رحمت برستی ہے

کہان سے آگئی ہے یہ فضیلت جسم خاکی مین
اسی بستی مین آکر روح ایسی چیز بستی ہے

دو عالم سے تعلق کچھہ نہ باقی ہو سوا اوسکے
اسیکا نام اے دل بادۂ الفت کی مستی ہے

بتونکو پوجتے مین کیا سمجھکر ہم خدا جانے
زمانہ سے جداگانہ ہماری بت پرستی ہے

جو دل ہو صاف وہ جانے بصیرت ہو تو وہ دیکھے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

نہو مغرور اتنا چار دن کیواسطے منعم
ترا دو روزہ جینا ہے تری دو روزہ ہستی ہے

جہان کی بستیان آباد و ویران ہوتی رہتی ہین
کمی ممکن نہین جسمین عدم کی ایسی بستی ہے

جنون مین گہر سے کلو نکلو تو کبہو دراز فغت ۔۔۔ کہین جنگل کہین دریا کہین ویران بستی ہے

رعد

## جناب میر نادر علی صاحب خلف جناب میر شعلہ مرحوم حکیم شعا خانہ تعلقہ بالم

فنا عاشق کو ہے لازم نہ وہ پابند ہستی ہے ۔۔۔ مکان سے لامکان سے دور نزل الفت کی بستی ہے

نہین ہے وصل کچہہ دشوار اوسکا اے دل مضطر ۔۔۔ مگر بند علائق اور مانع قید ہستی ہے

جہانمین قصد رہنے کا عبث ہے غافلو تمکو ۔۔۔ جہان رہتا نہین کوئی یہ ان لوگونکی بستی ہے

وہ لیکر جنس جان عاشق کی یہہ پہ شاد کرتے ہین ۔۔۔ بری ہے یہ نہ اچہی ہے نہ مہنگی ہے نہ سستی ہے

تمہین کیا کام عشق و عاشقی سے حضرت ناصح ۔۔۔ طبیعت ہے نہ ہمت ہے جوانی ہے نہ مستی ہے

ولی ہین زندہ دائم نہین کچہہ خوف و حزن اونکو ۔۔۔ مزار فیض پر اسد کی رحمت برستی ہے

ہے فیض فیض سے فیاض ہی فیاض عالم ہین ۔۔۔ مشرف جنگ سے عز و شرف کی بود و ہستی ہے

کبہی ہم بہی تہے شاعر رعد لیکن اب حالت ہے ۔۔۔ مطب مین ہین طبیعت شعر کہنے کو ترستی ہے

رنگ

## جناب حاجی محمد وزیر خان صاحب حیدر آبادی تلمیذ جناب استاذ ظہیر دہلوی

جہان مسکن ہمارا ہے بلندی ہے نہ پستی ہے ۔۔۔ ہمارا عالم حیرت عجب ہوگا نہ بستی ہے

ہمارے دلکی بستی پر عجب وحشت برستی ہے ۔۔۔ کہ جتنی بہہ کے چڑہ جاتی ہے دونی اوس سے بستی ہے

زمانہ جان دیکر کہان جاتا ہے حیران ہون ۔۔۔ عدم آباد بہی کوئی عجب بستی ہے

متاع وصل کیا شے ہے کہ بازار محبت مین ۔۔۔ کسیکو جان دیکر بہی جو ملجائے تو سستی ہے

خدا کا شکر ہے اب ہاتہہ پہیلائے نہین جاتے ۔۔۔ خدا رکہے بڑی خودداراہی تنگدستی ہے

گدا و اہل دولت دونو اپنے حال مین خوش ہین ۔۔۔ جو اونکو مال مستی ہے تو انکو فاقہ مستی ہے

نہین ہے جسکو پاس آبرو وہ سر جہکا کے گیا ۔۔۔ اصالت جسمین ہوتی ہے وہی تلوار کستی ہے

خرام ناز سے ٹہکر اسکے مرقد کو مری بولے ۔۔۔ وہان فتنے نہ کیون اوٹہین جہان حشر برستی ہے

بتان دشمن ایمان کا قبضہ ہوگیا دلپر ۔۔۔ قیامت آگئی کعبہ مین ہوتی بت پرستی ہے

خدا کا شکر ہے ساقی گھٹا گھنگور ہے اوٹھی
کوئی دم مین سر میخانہ پہ رحمت برستی ہے

تمنا سیکڑون ارمان ہزارون حسرتین لاکھون
مرا معمورہ دل بہی عجب آباد بستی ہے

کبھی تو ہوا دہر بھی اک اشارہ حسن کا صدقہ
نگاہ شوق اپنی ایک مدت سے ترستی ہے

خودی دل سے مٹا کر بیخودی کی لطف لیتے ہین
یہہ عین بندگی زاہد ہماری مے پرستی ہے

نہ چہیڑ و چشم گریان کو خدا کیواسطے دیکہو
برسنے پر جو آتی ہے تو یہہ جمکر برستی ہے

بپا ہو گیا تمہاری شوخیٔ رفتار کے آگے
قیامت کی حقیقت کیا ہی اور کیا اوسکی ہستی ہے

جنون کی ہے یہ سر سامانیان مر کر بہی دیتین
کہ گردن تک مری تیغ گریبان کو ترستی ہے

چلا اسے رنگ سے پڑہا فاتحہ جلدی کی سنتے ہین
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

زاہد | جناب ولایت علیخان صاحب بی دفعدار پشتیر سپر دکن مارس چہاونی بلوارم

اوہر ہے خندہ زن مین ساقی ہر جا بن مستی ہے
اوہر پہی تمنا دیدہ بازی کو ترستی ہے

بہت کم سن ازل ہین بہتر قرآن ہاتہہ مین شیشہ
ہماری بت پرستی بہی عجائب بت پرستی ہے

خدا دل مین ہے بت آنکھون مین پہر کیسی ہی کیا
وہ ظاہر ہے یہہ باطن ہی یہی صورت پرستی ہے

کہین دو گز زمین ملجائیگی زاہد جائے رہنے کو
عدم آباد جسکا نام ہے آباد بستی ہے

سامی | جناب میر اسماعیل صاحب ملازم پایگاہ

یہہ دل دو شانے سے بتلا ہے تنگدستی ہے
کرین کیا گز رنا ہین متاع حسن سستی ہے

خمار عشق مین ہم رو کر گریہ کرتے ہین
صراحی قہقہہ سے حالت مستان پہ ہنستی ہے

کبہو کی جا ہے ابروئے قابل رحم ہیہ کیون ہو
ہے اپنے کام مین سیدہی یہہ کب تلوار کستی ہے

جو اس دام بلا مین ہین وہ باہر جا نہین سکتے
گرہ تسکین عاشقون کی زلف مشکین اونکی کستی ہے

جہان بندہی شب بکتی ہے بازار میخواری
ملی اگر اشرفی کو ایک بوتل بہی تو سستی ہے

نہ آؤ باغ مین پیارے کہین تمکو نظر ہو گی
تمہاری دیکھکر چشم حسین نرگس ترستی ہے

غرور اس حسن دو روزہ پہ اتنا بھی نہین لازم
ستانے کیون ہو عاشق کو جہان دو دنکی ہستی ہے

خدا کو بھولکر رہتے ہین ہم جو کار دنیا مین
شفق روتی ہے خون اور صبح ہردم ہم پہ ہنستی ہے

تری فرقت کے رنج و درد سے اے یار اکتا کر
نکلنے انکو تھا اب سے ہماری جان ترستی ہے

کسی کروٹ کسی پہلو نہ سونے دیتے ہو مجھکو
غضب ہے سامی یہ صاحب تمہاری جوش مستی ہے

## سیف — جناب محمد فخر الدینخان صاحب بلکار دفتر خزانہ صرف خاص

بھڑکا جاتا ہے دل اور آگ آہونکی برستی ہے
بس اے سوز غم فرقت کہ جان تن مین جھلستی ہے

مکافات عمل سے جسم بیجان وقف پستی ہے
گنہ کا بوجھ ہے بھاری زمین مین لاش دھستی ہے

بہار آئی ہے اے ساقی ہوائے مے پرستی ہے
مریض چشم ہون دو ساغرون مین تندرستی ہے

مرا سینہ ہے اے ناصح وفا و مہر کا مسکن
نکالے سے نکلتی ہی کہین جو دل مین بستی ہے

جہان مین تنگدل کیا جانتے ہین لذت نعمت
بخیلون کیلئے یکسان فراغ و تنگدستی ہے

تقاضائے اجل کیون اسقدر ہے جان پر ہردم
سرائے دہر مین کیا چیز ہون کیا میری ہستی ہے

ندامت اور ہوتی ہے شب غم آہ و زاری سے
کہ جب ان ہون برسے تدبیر پر تقدیر ہنستی ہے

ہوئی کثرت سے وہ بارش آب تیغ قاتل کی
مزار کشتگان عشق پر حسرت برستی ہے

خدا پر جنکا تکیہ ہے وہ ہین نقصان سے فارغ
جناب دل کہین چادر توکل کی بکستی ہے

دھوان اٹھتا ہے آہونکا خیال وصل مین ہردم
کہو اک شمع رو کی عاشقونکا دل جھلستی ہے

جمی ہے جب سے تصویر صنم آئینۂ دل مین
نظر محو تماشا ہے عجب حسرت پرستی ہے

زیارت کیجئے کچھ غم نہین ہے گرد عصیان کا
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

حسینون نے تو بازار محبت ہو گیا مندا
مگر جنس وفائے عاشقان اے سیف سستی ہے

## جناب محمد سعید الدین خان صاحب خلف نواب عزیز یار جنگ بہادر -

کہا جب یہ شک لیلیٰ وصل کو نیت ترستی ہے
تو فرمایا تری باتوں سے کچھہ وحشت برستی ہے

عدو کے خانۂ دل مین نہ ڈہونڈو تم نہ ڈہونڈو تم
محبت تو ازل سے عاشقوں کے دل مین بستی ہے

نہ سنتے ہین کسیکی یہ نہ اپنی کچھہ یہہ کہتے ہین
برہمن کسلیئے مرغوب انکو بت پرستی ہے

ہمیشہ آئینہ آگے ہمیشہ محو آرایش
یہہ کیسی خود نمائی ہے یہ کیسی خود پرستی ہے

جسے دیکھا اُسے سکتے مین دیکھا دم بخود دیکھا
تری محفل ہے یا شہر خموشان کی یہ بستی ہے

ادا مستانہ متوالی نگاہین شوخ ہے چتون
جوانی نام ہے اسکا جوانی کی یہ مستی ہے

کسی میکش کا شاید دامن تر نچگیا بادل
مئے گلرنگ جو برسات مین اکثر برستی ہے

وہان کے رہنے والے حور و غلمان ہین نہین کچھہ شک
اوسیکا نام ہے جنت مدینہ کی جو بستی ہے

وصال یار کی تدبیر کرتا ہون تو کانو نہین
صدا آتی ہے تجہیر آجکل تقدیر ہستی ہے

ڈرا سے دل دام کاکل سے نہ لے تو خال کا بوسہ
کہ چڑیا جال مین دانہ کی خاطر جا کے پھنستی ہے

دعا مانگو سعید اب کے چلو تو فیض پاؤگے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

## شوق جناب مولوی سید علی احمد صاحب عرف سید و میانصاحب

دل ویران مین تصویر بتان دن رات بستی ہے
خدا کی شان ہے گھر مین خدا کے بت پرستی ہے

مقامات فنا مین عاشقونکی عین ہستی ہے
سمجھتے ہین جسے ویرانکدہ اپنی وہ بستی ہے

فلک تک بھی پہنچکر جلینگے زیر زمین آخر
کمال ہر بلندی غور سے دیکھا تو پستی ہے

ہوا صحرا کا دامن تنگ میری یاد رازی سے
مجھے دیوانگی مین قیس پر بھی پیش دستی ہے

تمہارے چاہنے والونکی یہہ حالت ہے فرقت مین
کسی کا دل تڑپتا ہے کسیکی جان ترستی ہے

ریا کا زہد بھی کچھہ معصیت سے کم نہین ناصح
شب برات کی بیداری شب میکشی کی مستی ہے

دل و جان و جگر اک اک نگہہ پر اونکی بکتے ہین
اشارہ پر ہے سودا قیمت جنس ہستی ہے

نہ اترا ابر اپنے ساون اور بہادونکی جھڑیون پہ
جھڑی ہنسان کی لیلا چشم درافشان سے برستی ہے

وہ ابرو کو خفا کر تیغ کا دم آزماتے ہین
بتاتے ہین کہ شمشیر اصیل اسطرح کستی ہے

نہ سایہ ابر تر کا ہے نہ چادر سبزہ وگل کی
مزار عاشق بیکس پہ اک حسرت برستی ہے

اجل آئی تو چونکے شوق ہم دنیا کی غفلت سے
ہماری ہستی تعبیر خواب مست ہستی ہے

شیر

## جناب محمد وجیہ الدین صاحب شاگرد جناب نادان دہلوی -

عوض بوسہ کے جو دیتی ہین ظالم تنگدستی ہے
نہ کچھ یہہ مفت کا دل ہے نہ کچھ یہہ جان سستی ہے

دم نظارہ تجھکو دیکھکر کیونکر نہ غش آئے
ٹپکتی ہے تری آنکھوں سے جسکا نام مستی ہے

فقط یہہ تفرقہ ہے جنت و دوزخ مین او واعظ
گنہگاروں کی یہہ ہے بے گناہوں کی وہ بستی ہے

جو یہہ کر جائیگی تو ہو گی شیخی کرکرے قاتل
عبث ان سخت جانون سے تری تلوار کستی ہے

جگایا رات بہر ہو حق نے تہے چودہ طبق روشن
یہہ تلچھٹ پی گیا کس خم کی زاہد جسکی مستی ہے

ہمین جو چشم حق بین سے نظر آیا تو یہہ دیکھا
فقط ملک دکن ہی تو مسلمانونکی بستی ہے

شعاع

## جناب محمد ضیاء الرحمن حسن صاحب

بہت گھبرا کے میری روح بولی کیسی بستی ہے
عدم آباد مین اسقدر کیا حسرت برستی ہے

نگہبازو متاع حسن لیلو نقد دل دے کر
کہ بازار محبت مین یہہ قیمت اسکی سستی ہے

طلب مین حور و جنت کی عبادت کرتے ہو زاہد
اسی منہ پر تمہین پہر دعوے ایزد پرستی ہے

پلادے ساقی امید اب جام شراب وصل
زبان شوق میری قطرے قطرے کو ترستی ہے

نہین پلٹا کوئی جا کر در دلبر کے کوچے سے
الہی کس سے پوچھون کوئے جانان کیسی بستی ہے

بلا کی ایک ناگن یہہ تمہاری زلف پیچان ہے
جو آتا ہے مقابل یہہ اسے اوڑ اوڑ کر کے ڈستی ہے

ہزارون کاروان آنے لگے دلمین بلاؤن کے
تمہاری زلف کے دم سے مری آباد بستی ہے

جسے زاہد سمجھتا ہے خدا وہ بت ہمارا ہے
حقیقت مین ہماری بت پرستی حق پرستی ہے

شوق

## جناب محمد مراد علی صاحب شاگرد جناب اسیر لکھنوی - از بھوپال

خمار بادۂ وحدت مین ذوق حق پرستی ہے
وہ میکش ہون کہ ہشیاری مین مجھکو کیف مستی ہے

جہان سمجھا ہے جسکو نیستی وہ اپنی ہستی ہے
عدم آباد سب کہتے ہین جسکو اپنی بستی ہے

ملائک گر پڑے سوز درون کی تاب کیا لاتے
یہ وہ ہے آہ سوزان برق کا جو منہ جہلستی ہے

وہی زال جہان کا حسن جوبن ہے ضعیفی مین
جوانی اتبک اس بڑہیا کی صورت پر برستی ہے

زمین عشق مین سرسبز کیا نخل تمنا ہو
ہمیشہ آتش غم مزرعہ دل پر برستی ہے

خطر گوشہ نشینونکو نہین آفات عالم کا
کسی کے دام مین کب بلبل تصویر پہنستی ہے

جوانی تک بہار گلشن حسن حسینان ہے
گریبان تک مرے دست جنونکی تیز دستی ہے

سوا ہون آتش ہجر بتان مین جو جل جلکر
پس مردن لحد مین لاش بہی میری جہلستی ہے

یہہ رعب حسن جوبان ہے کہ خواب ناز کو اونکی
جنان سے حور آ آکر چہپر کہٹ اونکا کستی ہے

نگہ مین تیغ قاتل کسے ہے ہر جانباز مقتل مین
یہہ دولہن دیکہکر نوشاہ کو گہونگہٹ مین ہنستی ہے

نہ پڑ آفت مین اے دل عشق مین اوس زلف مشکین کے
یہہ ناگن ہی جو اڑ اڑکے بے پر سکو ڈستی ہے

نگہ کے تار سے صف میان یار مین ہر دم
کمر باریک بینی جستجو کو میری کستی ہے

مصیبت روح کو زندان قالب مین رہنی ہے
یہہ بلبل اس قفس مین آب و دانہ کو ترستی ہے

نہین ہوتی ہے وہجی جسم پر عریان آتے ہین
الٰہی کیا یہہ اقلیم عدم نانگونکی بستی ہے

نیا ہر لحظہ پیہر جسم رخ اک جوڑا بدلتا ہے
بڑہاپے مین جوانی کے اسی چہائی یہہ مستی ہے

## ایضاً

مئے غفلت کی چہائی تجہپہ غافل کیسی مستی ہے
کوئی دم بحر عالم مین حباب آسا یہہ ہستی ہے

گران ہے جنس حسن یار بازار محبت مین
جو نقد دو جہان دیکر یہہ ہاتھ آئے تو سستی ہے

گہٹائین رہتی ہین ابر کرم کے روز و شب چہائے
مرا فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

وہ عاصی ہون گنہ کا بوجہہ اپنا سر پہ ہی بہاری
جہان مین پاؤن رکہتا ہون زمین نیچے کو دہستی ہے

ہنستی ہے مجھکو بوالہوس کے عشق بازی پر — کبھی تیغ گلی بھی معرکہ مین آکے کستی ہے

شگوفہ وہ نیا چھوڑا صبا نے آکے گلشن مین — کہ گل روتی ہین غم مین اور بلبل اونکو ہنستی ہے

بلائین لیکے شاطہ تصدق ہانے کرتی ہے — کبھی چوٹی جو عطر ارگجی مین اونکی بستی ہے

غضب کی گرمی داغ جنون عشق ہے دل مین — یہ آتش آفتاب حشر کا بھی مونہہ جہلستی ہے

وہ دہقان ہون اگا دانہ نہ ناکامی کی بارش سے — سدا آتش مری کشت تمنا پر برستی ہے

رہ الفت ہو کیا طے لب پہ جان آئی ہے تشنہ کامی سے — یہہ وہ منزل ہے جسمین روح پانی کو ترستی ہے

نہین ملتا جواب اک بات کا بھی لاکھہ چلاؤ — یہہ ہے شہر خموشان یا کوئی گونگونکی بستی ہے

تڑپ جاتا ہے دل فصل بہاری مین ارے ظالم — کوئی بلبل جو تیرے دام مین صیاد پھنستی ہے

جنون عشق مین کس چشم میگون کے فدا ہو لا — بھلا واعظ تجھے کیون لے پئے چھائی یہہ مستی ہے

گدا کا جھونپڑا قصر شہی سے شوق بہتر ہے — وہان شوکت برستی ہے یہان رحمت برستی ہے

## شیدا — جناب سید حسین صاحب امیدوار محکمہ عطیات ضلع اطراف بلدہ

ولی کامل ہین اونکی روح تو جنت مین بستی ہے — مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

محبت مین سراسیمہ پریشان حال پھرتے ہین — ہماری دیکھکر حالت خلایق دلمین ہنستی ہے

کسی عاشق کو یوسف کی طرح بکتے نہین دیکھا — گران ہی عشق کی قیمت تو جنس حسن سستی ہے

چلے جاتے ہین آنکھین بند کرکے قافلے ہر دم — فنا کا راستہ سیدھا بلندی ہے نہ پستی ہے

شرافت ہی سے انسان ملتے ہین ہر ایک سے جھک کر — اصالت جسکی جھی ہے وہی تلوار کستی ہے

طریق عشق مین اک ہو کا عالم ہر طرف دیکھا — یہان دم لینے کو منزل ہی ملتی ہی نہ بستی ہے

تماشا گاہ نادر ہے گلی اوس شوخ کی شیدا — کہ اک مخلوق روتی ہی تو اک مخلوق ہنستی ہے

## شوق — جناب عبدالرؤف صاحب جعفری جاگیردار

بہار آئی ہے دیوانہ کو تازہ جوش مستی ہے — ہے بستی سکو صحرا اور صحرا اسکو بستی ہے

عیان مرنے پہ بھی عاشق کے شان حق پرستی ہے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

بشکل قفل سجدہ زندگی کی کیا کہلے حالت
سیانے کہتے ہین دنیا کو دیوانون کی بستی ہے

سوئے دشت و گلستان ساتھہ لیکر پارسائی کو
بہار آئی مری توبہ بھی جانیکو ترستی ہے

مرے دل کی کبھی مہمان سرا ویران نہین ہوتی
ہجوم یاس و حرمان و الم کی اسمین بستی ہے

تمہارے ہات کی چوٹون سے دل کیونکر نہ ہو گھائل
خط دستی ہے خنجر اور انگلی تیر دستی ہے

تلون نے ترے رکھا ہے تجکو شرک و وحدت مین
کبھی ہے بت پرستی اور کبھی یزدان پرستی ہے

دو عملے مین مذبذب کیا مرا رونا و ہنسنا ہے
ہنسی خود کہلکہلا کر میرے اس رونے پہ ہنستی ہے

بقا کو جانکر فانی فنا فی اللہ ہو جانا
حقیقت مین یہ ایسی نیستی ہی عین ہستی ہے

تواضع انکساری ہی علامت ہے شرافت کی
اصالت جسمین ہوتی ہی وہی تلوار کستی ہے

سنبھل کر چل سدا پست و بلند دہر سے نادان
نظر آتی نہین اسکی بلندی ہے کہ پستی ہے

کہان نسبت ہی جنس وصل کی اسکو گرانی سے
متاع موت اسے عاشق سرک حالت مین سستی ہے

کہان معنی شناسی شوق اب حرف آشنائی ہے
کوئی باطن سمجھتا ہی نہین ظاہر پرستی ہے

شاد

## عالیجناب راجہ راجایان سر مہاراجہ کشن پرشاد بہادر یمین السلطنہ
## پیشکار و مدار المہام سرکار عالی تلمیذ حضرت آصف خلد اللہ ملکہ

مے الفت سے خواجہ کی مجھے ایشاد مستی ہے
اسی آئینہ رو کی راتدن صورت پرستی ہے

مزا کچھہ زندگی کا ہے تو ہے سوز محبت سے
تمہاری عشق کا ہر داغ شمع بزم ہستی ہے

غم فرقت مین خواجہ کے ادہر مین روز روتا ہون
ادہر وہ بے نیازی آپکی ہر وقت ہنستی ہے

وہ کیونکر منزل مقصد کو پہونچیگا ذرا سوچو
ادہر مین حوصلے اونچے اودہر ہمت کی پستی ہے

خریداری اگر منظور ہے جنس محبت کی
چلو تم چشت کے بازار مین اُسکا یہ سستی ہے

کبھی رہتا تھا مجمع آرزؤونکا مگر ابتو
یہ حالت دل کی ہی جیسے کوئی ویران بستی ہے

مدینہ ہند کا کہتے ہین ہندی اور چشتی بھی
جسے اجمیر کہتے ہین الٰہی خوب بستی ہے

نزول شان انوار الٰہی کی جگہ ہے یہہ
مزار خواجہ پر اللہ کی رحمت برستی ہے

کہین روکے سے رکتی ہے بھلا خواجہ کی الفت بھی
سما جاتی ہے رگ رگ مین یہ دلمین آکے بستی ہے

کہو ہم کو نہ تم کافر کہ ہم خواجہ کے بندے ہین
اُسی صورت نمائے حق کی یان صورت پرستی ہے

وہ جانے سے نہین رکتی کبھی دربار خواجہ مین
غریبون کے لئے فاقہ کشی بھی فاقہ مستی ہے

مرے پیش نظر ہر وقت خواجہ ہی کی صورت ہے
نہین کچھہ کام مجھکو یان یہہ شغل بت پرستی ہے

نہ کافر ہون نہ مومن ہون مگر بندہ ہون خواجہ کا
قلندر ہون مرے سر مین مئے الفت کی مستی ہے

دوبارہ چہرۂ اقدس کو دیکھون **شاد** خواجہ کے
زیارت کیلئے پہر چشم شوق اپنی ترستی ہے

## صولت — جناب شیخ احمد حسین صاحب منشی دفتر سکنڈ لانسرز

عروج نوجوانی حسن بالا جوش مستی ہے
اور اُسپر ہے غضب ناز و نزاکت بھی برستی ہے

ازل سے دل مین میرے زور عشق بت پرستی ہے
بسی مدت سے گھر مین بتون کی ایک بستی ہے

وہ جانبر ہو نہین سکتا اُتا اُسنے زہر کیا کوئی
تری زلف سیاہ ناگن کی صورت جسکو ڈستی ہے

وہان زخم سے فرقت مین تیرے اے پری پیکر
ہر اک نوک مژہ سے خون کی بارش برستی ہے

ہین اونکی یاد مین لیلے کے پہرون ہچکیان **صولت**
جو روتا ہون تو مجھکو دیکھکر مخلوق ہنستی ہے

## صدیقی — جناب ابو الصدق محمد عبد الرحمن صاحب حیدرآبادی

وہ اعلی ہے علو ہو کر بھی حاصل جسکو پستی ہے
وہی شمشیر عمدہ ہے جو اچھی طرح کستی ہے

یہان سے جو کہ جاتا ہے وہ واپس پھر نہین آتا
خداوندا عدم کی ایسی کیا دلچسپ بستی ہے

سمجھا اے آہ آنا برق بنکر اب ضروری ہے
گھٹا چھائی ہے چشم تر کی اب بارش برستی ہے

غضب ہے زیست کی اپنی نہین کچھہ قدر کرتے ہین
جہان کی بادشاہی ہے اگر اک تندرستی ہے

مرے جیب و گریبان مین نہ رکھا تار تک باقی
مگر دست جنون کہتا ہے پھر بھی تنگدستی ہے

غضب ہے حضرت واعظ تمہین تو کیا سوجھی ہے
بغل مین یار ہے اسوقت شغل مے پرستی ہے

عیان ہو جاتے ہین جوہر جو کچھہ انسان مین ہوتے ہین
یہہ دنیا وہ کسوٹی ہے کہ کھرے کھوٹے کو کستی ہے

جنہین چشم بصیرت ہے وہ خود ہی دیکھہ لیتے ہین
مزار فیض پر اسد کی رحمت برستی ہے

جگہ دل مین کسی کافر کو دی کیون تو نے صدیقی
خدا سے ڈر ارے کعبہ مین کیسی بت پرستی ہے

خدا بہی دلمین رہتا ہے یہہ بت بہی دلمین رہتے ہین
اسی جا خود پرستی ہے اسی جا بت پرستی ہے

صبر

## جناب محمد ہمت علیخان صاحب ابن نواب کامیاب جنگ مرحوم شاگرد جناب نجیب

یہان ہے وصل کی تدبیر وہان تقدیر ہستی ہے
ہماری بھی عجب کچھہ مضحکہ انگیز ہستی ہے

کہنچا رہتا ہے دائم شامیانہ ابر رحمت کا
شہیدون کی مزارون پر سدا رحمت برستی ہے

ہمارا دل بھی شیدا ہے انہین گلہای عارض کا
مدام اوس گلبدن کی سیج جن پھولون سے بستی ہے

جہانتک مجھسے ممکن ہے وہانتک ضبط کرتا ہون
نکل جاتا ہون صحرا مین طبیعت جب اوکستی ہے

وہ کہنا ہاے اونکا وصل کی شب سسکیان بھر کر
خدا کیواسطے چھوڑو مری انگیا مسکتی ہے

رہائی عمر بھر پھر غیر ممکن ہے خدا شاہد
طبیعت جب کسیکی عشق کے پھندے مین پھنستی ہے

طریق عشق سے بہتر نہین ہے رہگذر کوئی
شمیم الفت جانان اسی رستے مین بستی ہے

کسیدن دار پر کھینچے نہ عشق حیلہ جو اسکو
بہت قمری کا گل و بلبل پہ آوازی تو کستی ہے

نہو زندہ مین کیونکر بانگ نوشانوش سر حباب
جوانی کی امنگین ہین وفور جوش مستی ہے

وہ بولے وصل کی شب جب جتاتا ہی ہے بعجز مطلب
تجھے سوجھی بھلا کیا تیری آنکھون تو مستی ہے

رہا کرتی ہے دلکو صبر کے قید تعلق سے
تمہارے دام گیسو مین تمنا جبکہ پھنستی ہے

ضرغام

## جناب ضرغام جعفری

زبان واصف ہے تیری دل میں شوق مے پرستی ہے
زمانہ کے سوا عاشق کو تیری جوش مستی ہے

کرامت اسکو کہتے ہیں یہہ جو حق پرستی ہے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

یہہ کیفیت تمہارے عاشقوں کی ہے زمانہ میں
بہر تقدیر ہر تدبیر پر تقدیر ہستی ہے

بہلا کیونکر بہوگا وہ مری تقدیر کا لکہا
خط تقدیر میرا آپکی تحریر دستی ہے

تمہارے مجھکو عدوں سے کبیدہ ہے جگر اپنا
تپ فرقت سے عاشق کی تمہاری جان لب پہ بستی ہے

کبھی صورت نہ دکہاتی ہے اے لیلا شمایل تو
ترے مجنوں کی جان دیدار کو تیری ترستی ہے

نگہ سے ناز سے انداز سے ابرو سے مژگان سے
کبھی شوخی ٹپکتی ہے کبھی آفت برستی ہے

جگر کو قلب کو جان حزیں کو جسم عریاں کو
تمہاری زلف ناگن بنکے دیکہیں کبتک ڈستی ہے

نجوم و ماہ و مہر و گل حسینان جہاں ملکر
مقابل ہوں مرے معشوق کے کیا انکی ہستی ہے

عوض میں وصل کے وہ جان جان گر جان بہی مانگے
تو سستے چہوٹے نقد جان حزیں خام سستی ہے

## جناب محمد رضا علیخان صاحب ابن کامیاب جنگ مرحوم نبیرہ

بہار آئیگی ہے رندوں میں ہر سو جوش مستی ہے
بتوں کی جھگڑے میں آج لطف مے پرستی ہے

تمہارے ہجر میں دکہلا کے جان آئی ہے آنکہوں میں
نگاہ شوق بنکر دیکہنے تمکو ترستی ہے

بہڑکتے ہیں جگر میں آتش فرقت کے یوں شعلے
کہ جان ناتوان ہر بار سینے میں بہلستی ہے

وہ بوسے سن کے بس بس لکہہ چکی اپنے کرو باتیں
زیادہ مشق کرنے سے قلم کی نوک گہستی ہے

سمائی ہے یہانتک آرزو دیدار کی دل میں
پس مردن ہماری روح بہی ہر دم ترستی ہے

اثر ہے زہر کے جانبر کوئی گر ہو تو کیونکر ہو
تمہاری زلف پیچان دلکو ناگن بنکے ڈستی ہے

دُر دندان کی تیری پڑ رہی ہے جوت باہر سو
بجائے آب نیسان آب موتی کی برستی ہے

خدا جانے یہہ کیوں ہے دشمنی رونا تو ہے اسکا
گل تر خار کہاتے ہیں کبہی بلبل جو ہنستی ہے

بجز اوسکے کسیکی یاد بہولے سے نہیں آتی
مری جان حزیں اے ضبط جب آفت میں پہنستی ہے

ضیا

## جناب محمد میر محی الدینخان صاحب شاگرد جناب نادان

مسیحا و خضر کی زندگی پر موت ہنستی ہے
نہ چکھے ذائقہ جو موت کا یہ کسکی ہستی ہے

نہ جل جائے رقیب روسیہ کیا اوسکی ہستی ہے
کہ میری آہ آتش بار سے آتش برستی ہے

نگاہ یار مین کیسی غضب کی شوخ مستی ہے
جوانی جوش مین آئی ہے گلگون برستی ہے

دعا مانگو فیض پاؤگے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

ظہیر

## جناب محمد ظہیر الدین خانصاحب استاد دہلوی

نگاہ راہزن ہر گام پر آواز سے کستی ہے
مسافر گانٹھ سے ہشیار رہیہ چورونکی بستی ہے

عجب کچھ بے بقا رنگ بہار باغ ہستی ہے
کہ اپنی بے ثباتی پر کلی کہل کہل کے ہنستی ہے

مجازی کیا حقیقی کیا سمجھہ کی اوج و پستی ہے
کہین صورت پرستی ہے کہین معنی پرستی ہے

تری دور نظر مین کچھ عجب بے بند و بستی ہے
پڑے ہین مسجدین ویران خراباتون مین بستی ہے

قضا ہانکے پکارے ہے بجر آواز سے کستی ہے
نہین جائے اقامت منزل موہوم ہستی ہے

کوئی ہشیار ہو کتنا ہی دہوکا کہا ہی جائیگا
عجب غفلت کدہ نقش طلسم باغ ہستی ہے

چلا چل بے دہڑک غافل عدم کا صاف رستہ ہے
نہ کہٹکا ہے نہ دہڑکا ہے بلندی ہے نہ پستی ہے

مٹا سکتا ہے کب کوئی مقدر کے نوشتے کو
تری تدبیر پر او بیخبر تقدیر ہنستی ہے

قدم رکہنا سمجھکر بوالہوس بازار الفت مین
گران ہی صبر کی قیمت متاع درد سستی ہے

گدا ہو شاہ ہو اس میکدہ مین مست ہین دونون
کسیکو نشۂ دولت کسیکو فاقہ مستی ہے

لگادی ہے متاع جان نگاہ ناز کی قیمت
اگر اس مول ہاتھ آئے نہ مہنگی ہے نہ سستی ہے

بہار آئی عروسان چمن پر مفت ہوتے ہین
دم مشاطگی موج صبا کی پیشدستی ہے

نسیم صبح کے جھونکے پیام اور ہین صرصر کے
گریبان چاک ہے گل کا فنا کی چیرہ دستی ہے

خدا محفوظ رکھے اس نگاہ زہر آگین سے
نہین وہ مانگتا پانی یہہ ناگن جسکو ڈستی ہے

نہین جائے مفر انسان کو گرم و سرد عالم سے | کہین آتش برستی ہے کسی جا یخ برستی ہے
تونگر مال و زر کی حرص مین محتاج رہتے ہین | کہ غنچون کو زر گل پر بہی حاصل تنگدستی ہے
مری وحشت ہی کافی ہے مری گہر کی تباہی کو | در و دیوار سے از خود ہی ویرانی برستی ہے
ظہیر رند کو پہر کچہہ للک او چہالی ہی سو دیکہی | کہ وحشت دور خضرت کے چہرے پہ برستی ہے

## ایضاً

شباب و ناز و نخوت و بیطرہ جوش مستی ہے | نشیلی آنکہہ ساقی کی یہہ مستون کی بستی ہے
عبادت بت پرستی اتقا صہبا پرستی ہے | سرور نوجوانی ہے عجب غفلت کی ہستی ہے
کڑک کر قلقل مینا پہ برق آواز کستی ہے | چہاجہم میکدے پہ رحمت باری برستی ہے
مقام دیدنی عبرت سرا ہے باغ ہستی ہے | ادہر سے ابر روتا ہے ادہر سے برق ہنستی ہے
عروس زال دنیا ہے زمانہ بہر کی مکارہ | نہین رہتی کہین کا جس سے یہہ ہر بار ہنستی ہے
تبسم بہی تو خنجر ہے کشیدہ کیون ہوئے ابرو | مگر خونریز ہے عالم پہ کیون شمشیر کستی ہے
ادہر وہ مسکراتے ہین ادہر ہم خون بہاتے ہین | ادہر بجلی چمکتی ہے ادہر بدلی برستی ہے
متاع جان کی کیا پرسش ہے بازار محبت مین | بہت مہنگی ہی مہنگی ہے بہت سستی سستی ہے
یہہ نخوت یہہ تکبر یہہ رعونت کس بہروسے پر | خبر لے اپنی تو اے بے خبر کیا تیری ہستی ہے
بلند آواز ہے کوس رحیل آنکہین نہین کہلتین | عجب غفلت ہے مدہوشی ہی ہر شب سرشاری مستی ہے
نشہ کیونکر نہو مخدوم آخر فیض خدمت سے | جو دیکہو غور سے ثعبان موسی چوب دستی ہے
زبان پر عذر دل مین شہر یہہ مکاری کی باتین ہین | نگاہ شرمگین سے سر بسر شوخی برستی ہے
بہوین تن تنکے رہجاتین ہین بل پڑ جاتے ہین تیوری مین | خدا جانے کدہر کو چل رہی تیغ دو دستی ہے
خدائی کی ہین تصویرین فراہم اس مرقع مین | تماشا گاہ عالم تنگنائے دل کی بستی ہے
نزاع کفر و دین ہرگز نہین معمورۂ دل مین | زمانہ اسمین بستا ہے عجب دلچسپ بستی ہے

نگاہ حق نگر سے دیکھ زاہد مہ جبینون کو
کہ چشم حق نگر مین بت پرستی حق پرستی ہے

گھٹا اوٹھی ہے کعبہ سے بندھا ہے تار باران کا
گنہگارون کے سر پر رحمت باری برستی ہے

زمانہ کی دورنگی کا مرقع ہے غم و شادی
کہ شبنم شب کو روتی ہے نسیم صبح ہنستی ہے

ہر اک سے ہے جدا برتاو تیری زلف سرکش کا
کہین ثعبان موسی ہی کسی جا چوب دستی ہے

حباب آسا ہے عالم زندگی کا بحر ہستی مین
بہار خندۂ گل پر نسیم صبح ہنستی ہے

امید و بیم مخفی ہے ترے ابرو کی جنبش مین
دورویہ وار کرتی دلپہ یہہ تیغ دودستی ہے

اوڑایا دل کو کس نے چور ایسا کون آیا تھا
تری زلف سیاہ کی موبمو چالاک دستی ہے

فقط تار نفس پر آکے ٹھیرا ہے مدار اسکا
غضب ناپایدار و سست بینا کاخ ہستی ہے

تمہارے چشم عاشق کش مین ہے جا اک زمانیکی
خدا آباد رکھے خانہ برباد و تنگی بستی ہے

ظہیر ایسا نہوگا کوئی واثرون بحث دنیا مین
قدم رکھئے جہان جا کر زمین نیچی کو دہستی ہے

## جناب نادر علیشاہ صاحب قادری سجادۂ درگاہ میر مومن چپ صاحب رح

عروج

مدینہ کی عجب صل علی لچسپ بستی ہے
کہ جس بستی کے اوپر رحمت باری برستی ہے

دکھا دے یا الٰہی مصطفے کا روضۂ اقدس
مدینہ دیکھنے کو روح مدت سے ترستی ہے

ہویدا ہے انا من نور سے جلوہ محمد کا
حقیقت مین یہہ سب کونین کی انہی سے ہستی ہے

احد کہتا نہین احمد کو مین پاس شریعت سے
مگر اتنا کہونگا انکی ہستی حق کی ہستی ہے

خدا خود آپکا مداح ہے اے سید عالم
لکھے کوئی ثنا گر آپ کی کیا کسکی ہستی ہے

ہو الاول ہو الاخر ہو الظاہر ہو الباطن
عیان ہی صاف اس سے مصطفے کی جو کہ ہستی ہے

در احمد کی خاک پاک کا کیا مول ہو صاحب
اگر اکسیر کی قیمت سے ملتی ہے تو سستی ہے

بہت ہے شوق دیکھون آپکے دربار کو آکر
کرون کیا عرض یا احمد بڑی اب تنگدستی ہے

عروج ناتوان کی عرض ہے اے یا رسول اللہ
رہے ملک دکن آباد اک چھوٹی سی بستی ہے

کسی ہشیار کی ضرب المثل کیا خوب سچی ہے یہہ
نظر آتی ہے سونے مین جو دلمین بات بستی ہے

گرانی گر طبیعت پر نہو دو ایک ہی بوسہ
ہماری جنس دل بکتی ہے لیجے کیسی سستی ہے

یہان کیا خاک ہو نشو نمائے گوہر مقصد
حباب آسا کوئی دم قلزم دنیا کی ہستی ہے

پروتے رشتہ زنار مین سبحے کے دانونمین
خدا کے ذکر مین بھی ہمکو شغل بت پرستی ہے

روانہ قافلے پر قافلہ ہوتا ہے دنیا سے
عجب ملک عدم کی خوب ہی آباد بستی ہے

عثمان

## جناب نواب میر عثمان خان بہادر صدر محاسب صرف خاص

جہان ہے روضۂ حضرت مدینہ کی وہ بستی ہے
وہان آٹھون پہر اللہ کی رحمت برستی ہے

ترے عاشق کا ایمان نرالا جوش مستی ہے
کہ تیرا ہوش ہے اوسکو تری صورت پرستی ہے

مژہ گریہ ہمارا دیرہا ہے ہجر جانان مین
روان آنکھون سے آنسو ہین گھٹا جیسی برستی ہے

دل پر شور سینے مین نہین ہین حسرتین لاکھون
یہہ ویرانیکا ویرانہ ہے اور بستی کی بستی ہے

ہمارا جامۂ ہستی سلامت رہ نہین سکتا
جنون کی گر محبت مین یہی چالاک دستی ہے

متاع وصل جانان آج نقد جان پہ ٹھہری ہے
میان عثمان اسے لینا بہت ارزان سستی ہے

عزت

## جناب خواجہ کریم الدین خان صاحب بہادر المخاطب عزت یاور جنگ

کہین کیا عشق کے ہاتھون سے چھائی دل پہ مستی ہے
جسے سب ہستی کہتے ہین وہ ہی اپنی ہستی ہے

کیا کرتا ہے منع بادہ خواری واعظا ہے ہے
تری منہہ پر یہی باعث ہے جو لعنت برستی ہے

ہے مظہر ایک ہی دونون مکانکا دیکہہ اے زاہد
کہین تو حق پرستی ہے کہین تو بت پرستی ہے

چلو بیٹھے ہو کیا عزت کہ روز عرس ہے دیکھو
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

پیش

## جناب محمد عبد الحمید صاحب تلمیذ جناب اختر مینائی

عدم آباد کا ڈر ہے نہ مجھکو فکر ہستی ہے
تمنا وصل کی ایجان فقط اک دلمین بستی ہے

اگر باور نہو تمکو خدا کے سامنے کہدون
تمہین سے مجھکو راحت ہے تمہین سے میری ہستی ہے

بچائے ہر طرح اللہ مجھکو عشق کاکل سے
یہ وہ ناگن ہے جو عاشق کو اپنی اوڑکی ڈستی ہے

بہت کچھ فکر کرنے سے ہوی ہے یہ غزل موزون
زمین شعر کی بستی بڑی مشکل سے بستی ہے

خدا کی شان ہے ای عیش منکر بھی یہ کہتے ہین
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

عصمت

## جنابہ بسم اللہ بیگم صاحبہ دختر جناب ترکی تلمذہ جناب ظہیر دہلوی

سیہ مست ازل ہین بادۂ وحدت کی مستی ہے
ہماری مے پرستی مین نہان ایزد پرستی ہے

بڑی ہے چین کیون چتون پہ ابرو کیون کشیدہ ہین
کمر کس بیگنہ کے خون پر تلوار کستی ہے

چھپائین لاکھہ دل کے رنج لب پر آہی جاتے ہین
کدورت ہے نہان دلمین بظاہر عذر مستی ہے

سراسر جلوۂ وحدت نظر آتا ہے کثرت مین
مری شاہد پرستی شاہد ایزد پرستی ہے

برابر رتبۂ شاہ و گدا ہے بعد مرنے کے
جہان مین دیکھنے کی سب بلندی اور پستی ہے

ہزارون سیکڑون دیکھی تری زلفون کے سودائی
جسے ڈستی ہے یہ ناگن نئی صورت سے ڈستی ہے

عجب سودا ہے نقدا نقد یہہ بازار الفت مین
متاع جان گران ہے اور جنس موت سستی ہے

نکالو کیون ہمین معمورۂ دل سے خفا ہوکر
وہین تو ہم بھی رہتے ہین جہان سب خلق بستی ہے

ہزارون سیکڑون ارمان یہان مہمان رہتے ہین
خدا رکھے بڑی آباد میری دل کی بستی ہے

خدا کی یاد ہے آٹھون پہر جو نشہ گہری کا ہو
نہ ذوق مے پرستی ہے نہ شوق بت پرستی ہے

خدا ہے حاضر و ناظر مری عصمت کا ای عصمت
مری شاہد پرستی مے پرستی حق پرستی ہے

عامل

## جناب فقیر محمد صاحب تلمیذ جناب جعفری

وصال یار کی خواہش ہے جان تن مین ترستی ہے
مری بد قسمتی منہ دیکھتی ہے کوڑا کستی ہے

کسیکی ہو سکے کب وصف گوئی اوسکے ایوان کی
وہ ایسا قصر ہے جسمین بلندی بھی پستی ہے

عبادت کچھہ ہے زاہد کی عبادت کچھہ ہے عاشق کی
کسیکو شغل حق ہے اور کسیکو بت پرستی ہے

تمامی اہل مجلس کی زبان پر ہے یہی چرچا
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

پہر وسلا سن ہانہ پر نہ بالکل رکہہ تواہی عامل
کبہی بستی ہے ویرانہ کبہی ویرانہ بستی ہے

عشقی

## جناب غلام مصطفی صاحب

شراب عشق سی ہون مست مجکو جوش مستی ہے
مرا مذہب ہے رندی کام میرا مے پرستی ہے

بتون کی شان مین شان خدا کو دیکہتا ہون مین
حقیقت مین یہ میری بت پرستی حق پرستی ہے

کہا حق نے ہمین لاتقنطو من رحمۃ اللہ
ہمارے حال پر اللہ کی رحمت برستی ہے

بناتا ہی مٹاتا ہے مٹاتا ہے بناتا ہے
یہہ ہستی نیستی ہے نیستی یہہ عین ہستی ہے

طریق عشق مین عاشق کو ذلت عین عزت ہے
جو پستی ہی بلندی ہی بلندی ہی جو پستی ہے

جو دیکر نقد دل جنس محبت مول لیتا ہون
گرانمایہ یہ شئے نزدیک میری خوب سستی ہے

ہزارون قافلے جاکر یہان سے ہین وہان بستے
عدم آباد کہتے ہین جسے آباد بستی ہے

یہ رویا ہون گل رخسار جانان کے تصور مین
کہ تکڑا ابر تر کا بنگیا رومال دستی ہے

ذرا پردے سے نکلو جلوہ دیدار دکہلادو
ہے شوق دید دل مین دیکہنے کو جان ترستی ہے

مین پیتا ہون مے عشق خدا عشق نبی عشقی
شراب عشق سے سرمست ہون مستی پہ مستی ہے

## ولہ

بسی عشق محمد سے ہمارے دل کی بستی ہے
یہ سینہ ہی مدینہ حق کی یان رحمت برستی ہے

شراب عشق احمد سی یہ حاصل مجکو مستی ہے
خبر یہہ ہی نہین کیا ہے عدم کیا چیز ہستی ہے

فنا ہو عشق احمد مین نہ بہولو اپنی ہستی پر
فنا اے غافلو دیکہو تو اس ہستی پہ ہنستی ہے

نبی کی عشق مین مجکو ہی بیہوشی یہ بیہوشی
یہ وہ مے ہی کہ جس سے جو شتر مستی پہ مستی ہے

متاع بخشش عصیان گرانتر جسکی قیمت ہے
وہ بازار شفاعت مین رسول اللہ کے سستی ہے

ہوا چورنگ شیطان نام اللہ اور محمد سے
رسول اللہ کا کلمہ ہے یا تیغ دودستی ہے

الٰہی مجہکو دکہلادے رسول اللہ کا روضہ
طبیعت بہر زیارت کیلئے میری ترستی ہے

نہین رکہتا مین سرمایہ سوا عشق محمد کے
غنی دل ہون دو عالم سے اگرچہ تنگدستی ہے

کبہی کعبہ کبہی سوے مدینہ سر جہکاتا ہون
کہ آسانی سے جیسی دو طرف تلوار کستی ہے

خدا کا ذکر محبوب خدا کا ذکر ہے بیشک
حبیب حق کی جو طاعت ہے عین حق پرستی ہے

رہو ثابت قدم عشقی شریعت پر محمد کی
یہ وہ سیدہی رہ ہے جسمین بلندی ہے نہ پستی ہے

## جناب منشی محمد عابد علی صاحب شاگرد جناب ناظم

عابد

تری ہر ہر ادا سے اک نئی اک شوخی برستی ہے
خمار نوجوانی ہے جوانی کی یہ مستی ہے

تمہین سے دلکی زینت ہے تمہین سے دلکی بستی ہے
نہین رہتے ہو تم دل مین تو اک وحشت برستی ہے

چڑہانے پہول اگر آؤ تو اتنا یاد رکہہ لینا
وہین مدفن ہمارا ہے جہان حسرت برستی ہے

ہزارون سر بکف ہین منتظر مقتل مین آئے قاتل
نہین معلوم تیری تیغ ان پر کب برستی ہے

نہین لیتے کبہی وہ بہولکر احسان منعم کا
تہی دستی مین حاصل مفلسونکو فاقہ مستی ہے

تری مخمور آنکہون نے کیا بیمار لاکہون کو
نرالی انکی شوخی ہے نرالی انکی مستی ہے

یقین آتا نہین اسپر گمان ہو تو نہین وہ پہر
یہ قاضی محتسب ہین مست دونو کیسی مستی ہے

نہین منظور دل لینا تو واپس کیون نہین کرتے
زبردستی ہماری ہے نہ تمکو زیردستی ہے

نہین دیتا کسیکا ساتہ کوئی تنگدستی مین
عزیز احباب دشمن ہین کہ ہمکو تنگدستی ہے

کسیکو اپنا ہمسر تم نہین کہتے ہو عالم مین
یہ کیسی خود نمائی ہے یہ کیسی خود پرستی ہے

محبت ہے حسینون سے حسینون کا تصور ہے
مدار ملت عشاق بس صورت پرستی ہے

مٹائے اپنے ہاتونسے خط تقدیر کو اپنے
کسیکی اتنی قدرت ہے کسیکی اتنی ہستی ہے

وہ دل لیتے ہین ہم سے روٹہکر پہر ہنسکے کہتے ہین
کہ بے دامون نہین ملجاتی ہے یہ جنس سستی ہے

ہوا ہے ان دنون کیا کوئی مجنون سا یہان پیدا
یہ کس پر آجکل خلق خدا آوازے کستی ہے

نہو کیون خانۂ دل ان دنون آباد پہر میرا
ہزارون حسرتونکی اور ارمانونکی بستی ہے

بسین جاکر مدینہ مین غبار اپنی تمنا ہے — کہ بہتر سارے عالم مین مدینہ ہی کی بستی ہے

فایق — جناب غلام محبوب صاحب شاگرد جناب معلی

ضعیفی ہے مگر باقی ابہی تک جوش مستی ہے — بڑہی بہا گرہ صف ندامین میری عمر ہستی ہے

لٹاتے ہو جو تم غیرون کو جوبن مفت عالم مین — ہماری جان مضطر دیکہکر ہردم ترستی ہے

کہامین نے نہین مایل بہیٔ ابرو کیون تو کہتے ہین — کہین تیغ ہلالی بہی کسی جانب کو کستی ہے

نہین آتی اجل بہی جلد کیون روئین قسمت کو — ہماری سخت جانی پر تمہاری تیغ ہنستی ہے

فلک کے ہاتہ بہہ تیز مردہ دل زندہ نہین ہوتا — جوانی کی امنگ ای فایق مضطر ترستی ہے

فقر — جناب

اوسیکے واسطے ہستی وہی شایان ہستی ہے — کہ جسکی ذات سے قایم بلندی و ہستی ہے

غرض ہمکو نہین ہرگز تماشا گاہ کثرت سے — مدام آنکہون مین اپنی بادۂ وحدت کی مستی ہے

گواہی دیرہا ہی آسمان سے ماہ نو ہردم — دو جانب اونکی تیغ ابروئے خمدار کستی ہے

چلو ای فقر بہر فاتحہ اب باادب ہوکر — مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

فہم — جناب شیخ محبوب صاحب شاگرد جناب مولوی محمد سلیمان صاحب مہدی

دکہا ہمکو الٰہی اب مدینہ کیسی بستی ہے — نبی کے دیکہنے کو جان قالب مین ترستی ہے

نظر آتا نہین غیر از خدا ہر آن و ہر لحظہ — فنا فی اللہ مین عالم کی سب نابود ہستی ہے

بیان کرتی ہے قاتل تیری بیداد و جفا ساری — ترے کشتہ کی تربت پر جو اک حسرت برستی ہے

رہا کرتی ہے اوس بت کی ہمیشہ یاد ہر دل مین — الٰہی تیرے کعبہ مین یہہ کیسی بت پرستی ہے

گران کیون آپکے دل پر ہے قول عاشق ناشاد — تمہارے ایک بوسہ پر تو اوسکی جان سستی ہے

نہ آکر جو شب وعدہ کیا خون اوسنے عاشق کا — گلہ اسکا کرونگا کیا بہلا کیا میری ہستی ہے

عدو کی در پہ جا بیٹہون جو ذلت ہے تو ہونے دو — طبیعت اونکی صورت دیکہنے کو اب ترستی ہے

بتانِ سنگدل پر تو ندے جان عزیز اے فہیم — بڑی سو نعمتوں سے ایک اپنی تندرستی ہے

## فاخر — جناب سید علی النوری صاحب

خدا کا ذکر ہے دل مین یہی اللہ پرستی ہے — مقام اپنا ہی یثرب اور مدینہ اپنی بستی ہے
ہمیشہ زندۂ جاوید ہین سب اولیا اللہ — مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے
اوٹھا لے آشیانہ اپنا گل بلبل سے کہتا ہی — نہ کرنا شور و غل اتنا یہہ خاموشونکی بستی ہے
مصلی پڑھ کے سب صلواۃ کہتے ہین جنازے پر — سہانا وقت ہی صندوق پر رحمت برستی ہے
منجم کوکب بخت رسا کو دیکھہ کہتے ہین — گئین بیماریان سب تیری آگے تندرستی ہے

## قاصد — جناب ابو طیب مولوی محمد یحیی صاحب تلمیذ جناب ظہیر دہلوے

خمار چشم ساقی مین وہ کیف مے پرستی ہے — ابہی چلنے نپایا جام پہلے ہی سے مستی ہے
زمین پر میرے اشکونکی جہڑی جتنی برستی ہے — فلک پر لوٹ کر بجلی مرے رونے پہ ہنستی ہے
مقابل آئینہ کے بت بنے بیٹھے ہین حیرت سے — یہ اونکی خود پرستی ہے کہ یا رب بت پرستی ہے
اُٹھا دو روے روشن سے نقاب اور سامنے آؤ — تمہارے جلوہ کو چشم حقیقت بین ترستی ہے
تری چشم قدر انداز کرتی صید ہے جسکو — تری زلف رسا فتراک مین اوس دلکو کستی ہے
مرادل لے تو لو قیمت ندینا اسکی حجت کیا — ملے جو مفت مین وہ جنس مہنگی ہے نہ سستی ہے
نہو نالان دل شوریدہ مدفن مین غریبوں کے — یہان عشاق سوتے ہین یہ خاموشونکی بستی ہے
تری نوک مژہ بہی کم نہین برچہی سے اے ظالم — کبہی پہلو مین چبہتی ہے کبہی سینہ مین دہستی ہے
ق
رہائی غیر ممکن زندگی بہر قید ہستی سے — نکلتی جان ہی مشکل سے جب زندان مین پہنستی ہے
دل بے بال و پر مجھکو اُڑا لایا ہے گلشن مین — قفس کو لیکے اُڑ جائے یہ کس بلبل کی ہستی ہے
بچائے کوئی دلکو کسطرح اوس زلف پیچان سے — جسے ڈسنے کو ہوتی ہی یہ ناگن اُڑ کی ڈستی ہے
جو غنچے کی طرح قانع ہین وہ بیشک تونگر ہین — بہری ہی زر سے مٹھی گو بظاہر تنگدستی ہے

بخیلون کے خزانون مین بجا مال بہرے ہین
زمین مین لاش قارون کی گرانباری سے دبتی ہے

پس مردن بہی قبر کشتۂ تیغ تغافل پر
گہٹا چہائی ہوی ہے یاس کی حسرت برستی ہے

تری جامہ دری سے جنون کام آ گئی آخر
مری دامن کا پرزہ یار کا رومال دستی ہے

عدم آباد کی کوئی خبر لاتا نہین قاصد
وہان کے لوگ کیسے ہین وہانکی کیسی بستی ہے

## جناب خواجہ محمد بدیع الدین صاحب — قیس

جو میرے دلمین ٹہنتی ہے وہ اونکی دلمین بستی ہے
یہی اک بات اچہی ہے اسی سے میری ہستی ہے

دو روزہ ہو جو ہستی ایسی ہستی کوئی ہستی ہے
عدم آباد کہتے ہین جسے وہ اپنی بستی ہے

جگر کی آگ بہڑکی ہے کہین دل تک نہ آ جائے
مجہے ڈر ہے کہ ان دونونکی ملتی جلتی بستی ہے

خیال الحق مرکا ہے ورنہ صاف کہدیتا
بتان دیر کی پوجا بہی عین حق پرستی ہے

ہزارون حسرتونکا جمگہٹا ہے آکے دیکہو تو
ہماری خانۂ دل کی بہی کیا آباد بستی ہے

خدا کیواسطے ای چشم گریان حد بہی ہے کوئی
گہٹا اچہی نہین ہوتی مہینون جو برستی ہے

کبہی فکر معیشت ہے کبہی ہے حشر کا دہڑکا
میری ہستی یہ ہستی ہے بڑی حیرت سے ہنستی ہے

خدا کی شان ہے دلمین یکایک اونکا آ جانا
جو ویرانہ تہا کل تک آج وہ آباد بستی ہے

نیا عالم ہے عالم مین ہماری خاکساری کا
بلندی ہے حقیقت مین مگر دیکہو تو پستی ہے

تمنا عاشقونکی کیا بلا ہے کوئی کیا جانے
نکلتی ایک ہی دل سے نہین جو دلمین بستی ہے

تمہاری ہجر مین یہہ مشغلہ ہے راتدن اپنا
کبہی سیر عدم ہے اور کبہی یان سیر ہستی ہے

زمین و آسمان کا فرق ہے ادنی و اعلی مین
بلندی پہر بلندی ہے جو پستی ہے وہ پستی ہے

عدو بہی ساتہہ سایہ کے طرح ہے اپنی دیکہین گے
نظر اونکی بہلا کیونکر کہری کہوٹی کو کستی ہے

غضب کی بات ہے قاضی و مفتی بہی یہہ کہتے ہین
کہان کی حق پرستی آجکل دنیا پرستی ہے

خیال یار کو کرتے ہین سجدہ جہتین دل سے
خدا کی گہر مین بہی اللہ اکبر بت پرستی ہے

قلق ہے یاس ہے حسرت ہی غم ہی ہجر کی شب مین
یہی دو چار ہمدم ہین انہین سے اپنی بستی ہے

اگر ہو دیدۂ حق بین تو دیکھے کوئی کیا جانے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

پتا کیا پوچھتے ہو قیس سے صحرا نشین وحشی
وہی اوسکا ٹھکانہ ہی جہان ویران بستی ہے

## جناب مولوی میر احمد علیصاحب

قاضی

جہان مین حق شناسی پر بلا آوازے کستی ہے
کوئی ہم سے کیا ہو فیض کا کیا اوسکی ہستی ہے

جمال فیض دیکھو جلوۂ بازار ہستی ہے
کمال فیض سوجھو خود نمائی خود پرستی ہے

نہ پوچھو زاہدون سے تفرقہ پرداز ملت ہین
سنو اپنے صنم سے بت پرستی حق پرستی ہے

ملے دو دم مین ہمکو ایک تا ایک جاتا ہے
بیان نیست و ہست اپنی بستی اپنی ہستی ہے

ہم ایسے دین و دنیا کی طلب سے ہاتھ اوٹھا بس
خدا کے آگے ارباب دعا کو پیش دستی ہے

کمال انکساری کیا ہے اہل دل کا پیشہ ہے
کہ سر نوح بلندی عالم امکان مین پستی ہے

ہم اپنی فکر صد سالہ کے منصوبے جو کرتے ہین
یہہ سن ہمکو ہماری دوش پر کیا موت ہنستی ہے

مطلع
ادا سے ناز سے انداز سے شوخی سے مستی سے
جوانی یار پاتی بے حجابی سے برستی ہے

زر گل ہی پسر اور مے گلگون ہی مستی ہے
برا ہو زہد کا قاضی طبیعت کیا ترستی ہے

فلک تخت روان خورشید خاور تاج شاہانہ
مہ نو خنجر اوس مہ کا شعاع مہر دستی ہے

ثنا رجعد مین جب قلم کو ہم اوٹھاتے ہین
ہر اک موج خیالی ہمکو ناگن بنکے ڈستی ہے

بغل مین یار میخانے مین ساقی ہی ہم بیٹھے ہین
مگر مستی طلب مین ہی مری ہمت مین پستی ہے

تمہاری حسن کا آئینہ حیران ہے نگہبان ہے
الٰہی شیوۂ معشوق کیا عاشق پرستی ہے

خیال سیکتا نہین آج تک اولٹی جمی ہی کچھ
شراب باقی آسمانون سے برستی ہے

چمن مین غدر ہے پہلا ہوا سنبل کے کوڑی مین
رگ گل سے صبا ان بلبلون کے مشکین کستی ہے

بہار آئی کلی چٹکی کھلے پھول اور پہلے سب پہل
رگ گل کے پہندے کو اب بلبل ہی ہنستی ہے

غبار چہرہ گردون ہے خاک آستان تیری
اگر پستی بھی ہی یہہ اوج موج شان پستی ہے

تری ہستی سے منہ اہو گیا بازار خود بینی
چمن مین اسکے آگے ہر کلی بھی ناک گستی ہے

فلک کا شامیانہ ہے مزار خاکساران پر
ہزارون سال گزری بیکسی تنبک برستی ہے

نظر مین دولت دنیا اور دلین محبت ہے
کسیکو حال مستی ہے کسیکو حال مستی ہے

ترے ابرو کے خم چم پر کس و ناکس یہہ کہتے ہین
کبھی چلتی نہین تلوار یہہ سینے کو کستی ہے

شراب تلخ می نوشم کہ مرد افگن بود زورش
یہہ آتش ہے قاضی محتسب کا منہ جہلستی ہے

## جناب سید عبد القادر حسینی صاحب — قادر

یہہ دنیا ایک کسوٹی ہی جو نیک و بد کو کستی ہے
جو دنیا کیلئے مرتے ہین دنیا انپہ ہنستی ہے

تاسف کی جگہ ہے آجکل اہل زمانہ مین
کہین مرقد پرستی ہے کہین ملا پرستی ہے

محمد مصطفی کی امت کیونکر ہوا ارا جہہ سے
مرے وہ جد اعلی ہین مری کچھہ بھی یہہ ہستی ہے

ترے عاشق اٹھینگے صبح محشر کو بھی متوالے
شراب عشق کی یہہ بیخودی ہے اور یہہ مستی ہے

خدا کے سب ہی مقبول بندے ہین عجب کیا ہے
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

جہان اسلام ہی ہے شوکت و عظمت نظر آتی
تمامی ہند مین بس حیدرآباد ایک بستی ہے

ترقی مثل دیگر قوم کے کیونکر کرین گے ہم
ادہر بغض و حسد ہے اور ادہر ہمت مین پستی ہے

مری کیونکر نصیحت سنگدل پر کارگر ہوگی
یہہ سمجھے ہے میخ آہن کی کہین پتھر مین دہنستی ہے

مدینہ کی زیارت جلد قادر کو کرا یارب
کہ اسکی آنکھہ تڑپ کیلئے کیا کیا ترستی ہے

## جناب سید قادر حسین صاحب تحویلدار فراشخانہ مبارک شاگرد جناب ظہیر دہلوی — قادر

جسے کہتے ہین میخانہ وہ ہم رندونکی بستی ہے
در و دیوار سے اللہ کی رحمت برستی ہے

[illegible] ازر دنیکا سلسلہ اشک جاری ہین
جہڑی ہی چشم گریان کی کہ یہہ بدلی برستی ہے

[illegible] تمہین آئے خدا را خواب مین تو
کہ چشم منتظر دیدار کو از حد ترستی ہے

نہیں ڈر ہے مقدر سے نہ شادی مرگ ہو جاؤں
بغل میں ماہ رو ہے اور شغل مے پرستی ہے

مسافر خانہ ہستی نہیں ہے جائے آسایش
جہان بستا ہے جا کر ایک عالم اور بستی ہے

خدا جانے ہمارا حشر کیا ہوگا قیامت مین
کبھی صہبا پرستی ہے کبھی شاہد پرستی ہے

تری زلف سیہ کے زہر کا مارا نہیں بچتا
یہ ناگن تاک کر ڈستی ہے جسکے دلکو ڈستی ہے

میری محفل مین کس کا ڈر نے دلبر ہاتھ ڈالا تھا
یہہ کسکی سینہ زوری ہے یہہ کسکی تیز دستی ہے

مین اون کو جان تک دل تک جگر تک دے چکا اپنا
بس اب تو پیس کرنیکو یہہ عذر تنگدستی ہے

ہمیں اس مفلسی نے کہو دیا لذات دنیا سے
اگر ہے تندرستی فائدہ کیا تنگدستی ہے

کہا کسنے کہ ہے رستہ کڈہب عشق و محبت کا
بہت ہموار منزل ہے بلندی ہے نہ پستی ہے

خوشی کیا مرگ دشمن کی ہمیں مرنا پڑا اپنا
کہ اب شکوہ ہے اونکا تیرہ تر بدحال دستی ہے

کبھی گریان کبھی نالان برنگ برق و باران ہین
ہمیں کیا برق گر ہنستی ہے گریا دل برستی ہے

یہان خون جگر پینا ہمارا مشغلہ ٹھہرا
وہان اونکو عدو کے ساتھہ شغل مے پرستی ہے

ذرا کیونکر نہ آئے آج قادر اوس سے خلوت مین
جوانی کا زمانہ ہے بہار دہر جوش مستی ہے

## ایضاً

خراباتی ازل کے ہین مے الفت کی مستی ہے
جدا ہین ما سوا سے ہے پرستش تیغ پرستی ہے

عیان ہین مہر و کین دونو نگاہ فتنہ پرور سے
یہہ وہ ہے تیغ جو ہر دار دستی اور بستی ہے

ذرا ہوشیار رہنا حضرت دل بزم خوبان مین
نگاہ ناز کا سیدھا کیا ہے ہات چورونکی بستی ہے

کوئی ابرو کا گھایل ہی کوئی چتونکا ہی بسمل
ستمگر چو کیا لڑتی تری تیغ دو دستی ہے

گھٹا کر قیمت دل ہمنے رکہدی ایک بوسہ پر
خریدارو چلو دوڑو بہت یہہ جنس سستی ہے

جنازہ ہے یہ کسکا شامیانہ کے عوض یارب
گھٹا ہے بیکسی کی لاش پر حسرت برستی ہے

خدا جانے کہانکی ضد ہے میرے قلب مضطر سے
کہ جب دیکھو ہنستی ہے یہہ نوک مژہ دل ہی مین بستی ہے

وہ ایسی کونسی خوبی تھی جسپر ہاتھہ کاٹے تھے
تری شہرت زنان مصر آوازہ کستی ہے

شراب ناب کی خاطر گھر اپنا ہم لٹا بیٹھے
ہماری مال ہستی اب ہماری فاقہ مستی ہے

نہ آئے میکدہ مین محتسب کوئی کہدینا
یہان بدمست رہتے ہین یہہ میخوارونکی بستی ہے

سرکشا ہی نہین اٹھو اون پہر آگے سے آئینہ
غرور حسن کی حد بہی یہہ کیسی خودپرستی ہے

خلش سوزش تپش درد و الم اسمین رہتی ہین
ہمارے دلمین ہی آباد کیا چھوٹی سی بستی ہے

نہ پوچھو آجکل کس رنگ مین ہین حضرت قادر
حسینون سے ہے خلوت اور شغل مے پرستی ہے

## قمر — جناب میر احمد علیصاحب تلمیذ جناب شیفتہ صاحب کنتوری

مدینہ کے سفر کو روح مدت سے ترستی ہے
الٰہی کسطرح جاؤن نہایت تنگدستی ہے

خدایا مجکو پونچا دے مدینہ کیسی بستی ہے
جہان پر ہر گھڑی ہر دم تری رحمت برستی ہے

نکیون فیض زیارت سے ہو روشن دیدۂ باطن
مزار فیض پر اسعد کی رحمت برستی ہے

عجب زاہد کا مشرب ہے سمجھ مین ہی نہین آتا
کہ ذکر حق پرستی لب پہ دلمین مے پرستی ہے

مثال شاخ بار آور خمیدہ ہوکے چل کیون کہ
وہی تلوار اچھی ہے جو دونو باگ کستی ہے

بہت ہی گرم ہی بازار حسن احمد مرسل
جو نقد جان پہ ہو جائے سودا تب بہی سستی ہے

تمہاری زلف کی ناگن ذرا پرے نکالے مین
کسیکو بار رکھتی ہے کسیکو اوڑ تے ڈستی ہے

مصیبت کیا کہون روتے ہوے آتے مین سب اسجا
الٰہی خیر ہو یہہ دار فانی کیسی بستی ہے

کٹے گی کسطرح راہ عدم مین مجھکو وحشت ہے
سنا ہے منزلین بہاری مین حسرت ناک بستی ہے

دکن کی حضرت آصف کے دم سے زیب و زینت ہے
خدا قایم رکھے یہہ بہی مسلمانون کی بستی ہے

اٹھیگا کب **قمر** سے بار عشق احمد مرسل
بہلا کیا اصل اوسکی ہے بہلا کیا اوسکی ہستی ہے

## قیصر — جناب میر در علی خان صاحب

بتون سے عشق ہے دن رات شغل بت پرستی ہے
مرے حالات زندی پر فرشتے گر حلق ہنستی ہے

نہ گلشن ہے نہ گلچین ہے نہ ویرانہ نہ بستی ہے
جہان مسکن ہے میرا وان بلندی ہے نہ پستی ہے

ہے جوہر ابروے خمدار جانان مین کرشمہ کا
دو رخ یہہ تیغ بران دیکھئے کیا خوب بستی ہے

مقام چند روزہ کو غلط کہتے ہے آبادی
جسے دیوانہ کہتے ہین وہی آباد بستی ہے

جو ہے ماوای خاموشان وہی شہرستان حقیقت مین
کہ مخلوق الٰہی بس وہان جا جا کی بستی ہے

تماشا گاہ صنعت مین نظر رہتی ہے صانع پر
یہی ہے عبادت اور یہی یزدان پرستی ہے

رقم کرتا ہون نعت احمد مختار رو رو کر
مرے ہر شعر پر ابر مدد کی رحمت برستی ہے

خریداری اگر منظور ہے کر لو یہان سودا
کہ ہر شے اس جگہ ارزان ہے ہر اک جنس سستی ہے

تو آیا کس لئے قیصر یہان اور کر رہا ہے کیا
سراسر ہے تری غفلت طبیعت کی یہ پستی ہے

کیفی

## جناب مولوی حکیم سید اولاد علی صاحب مرحوم جونپوری شاگرد جناب مصحفی

عجب اک ہو کا عالم ہے عجب حسرت برستی ہے
خدا جانے کہ یہہ گور غریبان کیسی بستی ہے

نزدیکون نہین ہی ساکنان ملک ہستی ہے
عدم کی راہ سیدھی ہے بلندی ہے نہ پستی ہے

عجب اب رنگ دیکھا ہے دنیا کی دو رنگی کا
کہین بستی مین صحرا ہے کہین صحرا مین بستی ہے

عجب فوارہ نازان ہے تو اپنی شان رفعت پر
بلندی کا مآل کار جب دیکھا تو پستی ہے

مقرر تو ہوا ہے شیفتہ آہو نگاہون کا
ترے چہرے سے کاہش صاف اک وحشت برستی ہے

کیفی

## جناب سید رضی الدین صاحب حیدر آبادی

تبسم لب پہ خنجر ہات مین آنکھو مین مستی ہے
وہ مست ناز آئینہ مین محو خود پرستی ہے

ملے نیچی نگہ وہ جان ہی لیکر تو سستی ہے
سنا ہے قیمتی ہوتی ہے جو تلوار سستی ہے

محیط عرش و فرش اک حضرت انسانکی ہستی ہے
کوئی ایسی بلندی ہے نہ ایسی کوئی پستی ہے

ہزارون نعمتونکی ایک نعمت نذر ہستی ہے
مگر آگے ترے بیمار کے کیا اوسکی ہستی ہے

٭ یہہ غزل جناب حافظ محمد ارادۃ الحق صاحب نبیرہ مرحوم نے بغرض اندراج گلدستہ روانہ کیا۔

جسے تم چاہو آنے دو جسے چاہو نہ آنے دو
تمہارا گھر ہے مین کیونکر کہون بے بند بستی ہے

مری ناکردنی اعمال ہین نا قابل پرسش
الٰہی مین ہون کتنا آدمی کیا میری ہستی ہے

پریشانونکا مسکن اور غمگینونکا ہے مامن
ترا کوچہ تو کیا اک خانہ بر دوشونکی بستی ہے

ملا کر آنکھ دل لے لیتے ہین وہ کس صفائی سے
نگاہون مین کسی عیار کی چالاک دستی ہے

خبر لیتے نہین تم اپنے بیمار محبت کی
بجائے اشک آنکھون سے مایوسی برستی ہے

متاع دل کی قیمت واجبی جو ہو وہ دو کہکر
کہ اتنے مین یہہ مہنگی اور اتنے مین یہہ سستی ہے

جگہ کیفی اگر تیری ہو چشم مست ساقی مین
تو پھر کچھ ذوق مستی اور لطف مے پرستی ہے

## جناب محمد کرم علیخان صاحب عرب شاگرد جناب قاضی

کرم

نہ ویرانہ ہی مسکن ہی ہمارا اور نہ بستی ہے
ٹھکانا ہی نہین اپنا نرالی اپنی ہستی ہے

فلک والون پہ بھی ہم خاکیون کی پیش دستی ہے
بلندی جسپہ قربان ہو رہی ہے یہہ وہ پستی ہے

ٹھکانا بے ٹھکانون کا سواد ملک ہستی ہے
جہان شب ہو تری زلفون کے عاشق کی وہ بستی ہے

نہ لینگے سر پہ احسان ناخن تدبیر کا ہرگز
توکلت علی اللہ غم نہین گر تنگدستی ہے

سمجھ مین کچھ نہین آتا یہہ کیا اندھیر ہے ساقی
نہ کھلتی ہے نہ مینخانہ پہ یہہ بدلی برستی ہے

جلائینگے دل عشاق کو پھونکینگے دنیا کو
تمہارے آتشین رخسار سے آتش برستی ہے

ہمارا کام ہو جائے تمہارا نام ہو جائے
گلے پر پھیر دو خنجر جو حاصل زبردستی ہے

نگاہ یار سے بڑھکر نہین ہے مالیت دل کی
ہم اونکا دل بڑا کہتے ہین یہہ چیز سستی ہے

بھر آیا موسم بارش مری آنکھین امنڈ آئین
گھٹا گھنگھور چھائی ہے کوئی دم مین برستی ہے

خدا ... سے بچائے اوڑتی ناگن سی یہہ بڑھکر
تمہاری زلف پیچان دور ہی سے دلکو ڈستی ہے

ادہر ہم رو رہے ہین ہنس رہے ہین وہ ادہر بیٹھے
کہین بجلی چمکتی ہے کہین بارش برستی ہے

فرشتے کہتے ہین مردم شماری ہو نہین سکتی
عدم آباد کی بہی کسقدر آباد بستی ہے

نہوتے ہمتو بہتر تہا ہوے تو یون ہوے رسوا
کہ سودائی بنے پہرتے ہین دنیا ہم پہ ہنستی ہے

کہانتک چہپکے بیٹہوگے عدارا سامنے آؤ
تمہارے دیکہنے کو جان مدت سے ترستی ہے

رقیبون کیطرف جاتا ہے ساقی جام لے لیکر
الٰہی آتش سیال کسکا منہ جہلستی ہے

کسیکے سامنے ہاتہہ اپنا پہیلا ہے نہ پہیلیگا
کہ مدت سے ہمین حاصل متاع فاقہ مستی ہے

یہی سن ہے یہی دن ہین مری آنکہون مین کہل کہیلو
مثل مشہور ہے موسم ہی پہ بارش برستی ہے

عجب ہے گو نگو حالت وہان کے رہنے والونکی
کہ ہم شہر خموشان ہی بڑی سنسان بستی ہے

## کیف — جناب مرزا غلام علی بیگ صاحب شاگرد جناب عصر مغفور

دو قالب ایک جان ہو اونکی میری ٹہیری ہستی ہے
جو اون کے دل مین بستی ہے وہ میرے دلمین بستی ہے

اگر وہ شمع دل افروز آجائے تو ہے معراج
کہ جسکی وصل کو میری شب فرقت ترستی ہے

قیامت کی ہے گنجایش عجب میدان ہے اوسکا
عدم کہتے ہین جسکو اک بڑی آباد بستی ہے

جہان گل ہے اوسی جا ہے یہان صیاد کا پہندا
مدد اے ہمصفیر و بلبل ناشاد ہستی ہے

پئین گی خم کے خم اے کیف میخانہ مین چلکر ہم
مے گلرنگ جو پہلے گران تہی اب وہ سستی ہے

## جناب سید شاہ محمد عبد اللطیف صاحب قادری مہاجر مدینہ منورہ

نظر مین سب مری یکسان بلندی اور پستی ہے
شراب عشق چشم مصطفٰے کی مجکو مستی ہے

جناب سرور عالم کی ایسی پاک بستی ہے
کہ ہر لحظہ وہان اللہ کی رحمت برستی ہے

دلون کو زندہ کرتا ہے بیان احمد مرسل
دم وصف محمد رحمت خالق برستی ہے

تری نظارہ کی ہے آرزو سب حور و غلمان کو
ترے دیدار کو فردوس مین نرگس ترستی ہے

حریصان جہان سب ہین مین اہل قناعت کے
مگس سے عنکبوت آرام مین خود تیری بستی ہے

ہماری دیکھکر غفلت ہے بلبل باغ مین نالان ۔۔۔ جگہ رونے کی ہی یارو کلی تک ہمنیہ ہستی ہے

شریعت پر محمد مصطفی کے چاہیئے چلنا ۔۔۔ اسی مین معرفت ہی اور طریق حق پرستی ہے

پرستش سے تری یارب کرینگے ہم نہ سرتابی ۔۔۔ یہہ ہے مشتاق کا وعدہ یہی عہد الستی ہے

ہو الاول ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن ۔۔۔ اوسی سے ہے بقا اپنی وسے اپنی ہستی ہے

نہانے سایہ قد رشتہ دینا کے تجسس مین ۔۔۔ عدم کی سیر کو اپنی کمر اب فکر کستی ہے

فدا الاسے آنحضرت کو بخشی حق نے یکتائی ۔۔۔ فنا وحدانیت مین ہوگئی سائی کی ہستی ہے

ید اللہ ای لطیف اوس شاہ کا ہے قوت بازو ۔۔۔ ید بیضا یہ جسکی نقش پا کو پیشدستی ہے

لطف ۔ جناب سید لطیف الدین صاحب اہلکار محکمۂ معتمدی صرف خاص

نہایت ہیچ نظرون مین مرے تصویر ہستی ہے ۔۔۔ عدم آباد جسکا نام ہے کیا خوب بستی ہے

نہ مانون ایک زاہد کی نہ واعظ کی سنون کچھ بھی ۔۔۔ مرا مشرب ہے رندانہ تو مذہب مے پرستی ہے

نقاب الٹو خدارا روئے زیبا سے ذرا صاحب ۔۔۔ نگاہ شوق میری ایک مدت سے ترستی ہے

سنبہل کر پاؤن رکھنا راستہ مین عشق کے اے دل ۔۔۔ ذرا ہشیار اس رہ مین بلندی اور پستی ہے

نہ آنا دلمین تمکو لوٹ لین گے حسرت و ارمان ۔۔۔ ہمارا دل نہین ہے اجان قزاقون کی بستی ہے

محبت اوس بت کافر کی دل سے دور کر ای لطف ۔۔۔ خدا کے گھر مین ای مرزا خدا کیا بت پرستی ہے

لطف ۔ عالیجناب نواب محمد لطف الدین خان بہادر صاحبزادہ نواب ظفر جنگ مغفور

مقابل خال ولب کے جنس دل کی کوئی ہستی ہے ۔۔۔ نہ اس قیمت مین مہنگی ہی نہ اوس قیمت مین سستی ہے

ہوین کیا ان ملیحونکی نمک افشانیان آخر ۔۔۔ مرے زخم جگر پر کسلئے حسرت برستی ہے

محبت مین ستمگر کی عبث ہے نالہ و زاری ۔۔۔ ہماری چشم گریان پر جراحت تک بھی ہنستی ہے

مرا دل لیکے وہ داغ جگر دیدیکے کہتے ہین ۔۔۔ لئے جاؤ ابھی جنس گران قیمت مین سستی ہے

مین اوس ظالم کا کشتہ ہون جو تم دیکھو کبھی کہدو  
ارے صورت پہ ان کے تو بڑی غربت برستی ہے

ترے مجنون کی ظالم کیا جراحت بہی ہے دیوانے  
کبھی تو خوب روتی ہی کبھی خوب ہنستی ہے

فقط بوسے پہ ٹہیری ہے متاع دین و دل میری  
مگر او سپہری نظرون مین کہان ظالم کی سستی ہے

تری کشتے اگر جیتے ہین تو اسطرح سے جیتے ہین  
ہمیشہ مردنی صورت پہ جب دیکہو برستی ہے

کبھی شمشیر ان یہہ رقیبون پر نہین کہنچتی  
اسی بیکس پہ ہر دم آپکی تلوار کستی ہے

قدم رکہا ہے جب تو نے نہین پیچہے ہٹا ناطف  
محبت کی جو منزل ہی بڑی آباد بستی ہے

مائل

## جناب ڈاکٹر احمد حسین صاحب سول سرجن دوا خانۂ علی آباد

وجود اسد کا ہے ایک جسمین سبکی ہستی ہے  
ظہور حق کروڑون بستیونکی ایک بستی ہے

محمد کا ہون منوا لائے وحدت کی ستی ہے  
جہان بیخود پڑا ہون مین وہان رحمت برستی ہے

دل انسان وہ شے ہی جسکے اندر سب کی ہستی ہے  
خدا ساری خدائی دیکہ لے تو - پہر بہی سستی ہے

مٹایا سب کو یون شکل محمد رہگئی باقی  
وہ مومن ہون مری صورت پرستی حق پرستی ہے

ہوی ہین جمع اک جا اوسکی جتنی جلوہ گاہین ہین  
قیامت کیا ہی - لاکہون بستیونکی ایک بستی ہے

شہر بطان جہلکے کیون ہیشں آدم وہ تو ہی ناری  
نظر کر شمع پر شعلے کا سر کب سو ہی پستی ہے

مقام لاتعین سا قئے کوثر کا میخانہ  
وہان بے جام اُڑتی ہی - وہان بے بادہ مستی ہے

خدا کی گہر نہ را ہد - چہائی رونق حج کی موسم مین  
نبی کی قبر پر جو نسہہ گہڑی رحمت برستی ہے

دوئی جب سے مٹائی - ہاتہہ آئی جنس یکتائی  
یہ شے دو کہوٹے پیسونکو ملی ہی کیا ہی سستی ہے

وہ موسیٰ کو مبارک ہو - یہہ امت کو محمد کی  
ید بیضا یہ دلکی روشنی آوازے کستی ہے

لڑی سکی نظر - گرد نظر سے وہ مکدر ہین  
یہ مٹی آنکہہ مین جہنتی ہی اور دل پر برستی ہے

ازل اک جسکا دروازہ وہی میرا ہے خمخانہ  
ابد اک جسکا در ہے وہ مقام مئی پرستی ہے

جمال خوبنے پردے سے دکھائین جھلکیان کیا کیا
وہ جوش حسن ہے منہ پر نقاب اوسکی بکتی ہے

الٰہی کس سے دون تشبیہ چشمان محمد کو
مئے تبریز کی اُن سرمگین آنکھون مین مستی ہے

دو عالم کیا ہے اک تفسیر لاموجود الا اللہ
ہوئے ہین نیست جسمین سب وہی اللہ کی ہستی ہے

وہین ہوتا ہون مین بیخود جہان کچھہ بہی نہین بیتا
وہین پینے کو جاتا ہون جہان بے بادہ مستی ہے

جو اُٹھجائے تعین بین کہان پہر تو کہان مائل
اگر مٹجائین اسما پہر مسمیٰ ہی کی ہستی ہے

## ایضاً

اوسی کی دہن مین روتا ہون مدینہ جسکی بستی ہے
یہان پانی برستا ہے - وہان رحمت برستی ہے

جسے کہتے ہین سب زیادہ کسکی شان ہستی ہے
کروڑون چلدئے - جیسی تہی پہر ویسی یہ بستی ہے

محمد آخر پیغمبران مین شافع محشر
جو کل پس ماندہ تہے آج اُنکی پیش دستی ہے

خدا جب ہر جگہ ہے ہر مکان ہے جلوہ گہ اوسکی
بلندی لامکان کی فکر واعظ ہی کی پستی ہے

خدا کی راہ مین مٹھی بخیلونکی نہین کہلتی
گرہ مین زر تو ہی غنچے کے - پہر بہی تنگدستی ہے

کیا ہے جب سے دل کو صاف - کیا کیا جلوے دکھلائے
یہہ آئینہ ہزارون بستیونکی ایک بستی ہے

خدا کے فضل سے چہوٹی سی اک جنت ہے، مرقد بہی
شراب اک حور دیتی ہے - پلنگ اک حور کستی ہے

پس منصور سولی سے انا الحق واہ رہی قدرت
وہ چوب دار رہی اک موج بحر جوش مستی ہے

امیر اچہے وہی جہک کر جو ملتے ہین غریبون سے
وہی تیغون مین جوہر دار ہے جو تیغ کستی ہے

توکل جنکا پیشہ ہے سوال اونکا ہے خاموشی
زبان سے کچھہ نہین کہتے یہہ کیسی فاقہ مستی ہے

خدا جانے کہ ہے کیسی بلا کاکل کی وہ ناگن
نہ اوسمین منہ - نہ اوسمین دانت - پہر بہی دلکو ڈستی ہے

خدا کا بندہ اور دعوے انا کا واہ رے منصور
یہہ شوخی تہوڑی شوخی ہے - یہ مستی تہوڑی مستی ہے

دل سوزان کی آہ گرم سے محشر مین ہے محشر
بہی بجلی تو منہ خورشید محشر کا جہلستی ہے

بنی ہے غازۂ روے حسین گرد رنگ میری
نقاب یار سے یہ خاک چھن چھنکر برستی ہے

کرے کیا روح وقت خواب پوری سیر عالم کی
بند ہین پر جو بلبل کے تو اوڑنے کو ترستی ہے

لگی ہے ضرب الا اللہ سے دل مین آگ ای مائل
تمہاری حق پرستی ہی کہ یہہ آتش پرستی ہے

## جناب میر سرفراز علی صاحب منصبدار شاگرد جناب ظہیر دہلوی

مشتاق

شرابی اک زمانہ سے ہماری وضع ہستی ہے
کبھی یزداں پرستی ہے کبھی شاہد پرستی ہے

نہ ٹکراؤ نہ ٹکراؤ ہمین غیرون سے مل ملکر
تمہین دیکھو ندامت کیسے چہرے پر برستی ہے

حکومت لاکہہ ہو دولت کروڑونکی ہو کیا حاصل
مہیا ہو اگر سامان عشرت لطف ہستی ہے

دو عالم میری نظرون مین ہی مثل آئینہ خانہ
نہ ویرانہ ہے پوشیدہ نہ مخفی کوئی بستی ہے

تمہاری پارسائی دیکھہ لی جاؤ بہی رہنے دو
عدو کے پاس کسکا ریشمی رومال دستی ہے

زیارت کے ہین قابل کشتگان ناز کے مدفن
کہین ارمان روتے ہین کہین حسرت برستی ہے

مرے نزدیک دنیا مین نہین اس سے کوئی بدتر
کہ جو بدبخت پابند بلائے تنگدستی ہے

ادہر دیکھا ادہر دلکو اڑایا آنکہون آنکہون مین
کسیکی چور نظرون مین غضب کی تیز دستی ہے

ازل سے بیخود و سرشار ہین دیوانۂ الفت
قیامت تک اتریگی مے وحدت کی مستی ہے

شرر انگیز ہے نالہ قیامت خیز ہے شیون
ہماری آہ سوزان برق کا ہی منہ جہلستی ہے

گہٹا ہے جہوم کر آئی کہلین بوتل چلین ساغر
کہ تمپر میکشو اللہ کی رحمت برستی ہے

جہان سے بیخبر ہین بادہ وحدت کے متوالے
عبادت انکی مستی شغل انکا مے پرستی ہے

گریبان اور دامن دہجیان ہین تیری وحشی کے
ترقی پر ہے سودا اور جنون کی تیز دستی ہے

تری دزدیدہ نظرون سے بچائے کوئی دل کیونکر
حیا کے ساتھہ شوخی ہے ادا کے ساتھہ مستی ہے

وہ ہنسکر بولے در پر دیکھکر عشاق کا مجمع
مرا گہر کیا ہوا کمبخت دیوانون کی بستی ہے

نہ پوچھو حال کچھہ سوز و گداز درد و غم مجھہ سے
دم اظہار راز دل زبان منہ مین بہلستی ہے

چلے آتے ہو سکی بزم سے مشتاق لو لو نو
بہت مسرور ہو اور شکل سے فرحت برستی ہے

**ممنون** — جناب سید محمد قطب الدین صاحب منصبدار و قاضی تعلقہ کہڑکی شاگرد جناب ظہیر

نگاہ شوخ جانان کس بلا کی تیغ دستی ہے
برستی ہے جدہر وہ اک نئی ڈہب سے برستی ہے

ہمارا خانۂ دل غیر کا مسکن بنے کیونکر
پری رویون کا منظر ہے حسینونکی یہہ بستی ہے

کوئی کہتا ہی سودائی کوئی کہتا ہے دیوانہ
ہماری بہی عجب ہستی ہی دنیا ہم پہ ہنستی ہے

ہماری جان لیتا ہے حیا سے دیکہنا تیرا
ادا کیا ہے تری ظالم اجل کی تیغ دستی ہے

وہان غصہ مین وہ برہم یہان ہم خوف سے گریان
ادہر بجلی کڑکتی ہے ادہر بدلی برستی ہے

ادہر ہم اور ادہر اغیار دونون پر ہے زد اوسکی
دو طرفہ اوسکی تیغ ناز پڑتی اور کستی ہے

تمنا ہے نہ دولت کی نہ خواہش ہے معیشت کی
میان ممنون ہین اور درد و ساغر فاقہ مستی ہے

**مسرور** — جناب بہیکراج صاحب شاگرد جناب سخی مرحوم

ذرا سی دیر مین مرتا ہی کیا انسانکی ہستی ہے
نظر ان غافلون پر کرتی ہے جب موت ہنستی ہے

مدینہ مین بلا لو مجکو بس اب شاہ دین جلدی
بجائے حق پرستی ہند مین اب بت پرستی ہے

جو مقبول خدا ہوتا ہے دیتی ہے اوسے رحمت
جو مغضوب خدا ہوتا ہی اوسکو گور کستی ہے

نہین ہے اعتبار اسکا نہین ہے اعتبار اسکا
حباب آسا جہان کے بحر مین انسانکی ہستی ہے

جسے کہتے ہین کوئے یار وہ رندونکا مسکن ہے
جسے کہتے ہین سب مقتل شہیدونکی وہ بستی ہے

نہ اتراؤ جوانی پر یہہ دولت چند روزہ ہے
جسے ہوتا ہے اوج اوسکے لئے اک دن زبستی ہے

جہڑی بارش کی جیسے موسم بارش مین پڑتی ہے
یونہین فرقت مین تیری چشم تر میری برستی ہے

چلے آتے ہین دل مین سیکڑون ارمان عاشق کے
جگہ تل بہر نہین باقی عجب آباد بستی ہے

یہان نقد دل عشاق کی ہوتی ہی لوٹ اکثر
حسینونکا ہی کب کوچہ یہی چورونکی بستی ہے

ہمین ملتی نہین ہے نوکری ہیہات ان روزون
میسر غیر کو افسوس اونکی پیشدستی ہے

سر بازار کتنے ہین حسینون سے یہی عاشق
ہمارے جنس دل کو جلد لیلو چیز سستی ہے

بہار آئی ہے اے صیاد اب تو چھوڑ دے اسکو
ارے ظالم چمن کی دید کو بلبل ترستی ہے

گلی کوچہ مہک جاتا ہے تو جس سمت جاتا ہے
تری پوشاک کیا ایجان ایجان پہونمین بستی ہے

سدا ابر کرم چھایا ہوا سر ور رہتا ہے
نبی کی قبر پر اللہ کی رحمت برستی ہے

منان | جناب مرزا محمد عبد المنان صاحب ابن مرزا محمد عبد الرحمن صاحب خوشنویس مطبع کا

الٰہی آنکھ سے دیکھون مدینہ کیسی بستی ہے
بجائے ابر باران اوسجگہ رحمت برستی ہے

دکھا دے یا الٰہی روضہ حضرت کے گنبد کو
کہ جس کے دیکھنے کو چشم تر میری ترستی ہے

گناہونکا مری سر پر کچھہ ایسا بوجھہ بھاری ہے
قدم اوٹھتے نہین قوت مین میرے ایسی پستی ہے

چلو آؤ ذرا اوٹھکر چڑھائین پھول مرقد پر
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

رہے فیض مزار فیض دایم فضل یزدان سے
کہ اون کے فیض سے منان یہہ آباد بستی ہے

مشفق | جناب حافظ محمد عبد الاحد صاحب شاگرد جناب عشرت لکھنوی - ازگیا

طبیعت وصل کو اے یار مدت سے ترستی ہے
لپٹ جاؤ گلے سے اب تو زور جوش مستی ہے

ترے عاشق کے لاشہ پر عجب حسرت برستی ہے
اجل سن کیسی بیمروتی ہی امید ہستی ہے

لگا رہتا ہے میلہ رات دن ارمان و حسرت کا
مرا اوجڑا ہوا دل بھی عجب آباد بستی ہے

اوٹھا رخ سے نقاب اپنے دکھا اب صورت رعنا
کہ مدت سے طبیعت دید کو تیری ترستی ہے

مرقع کھنچ گیا لیکن وہی عالم ہے شوخی کا
تری تصویر بھی شیشے مین چپکے چپکے ہنستی ہے

مری بربادیون کو وہ غلط سمجھین تو اے قاصد
یہہ کہنا دیکھلو موجود اونکا خط دستی ہے

تمنائے دلی یارب کسی صورت نکلجائے
مجھے نشہ جوانی کا ہے اونکو جوش مستی ہے

مرا وجڑا ہوا دل دیکھکر حسرت سے وہ بولے
حسین جسمین نہین رہتے یہہ وہ ویرا نبستی ہے

مین صدقہ اس اداکے پہراوسی انداز سی کہنا
ہمارا کیا بگاڑیگا بہلا کیا تیری ہستی ہے

عدو آتا ہے میری قتل کو اون کے اشارہ سے
مین اونجہون کسطرح قاتل کی اوسپر پرستی ہے

تعجب ہے تہنکو سجدہ کرتے ہو تم ای مشفق
کہان وہ زہد و تقویٰ تہا کہان یہہ بت پرستی ہے

معروف

## جناب حاجی سید معروف حسینی صاحب قادری مشایخ قصبہ ٹیکمال ضلع میدک

[illegible]

بہار گلشن وحدت سے شامل رنگ ہستی ہے
حصول شاہد معنی مری صورت پرستی ہے

نہین پروا دل و جان کی خریداران الفت کو
یہہ وہ جنس محبت ہی گران بہی ہے تو سستی ہے

لگی ہے رو بہان سے غافلون کی رفتنی در پے
عدم آباد بہی یارب عجب آباد بستی ہے

شہید ناز سو سو بار مر کر زندہ ہوتی ہین
وہ شمشیر نگاہ یار جب دلبر پرستی ہے

برابر دوست اور دشمن کے دل پر وار چلتی ہین
خم ابروے جانان بہی عجب تیغ دودستی ہے

بہہ تیرے کشتگان چشم میگون کی ہی کیفیت
شراب بیخودی ہی اور ہم ہین جوش مستی ہے

مذاق بیخودی سے زاہدو تمکو تعلق کیا
مقام ہو ہے وہ اور ہو مین فانی جملہ ہستی ہے

بڑی جسپر نظر ست بندہ و صوفی ہو گئے بیخود
تری آنکہون مین ایظالم بلا انگیز مستی ہے

گرا دینا اضافات شہودی کو نگاہون سے
یہی ہے حق شناسی و یہی عرفان پرستی ہے

نہ دیکہو خاکساران جہان کو کم نگاہی سے
ہے پستی مین بلندی و بلندی مین ہی پستی ہے

ہمارا اب یہہ معروف مشرب ہے فقیرانہ
نہ غم دولت کا رکہتے ہین نہ فکر تنگدستی ہے

معین

## جناب محمد خواجہ معین الدین صاحب تلمیذ جناب نادان

قیامت آنیوالی ہی فنا ہونیکو ہستی ہے
نہ پہلی سی جوانی ہے نہ وہ پہلی سی مستی ہے

مسیحا و خضر کو کیا مزا بے لطف ہستی ہے
اس عمر جاودان کیواسطے دنیا ترستی ہے

اشارہ کرتے ہین مژگان سے جب وہ وقت نظارہ
کبھی خنجر نکلتا ہے کبھی تلوار بستی ہے

غبار بادہ نوشان نکلے بادل چہا گیا شاید
یہہ وہ برسات ہی جسمین مئے گلگون برستی ہے

بہار چند روزہ پر نہ اتنا چہچہا بلبل
کلی جو باغ مین کہلتی ہے تجہہ پر ہی تو ہنستی ہے

ہزارون آب خنجر سے ہوے سیراب اے قاتل
وہ پیاسا مین کہ قطرہ قطرہ کو نیت ترستی ہے

چورا کر لیگئے تہے دل وسے ہی کہو دیا تمنے
مثل سچ ہی کہ چوری کی ہی بکتی چیز سستی ہے

تڑپتے ہین سسکتے ہین ہزارون نیمجان کیسے
یہہ کس قاتل کا مقتل ہے یہہ کس ظالم کی بستی ہے

جو پیدا ہوتے ہین یارب وہی ناپید ہوتے ہین
بُری اس عالم فانی مین کیا اک چیز ہستی ہے

چُرا کر لیگئی ہے دلکو دُزد دیدہ نظر اوسکی
اسے کہتے ہین چالاکی یہی چالاک دستی ہے

ہماری آہ کی بادل دہوان کیا بنکے چہائے ہین
چلو اب بزم دشمن سے یہان آتش برستی ہے

چلا جاتا ہی آگے پیچہے ہر انسان دنیا سے
عدم آباد مین کیا ہی انہی کے دم کی بستی ہے

جو کلمہ گو ہین اس درگاہ سی سب فیض پاتی ہین
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

تجہے جب دیکہہ لیتا ہون تو میری ہوش اوڑتی ہین
ارے ناصح تری صورت سے تو وحشت برستی ہے

ظہور ہو سکا نہین کسمین جو دیکہی چشم حق بین سے
ہماری بت پرستی بہی عین حق پرستی ہے

شب فرقت مین کیون شمع سحر گل ہی یہہ کیا باعث
نہ ہنستی ہی نہ روتی ہی نہ روتی ہے نہ ہنستی ہے

دم نظارہ دل زلف سیہ سے بچ نہین سکتا
بلا کی ہی یہہ ناگن سامنے آتی ہی ڈستی ہے

محبت دختر رز کی نہین اچہی ذرا سنبہلو
تعین اوٹہو در مینا نہ یہہ کیسی ہستی ہے

جناب محمد وزیر الدین صاحب جاگیردار

وجود خلق فانی بادۂ قدرت کی مستی ہے
نہ مرنا ہی نہ جینا ہی نہ عقبیٰ ہے نہ ہستی ہے

کدہر جھلکتی ہی یہہ سفاک اور کسبہ پرستی ہے
تری تیغ ادا تن تنکلے آوازے جو کستی ہے

نظر کیونکر نہ ہو قاتل کے قتل عام پر مائل
شراب حسن سے چھائی ہوئی آنکھونمین مستی ہے

تری ابرو سے کچھہ نسبت تو ہے تیغ دو پیکر کو
مگر یہہ فرق ہی یہہ کھنچتی ہی آسمین اور وہ کستی ہے

در و دیوار کے اندر سمجھتا ہے نوائے زاہد
خدا کو پوجنا کعبہ مین جا کر بت پرستی ہے

جب اپنی زندگی مین موت کو مین بھول جاتا ہون
قضا یہہ کھکے ہنستی ہی بھلا کیا تیری ہستی ہے

محبت کا کل پیچانکی آفت ہے عجب دل کو
نکلتی ہی تو بنکر آہ ناگن ہو کے ڈستی ہے

دوبالا لطف ملتا ہی شہیدان محبت کو
کمر کستا ہے جب وہ تیغ بہی تن تنکے کستی ہے

ہزارون حسرتونکا اس دل مضطر سے جمگہٹ ہے
جہان ویرانہ تہا پہلے وہان اسوقت بستی ہے

قیام زندگی کو موت کے ہمسر سمجھتا ہون
مجھے مرنیکا کھٹکہ بادۂ غفلت کی مستی ہے

گناہون سے خجل امیدوار رحمت باری
سرائے گور کیا ہی اک گنہگارون کی بستی ہے

گدا و شاہ اجل کو جان دیکر مول لیتے ہین
برابر نرخ ہے یہ جنس مہنگی ہی نہ سستی ہے

نظر شوخی سے اٹھتی ہے حیا سے آنکھہ نیچی ہے
بتاتی ہین نگاہین اوج کے پہلو مین پستی ہے

زمین کیسی ہی مشکل ہو نکل آتی ہین کچھہ مضمون
نکرنا فکر مہر نکتہ دان ہمت کی سستی ہے

## ایضاً

سبب کیا ہے جو کوسون دور میخوارونسے مستی ہے
الہی خیر ہو میخانہ مین وحشت برستی ہے

لب رنگین سے لاکہون بے گنہ مقتول ہوتے ہین
تری تیغ تبسم خون بہانیکو برستی ہے

روش یہہ بادہ خوارون کی دلیل مغفرت سمجھو
شراب اوسوقت یاد آتی ہی جب بدلی برستی ہے

وہ جلسے موسم باران کے جسدم یاد آتے ہین
فراق یار مین آنکھہ ابر بن بن کر برستی ہے

مری عشرت سے ضد ہی اسی چرخ کینہ پرور کو
وہ جب گھر اپنے جاتی ہین گھٹا آ کر برستی ہے

شجر مستی مین آکر جہومتی رہتے ہین صحرا مین
یہہ بدلی جب سی مئے کش کی برسی ہین مستی ہے

کہین ایسا نہو وہ بیٹہی بیٹہی گہر چلے جائین
گہٹا دشمن مری عشرت کی رک رک کر برستی ہے

گریبان کہولکر شوق شہادت مین کہڑی ہین سب
برہنہ تیغ ہی اب دیکہنا کسپر برستی ہے

کسی نے کہدیا ہوگا کہ وہ آج آنیوالے ہین
گہٹا گہر گہر کے چہا چہا کے بی موسم برستی ہے

وہان چہایا ہوا ہی ابر یہان ہے جوش اشکون کا
کہین آنکہین برستی ہین کہین بدلی برستی ہے

نہا کر اونکا جوڑا کہولدینا یاد آتا ہے
گہٹا جاتا ہے دم کالی گہٹا جسدم برستی ہے

نہ شیشہ ہی نہ ساغر ہی نہ ساقی ہے نہ دلبر ہے
یہ بدلے کب کے گردون یہہ بدلی کیون برستی ہے

تبسم لب پہ ہے رخ سی پسینا ہی ٹپکتا ہے
تماشا ہے کہ بجلی گرتی ہے بدلی برستی ہے

نہ آئین وہ مین اسکے بہانے صبر ہی کرلون
نہ کہلتی ہے گہٹا ظالم نہ کہل کہل کہلکر برستی ہے

کہون کیا مہر درد روز تنہائی شب فرقت
فلک پر ابر جب آتا ہے اک آفت برستی ہے

## جناب محمد مظفر الدین صاحب معلی

نظر دیدار کو جس یار کے ہر دم ترستی ہے
اُسی معشوق ہرجائی کی صورت دلمین بستی ہے

جدہر دیکہون ادہر آنکہون مین صورت انکی بستی ہے
خریدو ای خریدارو متاع حسن سستی ہے

جو ہر دم بیکسی گور غریبان پر برستی ہے
ید قدرت کے آگے التجائی تنگدستی ہے

جب اوس کے فضل کے بازار مین ہر چیز سستی ہے
نہ فکر مفلسی ہے کچہہ نہ خوف تنگدستی ہے

ڈراتے ہو جو اس سے بنکے اژدر دلکو ڈستی ہے
عصائی موسوی ہے یا تمہاری چوب دستی ہے

فقط اک جنبش ابرو سے ہے لاکہون قتل ہوتے ہین
یہہ ترک چشم کی ہاتہون مین شمشیر دو دستی ہے

جو اسکی سیر کو جاتی ہین پہر ایسی نہین آتی
عدم آباد ہی کیا پر فضا دلچسپ بستی ہے

نمود صبح پیری ہے اٹہو خواب غفلت سے
اجل سر پر ہمارے ہر گہڑی آوازہ کستی ہے

علوے رتبہ عالی ہمتون کا خاکساری ہے
وہی پلہ گران ہوتا ہے جو مائل بہ پستی ہے

ادائے شکر قاتل کا وہان زخم کرتے ہین
نگاہ تیز کی شمشیر جب دل پر برستی ہے

اسیر شادی و غم دیکھکر دنیا کے کامو نمین
ہمارے حال پر روتی ہے قسمت موت ہنستی ہے

نہین بے سود پیش حق ہماری گریہ و زاری
گہر بنتے ہین نیسا نکی جھڑی جبدم برستی ہے

ہمارا دل ہو یارب نور سے روز وصل سے روشن
شب تاریک فرقت بنکے ناگن ہمکو ڈستی ہے

## ۲ ایضاً

یہہ مثل شعلہ جوالہ موہوم اپنی ہستی ہے
وجود دائرہ مین کچھہ بلندی ہی نہ پستی ہے

نہین ہم دیکھتے اسکو یہہ جسکی عین ہستی ہے
سمائی اپنے آنکھونین عجب غفلت کی مستی ہے

ہے کوئی خود پرست اور کوئی محبوبت پرستی ہے
عجب کیفیت جوش شراب جام ہستی ہے

جہان لاکھون طرح کی رحمت و آفت برستی ہے
تمہاری عاشقونکی اس جگہ آباد بستی ہے

جو ہر دم آمد و رفت نفس کی تیز دستی ہے
کسوٹی پر زر قلب اے معلی اپنا کستی ہے

غریبون پر الٰہی ابر رحمت جلد کر نازل
تپ فرقت کی سوزش سے ہماری جان جھلستی ہے

ہوا معلوم ہمکو یہہ پہونچی جب شہر خموشان مین
وطن ہی عاشقونکا یہہ یہی رندونکی بستی ہے

وہان کی خاک سے کیونکر نہ نکلے نور کے اُٹھین
مزار فیض پر اسد کی رحمت برستی ہے

اُس ابرو کے اشارے سب جلالی اور جمالی ہین
یہہ تیغ اصفہانی ہر دو جانب خوب کستی ہے

یک ابرو کی اشارے سے ہزارون قتل ہوتے ہین
عجب شمشیر ہی یکدم مین لاکھون پر برستی ہے

وہان لیجا کے وہ آب دم شمشیر دیتے ہین
جہان جان عاشقونکی پانی پانی کو ترستی ہے

پھنسے ہین مثل دیوانون کے دام زلف مین آکر
خمار بادہ کیف ازل کی جوش ہستی ہے

رولاتا ہے جو یہہ چرخ ستمگر خستہ جانون کو
ہماری آہ مثل برق خاطف ہنستی ہے

بیان فاتبعونی سے یہہ محبت مسلم ہے — کہ طاعت احمد مرسل کی عین حق پرستی ہے
بہروسہ منعمو ہے کیون فور زمال پر تم کو — نکل جائیگی دو دن مین جو یہہ آنکھونمین مستی ہے
وہان ہم دل جلونکا ای معلی خاص مسکن ہے — بجائے ابر باران جس جگہ آتش برستی ہے

## ولہ نعتیہ

مدینہ ہے عجب ذی مرتبہ بےمثل بستی ہے — وہان ہردم خدائے پاک کی رحمت برستی ہے
سمائے دو سرا کیونکر ہماری چشم حق بین مین — مے خم خانۂ توحید کی آنکھون مین بستی ہے
توجہ رحمت حق کی نہو کیون خاکسارون پر — کہ عزم ابر باران بہی ہمیشہ سوئے پستی ہے
ہے کافی رہنما شرع نبی سید ہے چلے آؤ — رہ عشق الٰہی مین بلندی ہے نہ پستی ہے
جو آیا ہے فقلنا کن رہ مضمون قرآنین — بیان حال وصف صنعت چالاک دستی ہے
دلیل معنی لولاک سے یہہ امر ثابت ہے — کہ ذات پاک حضرت باعث انجام ہستی ہے
جو دین ہم ابر سی تشبیہ گر بخشش کو حضرت کے — تو بجلی خندۂ دندان نما سے ہم پہ ہنستی ہے
نہ کیون ہو صحبت صالح سے حاصل نفع طالب کو — معطر ہوتی ہے وہ شے جو عطر گل مین بستی ہے

## جناب سید خیر الدین صاحب اسسٹنٹ ماسٹر مدرسہ رفاہ عام حیدرآباد

مہجور

نہین ملتی مزاج انکی عجب آنکھونمین مستی ہے — چڑہے ہے تیور ہین بل ابرو پہ تیغ ناز کستی ہے
چمن مین خاک جائے بلبل نالان چہکنے کو — ادہر صیاد کا کہٹکا ادہر وحشت برستی ہے
مین نقش پا ہون مٹ جاتا ہون کچہہ ہستی نہین اپنی — بشر مٹی کا پتلا ہے بشر کی خاک ہستی ہے
کبہی وعدہ تو ایفا کر ارے وہ بیوفا ظالم — یہہ کیسی ڈہیل ہے تیری یہ کیا غفلت پرستی ہے
مرے ارمان کا کیا کہنا کوئی حد ہو تو بتلاؤن — فقط غم خانۂ دل مین انہی یارونکی بستی ہے

ہمارے قتل کرنے پر پشیمانی ہوئی تم کو
ہمین عزت ہوئی حاصل تمہین حسرت پرستی ہے

تپ فرقت سے جی اٹھنا نہین ممکن ترا مہجور
خوشی سے جان دیدینا کہ تیری اسمین ہستی ہے

مسرور

**جناب محمد اسمعیل صاحب حیدرآبادی تلمیذ جناب ظہیر دہلوی**

تری فرقت مین صورت پر وہ کچھ وحشت برستی ہے
کہ دنیا دیکھکر یہہ حال میرا ہنستی ہے

جو تم آجاؤ تو بن جائے یہہ غیرت دہ گلشن
وگرنہ اب ہماری دلکی اک ویرانہ بستی ہے

پلادی بادۂ گلگون تری قربان اے ساقی
گھٹا کیا جھوم کر آئی ہے کیا بدلی برستی ہے

ہماری زندگی ہی زندگی ہے جگ ہنسائی کی
تمہین کیا ہنس رہے ہو ساری دنیا ہمپہ ہنستی ہے

قتیل اوس ابروے خمدار کا کیون ایک عالم ہے
نہ ایسی اوسکی بر‌ش ہے نہ دمتی ہے نہ کستی ہے

وہ جھوٹے وعدہ کیون کرتی نہین معلوم کیا انکو
کہ جھوٹے شخص پر اللہ کی نفرین برستی ہے

ہمین زیبا نہ ہو کسطرح شیوا خاکساری کا
کہ اس دنیای فانی مین ہماری کون ہستی ہے

تری رندانہ مشرب سے ہے مسرور اک جہان حیران
کبھی تنہا بد پرستی ہے کبھی عزت پرستی ہے

مشتاق

**جناب عبدالواحد صاحب**

حقیقت مین پرستش کی جگہ گلزار ہستی ہے
یہین لطف بہار مے پرستی بت پرستی ہے

اسے تیر ہوائی تو نے کیا سمجھا ہی اے گردون
کریگا آہ کا تو سامنا کیا تیری ہستی ہے

بتون کے جور سے تنگ آگئے جاتی ہین عدم کو ہم
بڑی آرام سی گذریگی وہ بیخوف بستی ہے

جو اسکی سختیان سہہ لے کوئی زاہد تو ہم جانین
نہین ہے کہیل لڑکونکا اری یہہ بت پرستی ہے

پلادے دُرد ہی گر بادۂ صافی نہین ساقی
تمیز اچھے برے کی اب کہان آنکھون مین مستی ہے

گھٹا کیا جھوم کر آئی ہے میخانہ پہ اے زاہد
یہہ میخوارونپہ دیکھہ اللہ کی رحمت برستی ہے

جو آج اوج فلک پر ہین وہ کل زیر زمین ہونگے
سنڈولی کی سی دنیا مین بلندی اور پستی ہے

خم مے کو لگی ٹہوکر سو جہائی کیا نہین دیتا / ابہی سے چہا گئی کیا شیخ کی آنکہون مین مستی ہے
ملی تہی مفت کی گر چہپ کے پی لیتے تو کیا ہوتا / بُری ای شیخ صاحب آپکی یہہ فاقہ مستی ہے
گہٹائین نور کی کیا قبلۂ رخ سے اُمڈی آتی ہین / مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے
کہان ہے بادۂ انگور مین نشہ جوانی کا / کہ اس موسم مین ہر شے سے ٹپکتی ایک مستی ہے
جو یہہ حاصل ہوئی دونون جہانکی مل گئی دولت / ہزارون نعمتونکی ایک نعمت تندرستی ہے
جسے مین نے حسین پایا اوسے دلمین جگہ دیدی / مرا دل کیا ہے معشوقونکی اک آباد بستی ہے
خراباتی ہون مین مشتاق رندلا اوبالی ہون / گدائے میکدہ ہون اور مذہب بت پرستی ہے

## جناب لطف اللہ خانصاحب تلمیذ جناب معلی صاحب

متبلا

میان حسن دو روزہ پر تمہین کیون اتنی مستی ہے / جوانی پر نہ اترا وہ یہہ وہی دن کی ہستی ہے
مجہے رہنے دے دنیا مین اجل تو اور تہوڑے دن / حصول لذت عیش و طرب کو جان ترستی ہے
بتائین کیا شب وصلت مین اپنی کیفیت دلکی / بغل مین یار ہے مئے ہے نہایت جوش مستی ہے
یہہ سودا لینے دینے مین نہ کچہہ تکرار کی جائے / عوض بوسہ کے لیلو نقد جان قیمت مین سستی ہے
سڑک ہے صاف سیدہی چل اگر منظور ہے تجہکو / مقام عشق مین ای دل بلندی ہے نہ پستی ہے
کرین کیا عاشقی کا اونکے دعوے حضرت دل ہم / ہماری حال پر تو اونکی مشاطہ بہی ہنستی ہے
نہ پوچہو حالت سوز جگر کچہہ دلجلونکی تم / تمہاری آتش فرقت مین جان ہر دم بہلستی ہے
ہماری مبتلا ہے طبع یکسان شادی و غم مین / نہ روتی ہے کبہی غم سے نہ کچہہ شادی سے ہنستی ہے

## جناب امراو میرزا صاحب برادر زادۂ نواب فصیح الملک داغ دہلوی مرحوم

نادان

چٹک کر ہر کلی یون گلشن فانی مین ہنستی ہے / کہ بلبل چہچہاتے ہین تو یہہ آوازہ کستی ہے
یہہ مانا آجکل ملک دکن مین ہن برستی ہے / مگر مین کیا کرون قسمت مین میری فاقہ مستی ہے

وفا کا حال یہہ بازار حسن و عشق مین دیکہا
کہین تو کال ہے اسکا کہین یہہ چیز سستی ہے

یہان سے جو گیا پہر کر نہ آیا ہے نہ آئیگا
عدم آباد کی گویا بڑی عجیب بستی ہے

نظر ملنے سے پہلے گم دل عشاق ہوتے ہین
یہہ تیر سے پنجۂ مژگان کی کیسی پیشدستی ہے

رہا جاتا ہون یچہے کاروان کے بار عصیان سے
زمین ہر ہر قدم پر اے مری اسد دہستی ہے

دکہاتی ہی یہہ نقشہ گردش ہفت آسمان دیکہو
پیستی ہی بلندی جنکو حاصل اونکو پستی ہے

تری دیدار کی حسرت ہی تیری وصل کا ارمان
خدا آباد رکہے انسے میری دلکی بستی ہے

پلا دے بن کے ساقی کیون نہ موجون پر طبیعت ہو
جوانی مین تری قربان ہون کیا تیری مستی ہے

نہ پوچہو دلکی قیمت پہلے مجہسے یہ مثل سنلو
گرہ مین چار پیسے ہین تو مہنگی چیز سستی ہے

بہری محفل مین یہہ دشنام کی بوچہاڑ تو دیکہو
زبان اوس شوخ کی بیساختہ مجہپر برستی ہے

دیا دل مفت ہمنے گو نہ بوسہ تک دیا تمنے
نہین ہم تنگدل ہرگز اگرچہ تنگدستی ہے

الہی لوٹ لیتے ہین دل و جان میگدہی والے
یہہ عیارونکا مسکن ہی کہ قزاقون کی بستی ہے

تمنا حور کی جنت کی خواہش خوف دوزخ کا
اسیکا نام کیا الشیخ صاحب حق پرستی ہے

نہ بچپاؤ نگے تم عشوز رقیبون کی ابہی دیکہو
ہماری آہ آتشبار اونکا منہ جہلستی ہے

نہ ہوتے یہہ تو ویرانہ ہی ویرانہ نظر آتا
فقط مخلوق سے دونون جہان کی تیری بستی ہے

فقط سحر دم ہے ناوان بیکس فیض آصف سے
دکن سے ہند تک یون تو سبہی کی سرپرستی ہے

## نصرت
## جناب محمد عبد المقتدر خان صاحب تلمیذ جناب بشیر رامپوری

سرسیا نہ زاہد پر بہی کچہہ مستی سی ستی ہے
خیال پارسائی ہے نہ فکر حق پرستی ہے

مجہے ہے آرزو اس ور کی جنت کی نہین پروا
جہان صبح و مسا خالق تری رحمت برستی ہے

پہنچ سکتی نہین باب اجابت تک شب فرقت
تری فریاد مین بہی ای نحیف زار سستی ہے

برنگ خار عریان ہون جو مین صحراے وحشت مین
مری چاک گریبان پر بہار باغ ہستی ہے

الٰہی دیدہ و جان و جگر کا تو ہی حافظ ہے
کہ میرے دلکو زلف یار ناگن بنکے ڈستی ہے

گذر اسمین خوشی کا بہو لکبہی ہو نہین سکتا
دل عاشق جسے کہتے ہین وہ اک غم کی بستی ہے

بہار آتی ہے پہر دشت جنون کے خار یاد آئے
کمر کستا ہون مین بہی اور مری وحشت بہی کستی ہے

بقیمت ایک بوسہ کے جسے لینا ہو وہ لیلے
خریدارو متاع دل نہ مہنگی ہے نہ سستی ہے

تجہے نصرت غزل لکہنے کا چسکا تو پڑا لیکن
مقابل مین بشیر و داغ کے کیا تیری ہستی ہے

## جناب میر مومن علی صاحب منصبدار رکاب منصور نائب تحصیلدار علاقہ صرف خاص — نور

نہ رنج والم نے جا بجا پہرے بٹہلائے ہین
نکلنے کو مری دل سے بہت حسرت ترستی ہے

وہان جاتا ہے جو آنیکو واپس دل نہین کہتا
خداوندا عدم آباد کیا دلچسپ بستی ہے

وہی چلتے ہین جہک کر جو شریف القوم ہوتے ہین
اصالت جسکی اچہی ہو وہی تلوار کستی ہے

تمنا ہے عبث مال و زر و جاگیر و دولت کی
ادہر ہم فکر کرتے ہین ادہر تقدیر ہنستی ہے

زمانہ ہو گیا تم سے نہ مل کر آؤ اک دن تو
طبیعت دیکہنے کو صورت زیبا ترستی ہے

گئے ملک عدم کو ہم جہان سے ایسے پر ارمان
کہ مرقد پر ہماری ابتلک حسرت برستی ہے

ولی بعد فنا بہی مورد لطف الٰہی ہین
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

نہین ہین والئے قسمت فیض مغفور انسا نہین
جمال پاک اونکا دیکہنے خلقت ترستی ہے

ملازم صرفخاص شاہ کے سب فیض پاتے ہین
مشرف جنگ عالیقدر کی کیا سرپرستی ہے

سلامت رکہہ ہمارے شاہ کو یا رب قیامت تک
غنیمت واسطے ملک دکن کے انکی ہستی ہے

چلو ملک عدم کو نور پہر سیر اب یان سے
بیان سب لوگ کرتے ہین بہت دلچسپ بستی ہے

## جناب حکیم محمد نور الدین صاحب — نور

U1396

تمہاری زلف ہے یا کالی ناگن ہی کہ ڈستی ہے
یہ ابرو ہیں کہ ہے شمشیر دو رو رخ جو کستی ہے

بھرا ہے حسن کا بازار جائیں ملکے سب عاشق
خریدیں جنس حسن او سجا یہ جان دیکر تو سستی ہے

تو کیوں عشق بتا نمین ناخدا اپنی دلکو کہوتا ہے
خدا کے بندونکو لائق نہیں یہہ بت پرستی ہے

میں روتا ہوں فراق یار میں اپنی سے ہوں باہر
یہہ میرا حال ابتر دیکھکر مخلوق ہنستی ہے

بلاکر نور کو جلدی مدینہ اے رسول اللہ
دکہا دیجے دکہا دیجے طبیعت بس ترستی ہے

نجیب — جناب نواب محمد نجیب الدینخان بہادر تلمیذ جناب مہدی

ہمیشہ یکی اغیار پر رحمت برستی ہے
مگر میرے لئے ہر دم وہی تلوار کستی ہے

یہہ مینہ ہی تو ہر دم بوالہوسین شب بسر کی تہی
خجالت شکل سے میری ہی تو ہر دم برستی ہے

وہ کب آئیں کب آسان ہو خدا جانے مری مشکل
یہاں تو جان اب تن سے نکلنے کو ترستی ہے

کسیکا بخت ہوگا وہ کہ تا افلاک پہونچا ہے
مری تقدیر تو یہہ ہے ہمیشہ اسکو پستی ہے

ذرا لو امتحان معلوم سب ہو جائیگا تم کو
بہلا کمبخت حاسد کی مری آگی بہی ہستی ہے

مزا آتی ہے بے مانگے چلو جائیں زیارت کو
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

نجیب استاد اپنا دہلوی ہو جبکہ مہدی سا
تو پہر آگے ہمارے خاک کیا اورونکی ہستی ہے

نعیم — جناب میر نعیم الدین حسین صاحب صیغہ دار دفتر فینانس تلمیذ جناب شیفتہ کنتوری

بہار آئی ہے ان روزوں جنونکی سرپرستی ہے
دکہایا ایسا ویرانہ جہان سے دور بستی ہے

بلندی نام کو ہے اور اوسکی تہ میں پستی ہے
زمین پر رہتی ہی خلقت زمین میں جاکے بستی ہے

یہہ کس مینخوار کی الفت نے دیوانہ بنایا ہے
مری وارفتگی میں بہی ادائے جوش مستی ہے

شکایت کیا کریں ہم دیکے دل اونکی جفاؤنکی
زبردستی ہے اونکی اور اپنی زیر دستی ہے

الٰہی کیا کروں کیا دوں شہادت بیگناہی کی
نکلتی ہی نہیں جو بات اونکی دلمیں بستی ہے

جو جاتا ہے پلٹ کر نام آنیکا نہین لیتا — خداوندا عدم بہی کیا کوئی عجیب بستی ہے
اگر جلوہ دکہاتا ہے تو پہر کیا جلوت و خلوت — یہ پابندی مری جان اور زنجیر و نین کستی ہے
بتاؤن کسطرح دل پر تری فرقت مین کیا گزری — نگاہ یاس ہی کو دیکہہ لے کیسی ترستی ہے
عدم سے آئے دنیا مین عدم آباد کرنے کو — ہین جس ہستی پہ ہم نازان یہہ اوس ہستی کی مستی ہے
جو اہل درد ہین وہ عشق کی لذت سے واقف ہین — ملے گر جان دینے پر بہی یہہ نعمت تو سستی ہے
اگر ہمت نہ ہو انسان مین کچہہ بہی ہو نہین سکتا — کرے وہ کیا ترقی حوصلہ مین جسکی پستی ہے
ڈبوتا ہے مجہے اے ناخدا تجہہ سے خدا سمجہے — تری ہوتے مری کشتی بہنور مین جا کے پہنستی ہے
مٹائیگا ہمین کیا آسمان اور کیا مٹینگے ہم — ہماری نیستی ہی باعث ایجاد ہستی ہے
خدایا چار چہینٹے میکدے پر میرے برسا دے — بتاؤن زاہدونکو اسطرح رحمت برستی ہے
نعیم اپنا شعار راستی چہوڑو نہ تم ہرگز — یہہ ہے ایسی سڑک جسمین بلندی ہے نہ پستی ہے

جناب نعمت

وہ دنیا سے گئے پر بہی ظہور حق پرستی ہے — مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے
تصور تا نہ پیدا ہوئے صورت گر کی صورت کا — عبادت ہے حضور اوسکے سراسر بت پرستی ہے
رہین گے حشر تک بے خود تری محفل مین اے ساقی — سرشت مے کشون مین یہ مئے وحدت کی مستی ہے
حقارت کی نظر منعم نکر ہم خاکسارون پر — بلندی اہل دنیا کی نتیجہ جسکا پستی ہے
گہمنڈ اس زندگانی پر نکر ہرگز کہ او نادان — حباب بحر کی صورت ترا نقش ہستی ہے
حذر لازم ہے اے ظالم کسی پر ظلم کرنے سے — گرانا عرش اعظم کا بشر کی دل شکستی ہے
جو آتا ہے یہان پر پہر وہین واپس وہ ہوتا ہے — عجائب دلکش اے نعمت عدم آباد بستی ہے

نام — جناب خواجہ محمد سمیع اللہ صاحب تلمیذ جناب عصر مرحوم

اسی مین تو کی جھگڑے مین ہوی برباد ہستی ہے
سمجھ جا اب بہی اے غافل یہہ کیسی خود پرستی ہے

خیال وصل رہتا ہے ہمیشہ ہجر مین مجکو
اسی سے میری ہستی ہے اسی سے میری ہستی ہے

جواب خط مرا فوراً وہ دیدین یہہ نہین ممکن
تجاہل ہے غضب کا اور طبیعت مین بہی سستی ہے

بچا مقتل مین گہایل کون تیری تیغ ابرو کا
مٹا دیتی ہے اوسکو صاف یہہ جسپر برستی ہے

یہہ سچ ہے پیش منعم قدر کم مایہ نہین ہوتی
ذلیل و خوار کرتی آدمی تنگدستی ہے

نہو مغرور اتنا چار دن کی زندگانی پر
خدا کی ذات ہما ای بیخبر شایان ہستی ہے

ہزارون قافلہ جاتے ہین اپنی جان دیدیکر
عدم آباد کی بستی بہی کیا آباد بستی ہے

مدینہ کا شرف اللہ اکبر کیا بیان کیجے
زمین پر آسمان سے رات دن رحمت برستی ہے

سراسیمہ نہونا چاہئیے اے نام دنیا مین
قناعت سے مدد لیجے اگرچہ تنگدستی ہے

جناب محمد شاہ نور خانصاحب نقشبندی شاگرد جناب شبیر — نور

شبیہ احمد مرسل ہمارے دل مین بستی ہے
خدا بہی اسمین رہتا ہے عجائب یہہ بہی بستی ہے

کئے وہ ٹکڑے ہمنے پیرہن کے عشق احمد مین
گریبان ہی نہ جامہ ہی نہ دامن ہی نہ دستی ہے

ہمیشہ نعت کے مضمون لکہا کرتے ہین ہم واعظ
ہماری نظم پر اللہ کی رحمت برستی ہے

مدینہ مین مجہے پہونچا دے اے بخت رسا جلدی
لبون پر دم ہے اور جان حزین از بس ترستی ہے

فنا فی اللہ کا درجہ تو ظالم پہلے طے کر لے
قیامت ہے ابہی سے تجکو فکر خود پرستی ہے

کبہی تو شربت دیدار سے سیراب کر دیجے
تمہارے عاشق مضطر کی جان لب پر ترستی ہے

فرشتے چرخ سے آتے ہین درگاہ محمد پر
مدینہ بہی خدا کی شان کیا نورانی بستی ہے

نہین ہے عمر دو روزہ کا کوئی اعتبار اے دل
حباب آسا ہمارا حال ہے کیا خاک ہستی ہے

عدم کو جا رہے ہین قافلے کے قافلے ہر روز
مگر شہر خموشان بہی عجب رونق کی بستی ہے

قیام دار فانی خواب کا سا حال ہے یارو
ہوئین جب بند آنکھین پھر نہ جنگل ہے نہ بستی ہے

فقط اک قطرۂ ناچیز سے پیدا ہوا ہے تو
بتا تو مجکو اے غافل کہ تیری کون ہستی ہے

خریدارو چلو دوڑو کہ اب بازار محشر مین
گران ہے جنس عصیان رحمت غفار سستی ہے

بشر کیا ہین فرشتے وجد مین آ آ کے کہتے ہین
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

جناب حضرت شبیر کی اصلاح کے باعث
زمین شعر مین اے نور اک رحمت برستی ہے

## جناب میر محمد علیخان صاحب تلمیذ جناب داغ دہلوی مرحوم ناظم

نہ بستی ہے نہ ویرانہ نہ ویرانہ نہ بستی ہے
جدا ان دونو عالم سے ہماری ایک بستی ہے

اوڑائی طرز میری بلبل و پروانہ نے ملکر
اسی سے تو مین کہتا ہون اُچکون کی یہ بستی ہے

حسینون سے ہمین ہے کام دنیا ہو کہ جنت ہو
یہان پریون کی بستی ہے وہان حورون کی بستی ہے

تری الفت اگر دل مین تو صورت بھی ہے آنکھون مین
کوئی اس گھر مین رہتی ہے کوئی اوس گھر مین بستی ہے

بھلا کب تک چھپا رکھتا مین اون سے خواہش اے ناظم
وہی منہ سے نکل جاتی ہے جو کچھ دل مین بستی ہے

فله

خجل ہو جس سے ویرانہ وہ میرے دل کی بستی ہے
کہا کرتے ہین جسکو نیستی وہ میری ہستی ہے

پتا چلتا ہے ہر شے سے زمانہ کی دو رنگی کا
کسیکو فارغ البالی کسیکو تنگدستی ہے

جو پوچھو تو مفلس سے زیادہ غم مین ہے منعم
ہوا ہے تنگدل اوسکا جو اسکو تنگدستی ہے

عدو کی قبر کو میری لحد سے دور ہونا تو
وہان برسین گے انگارے یہان رحمت برستی ہے

انہین ہے حسن پر نخوت مجھے ہے عشق پر دعوے
وہ اونکی خود فروشی ہے یہ میری خود پرستی ہے

مجھے بھی دیکھ لیتا ہے عدو کو دیکھکر ظالم
تری تیغ نظر دونو طرف ہر دو تک کستی ہے

نئی سوجھی ہے میخوارونکو ساقی سے لپٹنے کی
یہہ حیلہ ہاتھ آیا ہے کہ عذر جوش مستی ہے

دکھا کر نرگس شہلا کو وہ کہتے ہین گلشن مین
ذرا دیکھو تو میری آنکھ کی سی اسمین مستی ہے

ذرا پردہ سے تو صورت دکہائے اوبت کافر
ترے دیدار کو خلق خدا کب سے ترستی ہے

حسینونکی نگاہین یون تو اکثر پڑتی ہین دلپر
جو اچہی ہوتی ہے برچہی وہی سینے مین دہستی ہے

متاع دلکی قیمت پر بڑی حجت ہے آپسمین
وہ کہتے ہین کہ مہنگی ہے مین کہتا ہون کہ سستی ہے

وہ میرے دلکی قیمت مین مجہی سے لڑے لیتے ہین
کہ ناظم سچ کہو یہ چیز مہنگی ہے کہ سستی ہے

مدینہ مین اگر دو گز زمین ملجائے اے ناظم
تو لونگا جان دیکر مین کہونگا پہر کہ سستی ہے

نحیف
## جناب سید عزیز الدین صاحب برہان پوری تلمیذ جناب عصر مرحوم

نرالا طور ہے سب سے عجب کچہہ دلکی بستی ہے
نئی ہے سر زمین یان کی بلندی ہے نہ پستی ہے

نہ کچہہ خوف قیامت ہے نہ دوزخ کا ہے اندیشہ
شراب عشق احمد کی ہمارے دلمین مستی ہے

صلوٰۃ و صوم زاہد کو مبارک ہو مبارک ہو
خدا کے فضل سے میری عبادت خود پرستی ہے

تامل سے نظر کیجے مرقع پر زمانہ کے
صور ہین مختلف پر فی الحقیقت ایک ہستی ہے

نظر آتا ہے ارباب بصیرت کو وہ کہتے ہین
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

پہنچ جاتا ہے اپنے وقت پر لکہا مقدر کا
عبث خلقت متاع و مال دنیا کو ترستی ہے

جسے دیکہو اسے شان خدا سمجہو عزیز الدین
یہی دانش یہی عرفان یہی بس حق پرستی ہے

نجیب
## جناب میر برکت علیصاحب

وجود دہر کیا چیز کیا ہستی کی ہستی ہے
عدم کہتے ہین جسکو وہ بڑی آباد بستی ہے

بتون کی یاد دلمین دمبدم آکے بستی ہے
یہہ ہی طرفہ تماشہ واہ ویرانے مین بستی ہے

وہ کہنا ہائے اونکا تیہری آنکہونمین تو مستی ہے
ہمارا قافیہ یہان تنگ ہے انگیا بکستی ہے

تری تیغ نظر اور تیغ ابرو مین ہے بل اتنا
وہ ٹیہڑی ہے یہہ سیدہی ہے وہ خوشخم ہے یہہ سستی ہے

تصور مین صنم دلمین ہے یا مسجد مین پیشانی
ہماری حق پرستی ہی بعینہ بت پرستی ہے

نہین ہے شرک مطلق دیکہئے گر چشم وحدت سے ۔۔۔ ہماری بت پرستی بہی یقیناً حق پرستی ہے

دکہادو آج ہی جلوہ ابہی یہہ کل کا وعدہ کیون ۔۔۔ تمہارے دیکہنے کو خلق مدت سے ترستی ہے

وفائے غیر کو نسبت تری جنس وفا سے کیا ۔۔۔ کہری ہی یہہ وہ کہوٹی ہی یہہ مہنگی ہی وہ سستی ہے

کسبید ہمسی ہے ان بن کہی غیر و نپہ خشمک زن ۔۔۔ تری تیغ نظر تو یار دو نون سمت کستی ہے

جو دہڑکا مونکا تہا ہجر مین لو مر گئے آخر ۔۔۔ وہی آتی ہے آگے راندان جو دلین بستی ہے

نجیب اچہی تو شئے ہے جنس الفت جسکو کہتے ہین ۔۔۔ اگر ہم مول لے لین جان بہی دیکر تو سستی ہے

## ایضاً

ہستی ہے دلگی ہے میکشی ہے جوش مستی ہے ۔۔۔ خدا رکہے ترے آنے سے کیسی گہر مین بستی ہے

طبیعت جب کسی دن ہجر کی شب مین اوکستی ہے ۔۔۔ مریجان جان بہی میری کمر مرنے پہ کستی ہے

کبہی نیرنگئے دنیا سمجہہ ہی مین نہین آتی ۔۔۔ سراسر نیستی کی نیستی ہستی کی ہستی ہے

دہرا ہے آئینہ بہی روبرو ہوتی ہے کنگہی بہی ۔۔۔ خود آرائی کے پیرایہ مین اچہی خود پرستی ہے

سحر نازان نہو پر شمع مضطر اپنی پیری پر ۔۔۔ وہ غمگین ہے یہہ خوشدل ہے وہ روتی ہے یہہ ہنستی ہے

خدا جانے یہہ میت جارہی ہے کس پر ارمان کی ۔۔۔ پس مردن جنازے پر بہی اک حسرت برستی ہے

زمین و آسمان قائم ہین جب تک دم نجود ہوئین ۔۔۔ جو نکلے آہ منہ سے پہر بلندی ہے نہ پستی ہے

کہون کیا حال ازار اپنا زبان یاری نہین دیتی ۔۔۔ جگر مین ضعف اعضا مین نقاحت دلمین پستی ہے

فزون ہو روشنی کیونکر نہ ہر دم چشم بینا کی ۔۔۔ تمہاری چاندنی صورت مری آنکہون مین بستی ہے

نجیب اک اور بہی پڑہ دو غزل بزم احبا مین ۔۔۔ کہ اسدم زور پر ہی طبع موزون جوش مستی ہے

## جناب محمد نظام الدین علیخان صاحب تلمیذ جناب ظہیر دہلوی

نظام

غرور حسن روزافزون پہ طرہ کیف مستی ہی ۔۔۔ خرام ناز مستانہ ہے محو خود پرستی ہے

مین اک رند خراباتی ہون مشرب مے پرستی ہے
اونرتی ہے نہ اونرتی ہے نہ اوترے گی وہ مستی ہے

خرام ناز سے تیری تہہ و بالا ہے اک عالم
مگر سفاک نظرون مین بلندی ہے نہ پستی ہے

ہنائے سے وہ ہنتے ہین نہ سمجہائے سمجہتے ہین
وہی وہ گرگذرتے ہین جو اونکی دلمین بستی ہے

اودہرہ شرم ہی بت ہین ادہرہین وضع ہی حبیب ہون
شکیب و صبر ہی ممکن نہ ممکن ہیش دستی ہے

خزان کے دن گئے ساقی خدا حافظ ہی توبہ کا
ہوا ہی سترہے برسات ہی بدلی برستی ہے

مبارکباد ہے کس گل کے آنیکی صبا کہدے
گلے مل مل کے بہولون سے نسیم صبح ہنستی ہے

مئے و معشوق سے ترک محبت واہ کیا کہنا
اسیکا نام اے مرد خدا کیا حق پرستی ہے

خدا محفوظ ہی رکہے بلائے زلف شبگون سے
رخ روشن پہ لہرا کر یہ ناگن دلکو ڈستی ہے

دل سوزان مین ہے رہ رہ کی اوٹہتا جوش گریہ کا
گہٹا تہم تہم کے آتی ہے تو جم جم کر برستی ہے

غزل اک اور بہی کہئے نظام خادم آصف خلد اللہ ملکہ
صدائے مرحبا ہر سمت سے پیہم برستی ہے

## ایضاً

صدائے قلقل مینائے مے آواز کستی ہے
سبو ہے جام ہی ساقی ہے وقت مے پرستی ہے

ادا ناز و نزاکت کی کمر شوخی پہ کستی ہے
ارادہ قتل کا ہے ہاتہہ مین تیغ دو دستی ہے

کہو کس کس کو دون دل ایک ہی کیا دلکی ہستی ہے
ادا ہی ناز ہی انداز ہے شوخی ہے مستی ہے

نظر نے بہی نہین دیکہا اوڑا یا یون مری دلکو
قیامت خیز شوخی ہے بلا کی تیز دستی ہے

بہار آئی چمن مین نغمہ سنجی ہے عنادل کی
نہین بہولے سمائے گل کلی کہل کہل کے ہنستی ہے

جگر مین درد ۔ لب پر آہ سوز ہجر سینہ مین
خدا آباد رکہے یہہ مری ہستی کی بستی ہے

مرا دل ہی جگر ہی ہے نگاہ ناز کا سودا
اگر تم مول لو ۔ انمول شے اس مول سستی ہے

حقیقت کیا بتاؤن خانۂ دل کی خرابی کی
مری پہلو مین دل ہے دلکی حسرت دلمین بستی ہے

نظام ایسا بلند اقبال ہے وہ آصف سادس خلد اللہ ملکہ
کہ چرخ ہفتمین کی نشان جسکے در کی پستی ہے

## عالیجناب نواب بہ قرار جنگ آصف یار الدولہ آصف یار الملک بہادر

وزیر

ہماری چشم حق بین مین دو عالم ایک ہستی ہے
پرستش بھی بتان دہر کی یزدان پرستی ہے

بہت غافل ہین جنکا مشغلہ دنیا پرستی ہے
وہی روتے ہین مرنیکو انہین پر موت ہستی ہے

زمین کا آسمان سے مرتبہ کیونکر نہو اعلیٰ
بلندی با شرف حاصل ہی گو ظاہر مین پستی ہے

ہماری چشم باطن مین جہان کا ایک ہے جلوہ
مگر ظاہر مین دیکھو تو جدا ہر ہر کی ہستی ہے

ازل سے حامل بار امانت بنگیا انسان
ہوا اونچا تو کیا پر ہمت گردون مین پستی ہے

فنا ہم ہو گئے پہلے فنا ہونے سے ایو اعظ
عدم کا خوف ہے کسکو نظر مین نشان ہستی ہے

دیا ہون موت کا وہ امتحان اس زندگانی مین
اجل ہستی کو میری دیکھکر دلمین ترستی ہے

کیا کرتے ہین بس گردن جھکا کر اپنا نظارہ
ہماری آنکھہ جب بیدار کو جھکنے ترستی ہے

رجب کی چودہوین مین فاتحہ اخلاص سے پڑہئے
مزار فیض پر اسعد کی رحمت برستی ہے

ہماری آنکھہ کا ہم نور حضرت کو سمجھتے ہین
ہمارے جسم مین جو جان ہے آصف کی ہستی ہے

وزیر اب ایک پل بھی چاہئے حق سے نہو غافل
غنیمت جانئے یہہ مستعار اپنی جو ہستی ہے

## جناب محمد احمد اسد صاحب مددگار دفتر آبپاشی علاقہ صرف خاص

خدا دے روزہ کہا تین ہم یہ ننگ حق پرستی ہی
ترا روزہ تو زاہد ایہہ خاصی فاقہ مستی ہے

یہان زندا کطرف زنار کو بھی ذوق مستی ہے
مگر یہہ ساقی کوثر کے متوالونکی بستی ہے

گرے بھی تو گرے وہ لڑکھڑا کر میرے پہلو مین
مین اس مستی کے صدقے کہ مرنیکی پیاری مستی ہے

نکلتے ہی نکلتے برق بنکر منہ سے نکلی آہ — الٰہی خیر یہہ ظالم مرا ہی منہ جھلستی ہے
خدا غارت کری توبہ کو توبہ کرکے پچھتایا — چھما چھم مینہ برستا ہے طبیعت کیا ترستی ہے
تری مشتاق ہین جس رنگ مین وہ رنگ اچھا ہی — نہ مستون مین ہی ہشیاری ہشیارون مین مستی ہے
بتون کو بعد ترک عشق سجدہ خاک کرتی ہم — خجالت سے نہ اُٹھا سر یہہ شرم بت پرستی ہے
سنا ہے ہم نے زاہد ایک سجدہ مول ہی اسکا — بڑی غفلت ہوئی ہے ہمسے گو تزتو سستی ہے
ملے دل کہو لکر مٹھی مین لیکر چل دئے دل کو — یہہ کیسی فارغ البالی یہہ کیسی تنگدستی ہے
زمین پر آئینگے عیسیٰ فلک پر گو رہے برسون — کہین جاتی ہی وہ پستی نصیبون مین جو پستی ہے
غلط سمجھے گران سمجھے جو دل کا مول یک بوسہ — بقدر جنس ہے قیمت نہ مہنگی ہی نہ سستی ہے
فرشتے دوش کے سچ ہے خدا کے پاک بندے ہین — خمارستان مین کیون سا تھہ آئین یہہ رندونکی بستی ہے
نہان سینے مین دل سے دل پر لگا یا نقش یہہ کیسا — نگین یار کی اسد کیسی چہرہ دستی ہے
کیا اس آگ نے نام خلیل اللہ کو روشن — زرا واعظ سے پوچھو کفر کیون آتش پرستی ہے
سمجھکر بت کو بت جب ہم جھکا ئین سر گنہ کیسا — کہا انکا کفر کیسا کفر یہہ تو حق پرستی ہے
کسیکی چشم میگون چھینتی ہے دلکو وصل کے — عجب مستی مین ہشیاری ہے ہشیاری مین مستی ہے

صفی

## جناب سرفراز علی خانصاحب عرب

نہ اونچی ہے نہ نیچی ہے مناسب اوج و پستی ہی — عدم آباد ہی اسد کس خوبی کی بستی ہے
اُمنگین ہین ہم آغوشی کے سرشاری ہی مستی ہی — نیا عالم جوانی کا ہے شوق مے پرستی ہے
کہان کی توبہ اے زاہد کہان کی حق پرستی ہے — ہمین تو رات دن شغل مے و شاہد پرستی ہے
ادہر بادل گرجتا ہے ادہر بجلی چمکتی ہے — گھٹا اُٹھہ اُٹھہ کر آتی ہی تو جھم جھم کر برستی ہے
زمانہ اُسپہ مرتا ہی زمانہ اوسکا ہے شیدا — وہ اپنے ذوق خود بینی مین محو ہے خود پرستی ہے

ہمین کیا کام ہے ساقی شراب ارغوانی سے
یہان نورات دن جام مے وحدت کی مستی ہے

ستمگر یہہ نشانی ہے شہید ناز کی تیرے
عوض یاران کے مظلومی سے تربت پرستی ہے

کہین غنچے چٹکتے ہین کہین بلبل چہکتے ہین
بہار آئی ہے بسم اللہ وقت مے پرستی ہے

صدا لئے جانفزا آتی ہے یہہ سرمست سی مجھکو
مزار فیض پر اللہ کی رحمت برستی ہے

چھپایا تو بہت ہمنے پہ چھوڑا دلکو کافر نے
تری زلف رسا ہی خوب ناگن بنکے ڈستی ہے

غزل ایسی لکہی مصحفی نے اردوے معلیٰ مین
کرشش سن کر دل مخلوق پر حسرت برستی ہے

## جناب نواب محمد عمر خانصاحب خلف نواب برق الدولہ بہادر وفا

وہان ہر روز خاطر سے عدو کی مے پرستی ہے
یہان اپنی طبیعت عیش و عشرت کو ترستی ہے

یہہ منجواروں کی بستی بھی عجب آباد بستی ہے
صدا ہو حق کی ہے سرمست جوش مے پرستی ہے

ارے نادان آنکھین کھول کوئی دم کی ہستی ہے
یہہ تیری کیسی غفلت ہے یہہ کیسی خود پرستی ہے

زبردستی کرین وہ اور ہم برداشت کر جائین
جو سچ پوچھو تو دنیا مین بری شئے زبردستی ہے

اونکو کہے ہین دن نشہ ہے اونپر نوجوانی کا
کوئی دیکھے تو سر سے پاؤن تک مستی ہی مستی ہے

جہان اک جام پیتا ہون کوئی غم پھر نہین رہتا
تری ہو حق بھلی ہے زاہدا یا مے پرستی ہے

ادہر کے جانیوالونکو پلٹتے پھر نہین دیکھا
عدم آباد بھی اللہ اکبر کیسی بستی ہے

وہ بزم غیر مین خوش ہین مین اپنے گھر مین نالان ہون
وہان عشرت برستی ہے یہان حسرت برستی ہے

وفا دلمین ہماری چلتے پھرتے ہین حسین کیا کیا
یہہ اندر کا اکھاڑا ہے پریزادون کی بستی ہے

## ایضاً

نہین یہہ سیر گہ - عبرت کے قابل بزم ہستی ہے
کہ جو معیار پر اعمال کے ہر اک کو کستی ہے

کوئی پوچھے ہمارے دل سے طیبہ کیسی بستی ہے
وہ بستی ہے جہان آٹھون پہر رحمت برستی ہے

قفس ہی میرا ای صیاد دم بہر کو وہان رکھدے
طبیعت میری میرے باغ کو کب سے ترستی ہے

شب وصل اُن سے مین لپٹا تو جھنجلا کر یہہ فرمایا
یہہ کیسی بے حیایانہ تمہاری پیش دستی ہے

سمجھہ پر انکی رونا چاہئے کیا نا سمجھہ وہ ہین
جو سمجھے ہین تماشہ کی جگہ یہہ بزم ہستی ہے

کلیجہ تہام کر شیون کروگے آکے دیکھو تو
شہید ناز کی تربت پہ کیا حسرت برستی ہے

ذرا دیکھو تو قابل سیر کے ہے سر زمین دل کی
عجب ہموار تختہ ہے بلندی ہی نہ پستی ہے

وفا کے لب تبسم ریز تھے چہرہ شگفتہ تہا
مگر اب اسکی صورت سے بڑی حسرت برستی ہے

وفا

## جناب منشی محمد طفیل علیصاحب شاگرد جناب سخی صاحب مرحوم

بشر کی زندگی کتنی ہے اور کیا اسکی ہستی ہے
وہ جینے کیلئے روتا ہے اور پہر موت ہنستی ہے

فقط اک آئینہ ہے اور وہ مین جوش مستی ہے
خودی پر اپنے وہ بہولے ہوی مین خود پرستی ہے

مزار رنج والم ہی اہل عالم کا تماشا ہے
جہان مین جاکے روتا ہون وہان مخلوق ہنستی ہے

نہین چہٹتی پس مردن بہی محرومی و ناکامی
مزار عاشق ناشاد پر حسرت برستی ہے

رسائی یار کے در تک کسی صورت نہین ہوتی
مقدر کی یہہ کوتاہی ہی اور قسمت کی پستی ہے

ہزارون روز جاتے ہین کوئی واپس نہین آتا
یقین یہہ ہے عدم آباد کی دلچسپ بستی ہے

نہین بچتا کوئی مارا ہوا اسکا زمانے مین
تمہاری زلف ناگن کی طرح ہر اک کو ڈستی ہے

بتون کی یاد یارب کیون نہین جاتی مرے دل سے
تعجب ہے یہی کعبہ کے اندر بت پرستی ہے

جدائی مین کسیکی اشک آنکھون مین بہر آئی ہین
گہٹا تو جہوم کر اوٹھی ہے دیکھین کب برستی ہے

رہی شب بہر تو گریان ہائے پروانونکی میت پہ
اسے کیا یاد آیا صبحدم کیون شمع ہنستی ہے

مین اک بوسہ پہ دیدیتا ہون دل اپنا تمہین صاحب
کہو اس مول پر یہ جنس مہنگی ہے کہ سستی ہے

گرا کرتے نہین اکثر اچہے اچہے ٹہوکرین کہاکر
زمین شعر کی ایسی بلندی اور پستی ہے

ہزارون بیت موزون ہین وفؔا یا سیکڑون گہر ہین
یہ ہے دیوان امیر یا کوئی آباد بستی ہے

## ایضاً

جوانی کی امنگین ہین یہ فصل جوش مستی ہے
بتون سے عشق ہی اور دور دل سے حق پرستی ہے

تمہاری تیغ ابرو کے بیان اوصاف ہون کیا کیا
اشارہ نہین تو چمکتی ہے ذرا جنبش مین کستی ہے

ہزارون درد و غم رنج و الم رہتے ہین اس دل مین
کبھی ویران بہی تہا اب تو یہ آباد بستی ہے

چلے جاؤ عدم کو بند آنکہین کر کے دنیا سے
یہی وہ راہ ہے جسمین بلندی ہے نہ پستی ہے

کمی کچہہ بہی نہین ہے دل مین ارمانونکی عاشق کے
نکلتے ہین جو دور ہتی ہین دس آباد بستی ہے

جو بہنتا ہے کباب آسا دل اپنا سوز فرقت سے
ہماری حلق مین شیشہ کی صورت مے بہی پہنستی ہے

جوانی مین ترقی پر او بہار ایسا ہے جوبن کا
بروج چرخ پر بہی حرم تری آواز سے کستی ہے

ہمیشہ رہتا ہے یہ زندہ درگور آہ الفت مین
جسے سب نیستی کہتے ہین وہ عاشق کی ہستی ہے

ہمارا جب غبار اوٹہہ اوٹہہ کے جمتا ہے تو عالم مین
فلک سے خاک مثل شیشہ ساعت برستی ہے

کسی نعمات دنیا کیطرف مڑ کر نہین دیکھا
فقیر مست ہون مین ایسی میری فاقہ مستی ہے

نفس کی آمد و شد یہ نہین جہونکے ہوا کی ہین
کسی دن تو یہہ گل ہوگی جو روشن شمع ہستی ہے

سلیمان قدر کا مصرع دلپر نقش ہے میرے
یہہ دنیا اک کسوٹی ہے کہری کہوٹے کو کستی ہے

بتائین کیا وفؔا کیا حال تہا اوسکا مگر اب تو
جسے سب لکہنئو کہتے ہین اک اوجڑی بستی ہے

## جناب محمد حبیب اللہ صاحب نبیرہ جناب ذکا تلمیذ جناب مائل وفا

اودہر عرش بریں کے کون ہی اور کسکی ہستی ہے
وہی ہی بیخودونکا گہر وہی یارونکی بستی ہے

مجازی ہی سے مطلوب حقیقی سب کے ہاتہہ آیا
ہماری بت پرستی کیا ہی عین حق پرستی ہے

دم عیسی بہی ہو تو کیا عجب اکدم مین یہہ گل ہو
چراغ صبح کی صورت جہان مین اپنی ہستی ہے

جو عالی خاندان ہین جمع دولت کر نہین سکتی
رکا پانی اُسی سطح زمین پر جسمین پستی ہے

بلائے تمام ہجران عاشقون کے سر پر کیا معنی
کسیکی زلف شبگون ہے جو ناگن بنکے ڈستی ہے

قضا ہے جا کہین قاتل بنے تجھکو بہی اک چرکا
بلا کے بل ہین ابرو پر غضب کی تیز دستی ہے

پہنسا کر دام ہین ہمکو نہ خوش ہو اسطرح صیاد
مگر تو بہی تو اے ظالم اسیر دام ہستی ہے

ہوی ہین پرزے پرزے دامن صبح قیامت کے
قیامت ہی غضب ہے کیا جنونکی چیرہ دستی ہے

تصور اس بت کافر کی ابرو کا ہے کعبہ مین ؛
ہمارا دل خدا کے گہر مین محبوب پرستی ہے

کہین پیمانہ بادہ نہ ٹوٹے سنگ تربت سے
مجھے بعد فنا ساقی یہہ پاس مے پرستی ہے

خدا کا فیض شامل اسکے جس سے فیض حاصل ہو
مزار فیض پر اسد کی رحمت برستی ہے

فراق یار مین دیوار و در نک کاٹ کہاتی ہین
مثال مار ہر زنجیر دروازہ کی ڈستی ہے

علم تیغ دو دم ہی اور خمیدہ ہے مری گردن
تری کوچہ مین قاتل وہ بلندی ہی یہہ پستی ہے

نظر جو سایۂ مژگان مین ہے گرتی ہی لوگو پر
وہ ابری ہے تری تلوار جو سب پر برستی ہے

نہو گا رہن کچہہ دستار و جبہ آپ کا زاہد
یہین مے آپ خاطر خواہ جتنی چاہین سستی ہے

سمجھتے ہین فلک کو بہی اک اپنے پاؤنکا چہالا
خدا جانے وفا دشت جہان بہی کیسی بستی ہے

نام درپردہ **عصمت** | موصولہ ٹپہ از حیدرآباد دکن

بہار آئی جنون زور و نپہ ہی اور جوش مستی ہے
ہی مژدہ بادہ خوار روا ب شراب ناب سستی ہے

تمنا دلمین ہے اور آنکہہ مین مشتاق نظارہ
دکہا دے یا الٰہی وہ مدینہ کیسی بستی ہے

توکل چہوڑ کر فکر معیشت مین ہی کیون حیران
تری تدبیر پر ہر بار بس تقدیر ہنستی ہے

مری اک آہ سے ہوتا ہی کل عالم تہہ و بالا
ملادون خاک مین بس ا ہی فلک کیا تیری ہستی ہے

یقین مقبول ہین درگاہ باری کے اسی خاطر
مزار فیض پر اسد کی رحمت برستی ہے

## جناب مولوی محمد عبدالواجد صاحب مدرس فارسی سٹی ہائی اسکول بلدہ شاگرد و فرزند جناب والہ مرحوم

کہان کی بادہ خواری ہی کہان کی مے پرستی ہے — فراق یار مین ویران یہان ہر ایک بستی ہے

ترے ہونٹو نمین اعجاز مسیحا صاف ظاہر ہے — تری آنکھو نمین ای دلبر مے احمر کی مستی ہے

پلائے ساقیا تلچھٹ ہی اپنے ہاتھ سی مجھکو — کہ تیری ہاتھ سے پینے مری نیت ترستی ہے

اگر تم سے جدا ہو جاؤن تو پھر زیست مشکل ہے — تمہارے وصل کے باعث مری دنیا مین ہستی ہے

جہان مین کوئی روتا ہی تو ہنستا ہے کوئی ایجان — جو روتا ابر ہے تو دیکھہ لینا برق ہنستی ہے

تواضع کرتے ہین وہ لوگ جو ہین صاحب جوہر — گلستان مین ہمیشہ شاخ پر میوہ کو پستی ہے

نہین یہ مسجد و معبد ترا کیا کام یان زاہد — خرابات اسکو کہتے ہین یہ میخوارونکی بستی ہے

قسم اللہ کی ہرگز نجائیگی وہ اس گھر سے — ازل سے تیری الفت ای صنم اس دلمین بستی ہے

علو ہمت ان کو ہی جو دلدادہ ہین مرنیکے — چراناجی کا الفت مین فقط ہمت کی پستی ہے

ہلال عید آتا ہے نظر اپنی نگاہون مین — ہمارے قتل کو جب تیغ ابروانکی کستی ہے

حصول عزت و رفعت ہی انسان کو تواضع سے — سراسر وہ بلندی ہے تواضع مین جو پستی ہے

عروج مہر و مہ پستی سے ہوتا ہے بلندی پر — بلندی ہے ہماری فکر مین جو کچھہ کہ پستی ہے

چلو پیر مغان سی ملکے کرلین اونکی بیعت ہم — مہیا ساز عشرت ہی شراب ناب سستی ہے

نہین معلوم کب حاصل ہو وصل اس جان عالم کا — ہماری جان واجد اک زمانے سے ترستی ہے

### ایضاً

نگاہ مست مین اس شوخ کی ای دل جو مستی ہے — گلستان مین اسی کیواسطے نرگس ترستی ہے

خوشا ہنگام عشرت بادہ نوشی سے پرستی ہے — حسینون کا ہے مجمع خوشدلی ہی جوش مستی ہے

کہان اسمین یہ رنگینی کہان اسمین یہ گلچینی — زمین گلشن کی سیری داغ کی خاطر ترستی ہے

شبستان جہان مین شادی و غم بسکہ توام ہین
ہر اک محفل مین دیکھا شمع رونی اور ہنستی ہے

یہ صحرای جنون ہی وحشت آباد اسکو کہتے ہین
یہان دیوانے رہتے ہین یہ دیوانون کی بستی ہے

اگر مطلوب ہو تجھکو شراب جنت اے زاہد
تو میرے کوچہ مین آجا یہان یہہ چیز سستی ہے

یہ میخانہ ہی اے زاہد یہان کیا کام ہے تیرا
یہان تو بادہ خوار ہی یہان تو مے پرستی ہے

الٰہی جلوۂ جانان دکھادے فضل سے اپنے
ہماری آنکھہ دیدار پری رو کو ترستی ہے

فنا مین جسقدر عشرت ہے اسکو غور سے دیکھو
تو ظاہر ہو رہیگا عیش سارا فیض ہستی ہے

زمانہ ایک حالت پر نہین رہتا نکھاؤ غم
مری قسمت کبھی روتی تہی لیکن اب وہ ہنستی ہے

حسین کیا کیا نظر آتے ہین ملک ہند مین واجد
یہ مہ رویون کا مسکن ہے یہ گلرویونکی بستی ہے

## جناب محمد خان صاحب تلمیذ جناب حیدر — ہنر

ضعیفی مین ہنر چھوڑ دو یہہ کیسی بت پرستی ہے
خدا کی یاد بہولے ہو خلائق تمپہ ہنستی ہے

پس مردن بہی یہ کالی بلا سر سے نہین ٹلتی
کہ مرقد مین بہی یاد زلف ناگن بنکے ڈستی ہے

صدا آتی ہی جسدم کانین الله اکبر کی
ہماری جان قربان اسپہ ہونیکو ترستی ہے

ذرا آغوش مین آؤ کہ نکلے دلکا کچھہ ارمان
لب شیرین کے بوسہ کو ہماری جان ترستی ہے

غرور حسن مین رکھتے نہین کچھہ ڈر کسی کا بہی
اوبہارے پہرتے ہین جوبن کچھہ ایسا جوش مستی ہے

نہ کیون ہم دل جلون کے داغ سے بوے کباب آوے
ہمارے خرمن دل پر مدام آتش برستی ہے

چلو آہستہ ٹہوکر سے نہ اوٹھہ بیٹھین کہین مردے
کہ یہہ گنج شہیدان ہے مسلمانونکی بستی ہے

اشارے کر نہ آنکھین مار کر اغیار سے ظالم
مژہ تیری سنانکر ہمارے دلمین دہنستی ہے

جو پوچھا مین نے ہاتف سے صدا یہہ غیب سے آئی
مزار فیض پر الله کی رحمت برستی ہے

جو بوسہ دمبدم مانگا تو یہہ جہنجلا کے کہتے ہین
بہری محفل مین تیرے کسنے ہنر یہہ جوش مستی ہے

ہاشم

## جناب محمد ہاشم صاحب شاگرد جناب وفا

ہمارے خانۂ دل مین ہی پیاری پیاری شکلین ہین
حسین بستے ہین اسمین یہہ پریزادونکی بستی ہے

وہ ہنستے ہین ہمارے آٹھہ آٹھہ آنسو بہانے پر
ادہر بجلی چمکتی ہے ادہر بارش برستی ہے

کیا ایک ہاتھہ مین ظالم نے میری دلکی دو ٹکڑے
قیامت کی صفائی ہی غضب کی تیز دستی ہے

رہے قسمت کہ ہم ہین کشتگان خنجر الفت
ہمارا نیست ہونا ہی تو ہاشم عین ہستی ہے

یاسر

## جناب سید ملازم حسین صاحب تلمیذ جناب قدرت

کہین رحمت برستی ہی کہین آفت برستی ہے
غنی ہی کوئی دنیا مین کسی کو تنگدستی ہے

گہٹا چھائی ہوئی ہی ہرطرف اک جوش مستی ہے
چمن پر ساقیا اللہ کی رحمت برستی ہے

رخ مہتاب پر بہی ہمنے یہہ جلوہ نہین دیکہا
تمہارے چہرۂ روشن پہ وہ رونق برستی ہے

پلا ساقی ہمے مئے عشرت گہٹا گھنگور چھائی ہے
بہار آئی ہوئی ہے ہرطرف اک جوش مستی ہے

ہماری بزم مین داخل ہو کیون حسرت نکلتا ہی
اگر زاہد طبیعت میکے پینے کو ترستی ہے

حسینون سے جہانکا گرم ہی بازار ان روزون
خریدے جسکا جی چاہے یہان یہہ جنس سستی ہے

پس مردن مری تربت پہ جب آئے تو وہ بولے
یہہ کسکی قبر ہے یارب جو یون حسرت برستی ہے

ق

کچھہ اسکا حال کہلتا ہی نہین ہی ہم پہ عالم مین
عدم مین کون رہتا ہی عدم کی کیسی بستی ہے

ہوا دنیا سی جسدم کوچ ہم اکدم مین جا پہونچے
عدم کی راہ یکسان ہے بلندی ہی نہ پستی ہے

جو عاقل ہین وہ کہتے ہین کہ دنیا جای عبرت ہی
فنا اگر فرد ہے انسان کی پس ایسی ہستی ہے

فشار قبر سے یاسر کو یا حیدر بچا لینا
سنا ہے بعد مرنیکے لحد مردونکو کستی ہے

## جناب# محمد حمید الدین صاحب شاگرد جناب شیفتہ کنتوری

آپکے# دو غزلہ مین سے پہلی غزل ردیف ح مین شایع ہے دوسری غزل سہو کاتب سے رہ گئی تہی جو یہان درج کیجاتی ہے

شب فرقت ہجوم یاس ہے حسرت برستی ہے
غرض مہمان کوئی دم کی ہمارے دم کی ہستی ہے

محبت کا گل پہچان کی جب سے دلمین بستی ہے
کلیجے کو ہمارے ایک ناگن ہے کہ ڈستی ہے

بہار آئی بڑہی دیوانگی زورونپہ مستی ہے
ابھی ہم توڑ دینگے بیڑیون کی کوئی ہستی ہے

کسے معلوم کیا کیا بدگمانی دلمین بستی ہے
جو میری قتل کرنے پر کمر قاتل کی کستی ہے

وہ کہتا ہے پری کیا چیز کیا حورونکی ہستی ہے
بہ ہر چہ خود نمائی ہے بہ ہر چہ خود پرستی ہے

وہان رہنے لگا ظالم جہان غیرونکی بستی ہے
زمین مین مارے غیرت کے ہماری لاش دہستی ہے

الٰہی کس بت کافر نے توڑا ہے مرے دلکو
مری سینے مین شور بیگنہ مار اشکستی ہے

اڑاؤ سیکڑون ساغر یہ ساغر آج بے کھٹکے
گھٹا گھنگھور ہے اللہ کی رحمت برستی ہے

بڑی ظالم ہے تیری زلف کی ناگن یہی ظالم
کہ ہمکو موت کی بھی نیند مین آکے ڈستی ہے

نہ چھیڑو ہمکو اپنا راستہ لو راستے والو
کہ دیوانے ہین دیکھو آج کل زورونپہ مستی ہے

بگڑ کر اٹھ کے پہلو سے چلا ہے وہ بت کافر
نگاہ یاس وقت واپسین کیا کیا ترستی ہے

ادہر آؤ خدا کیواسطے چھاتی سے لگ جاؤ
مرے ارمان ترستے ہین مری حسرت ترستی ہے

جو مین بے موت مرتا ہون شب فرقت اجل میری
کبھی افسوس کرتی ہے کبھی خوش ہو کے ہنستی ہے

مری دلبر نے کھینچی تیغ پھر امتحان جسدم
جھکی اسطرح گردن جسطرح تلوار کستی ہے

زبردستی سے دل لینا تمہین پچھتا دکھائیگا
حقیقت مین زبردستی نشان زیردستی ہے

کبھی وہ بھول تو آکر چڑھا دو دست نازک سے
مزار عاشق ناکام پر حسرت برستی ہے

مری جان آپکی تصویر بازار محبت مین
اگر ہین حور کے بدلے خریدون پھر بھی سستی ہے

جوانان چمن سے قامت موزون کو نسبت ہی
گل خدا کی صورت یار کی صورت بھی ہنستی ہے

جناب شیفتہ کی نظم سے اسکو کوئی نسبت
بھلا سلک گہر کی اسکے آگے کوئی ہستی ہے

جو ہے مقسوم کا اس سے زیادہ مل نہین سکتا
حمید الدین ہمکو کب ملال تنگدستی ہے

عزیز

**جناب* نواب عزیز یار جنگ بہادر ناظم عطیات علاقہ صرفخاص خلف نواب مشرف جنگ بہادر**

نہ دلبر اپنے پہلو مین نہ دلمین جوش مستی ہے
یہہ کچہہ جینے مین جینا ہی یہہ کچہہ ہستی مین ہستی ہے

وہ ساقی بنکے بیٹھے ہین مزہ کی مے پرستی ہے
ادہر ساغر چہلکتے ہین ادہر ستی یہ مستی ہے

متاع دلکی قیمت پر انہین یہہ ال لگی سوجہی
کبہی کہتے ہین مہنگی ہی کبہی کہتے ہین سستی ہے

الٰہی مجہہ مین کیا رکہا ہی یہہ کیون ہیری حسرت مین
ادہر دوزخ ترستا ہے ادہر جنت ترستی ہے

ہمارا ایک دل اللہ اکبر یہہ ستم اوس پر
ادا خنجر چلاتی ہی نگہ تلوار کستی ہے

طبیعت جوش پر ہی وہ بہری بیٹھے ہین محفل مین
الٰہی خیر ہو اب یہہ گہٹا کسپر برستی ہے

فراق یار مین پینے کو پی لیتے ہین ہم لیکن
کہان وہ اسمین کیفیت کہان وہ اسمین مستی ہے

توقع تہی جلا دیگی فلک کو پہوک ڈالے گی
مگر آہ شرر افشان مرا ہی منہ جہلستی ہے

خدا رکہے قلق کو درد کو ارمان و حسرت کو
انہین دو چار کے دم سی ہمارے دلکی بستی ہے

مری آنکہون سے وہ دلمین اُتر آئے تو یہہ بولے
بلندی تہی وہ پستی کی ۔ بلندی کی یہہ پستی ہے

سجائے دخت رز کا نام آب آتشین ساقی
نہین ہین وہ جو پہلو مین تو یہہ منہ کو جہلستی ہے

بگڑتی ہے جو بن بنکر تمہارے وصل کی صورت
تو رہ رہ کر مری تدبیر پر تقدیر ہنستی ہے

تمنا اور پہر کسکی تمنا تم سے ملنے کی
نکلنے کو دل ناپاک سے میری ترستی ہے

مرے دامن سے پہلے دامن امید کے ٹکڑے
جنون یہہ تکلف ہی اچہے مین اچہی پیشدستی ہے

آصف

**جناب سید آصف شاہ صاحب مہاجر مدینہ منورہ مقیم رباط حسین بی صاحبہ مرحومہ**

نبی کے سبز گنبد پر سدا رحمت برستی ہے
مسلمانون مدینہ طیبہ دلکش وہ بستی ہے

* یہہ غزلین دیر سے وصول ہوئین اسلئے ردیف وار لکہی نہین گئین

گنا ہونکی شفاعت کو وسیلہ ہے محمد کا
گنا ہون پر مری بے فائدہ کیون خلق ہنستی ہے

دکہادے یا الٰہی یا الٰہی اب مجہے جلوہ محمد کا
مری جان حزین اونکی زیارت کو ترستی ہے

مقدر اپنا اچہا ہوگیا حضرت کے باعث سے
اطاعت سرور عالم کی بیشک حق پرستی ہے

حبیب اللہ کا مداح رہتا ہون مدینہ مین
خدا کے فضل کی آصف یہان بارش برستی ہے

**اسد** — **جناب سید اسد علی صاحب تلمیذ جناب عارف تہانوی**

بہار آئی ہے ساقی پہر خیال مے پرستی ہے
یہین بادہ کشو لینے تیرے میخانہ کی بستی ہے

یہہ کیا تعجیل ہے ای موت دم لینے دے دنیا مین
ابہی آیا ہون کسل راہ ہے منزل کی پستی ہے

مرے برباد کرنے سے تجہے اے چرخ کیا حاصل
مثال نقش پا ہون مین مری دم بہر کی ہستی ہے

چڑہی ہے آج ابرو اوس بت سفاک قاتل کی
ذرا ہوشیار ہو جاؤ اسد تلوار کستی ہے

**برق** — **جناب قادر محی الدین صاحب فاروقی تلمیذ جناب بیکس مرحوم**

خدایا جلد دکہلا دے مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جسکے دیکہنے کو جان مدت سے ترستی ہے

مرا ذمہ تمہین ای شیخ صاحب مفت پلواؤن
سخی پیر مغان ہے اور بالکل مے بہی سستی ہے

نہ دنیا کی انہین خواہش نہ عقبیٰ کی انہین پروا
جو رند لاابالی ہین عجب کچہہ انکی مستی ہے

خدا کی شان آتی ہے نظر ہر ذرہ ذرہ سے
بتونکا دیکہنا بہی زاہدو کیا بت پرستی ہے

خدا رکہے وہ اپنے عاشقون کے دلمین رہتے ہین
پسند آئی ہے انکو گرچہ اک ویران بستی ہے

چلے جاتے ہین بے کہٹکے عدم کو قافلے لاکہون
نہ چورون کا کہین ڈر ہے بلندی ہے نہ پستی ہے

بہروسہ کچہہ نہین ای برق اپنی زندگانی کا
سمجہہ رکہو کہ آخر نیستی ہے یہہ جو ہستی ہے

**نعیم** — **جناب حبیب اللہ صاحب فاروقی تلمیذ جناب بیکس مرحوم**

گہٹا چہائی ہوی ہے چو طرف رحمت برستی ہے
چلو ای حضرت زاہد پینگے مے بہی سستی ہے

بنا غمخوار میں جبکا سمجھتا ہے وہ دیوانہ
نہ تھے ہم ہست جبتک یاں کہ تھے مرنے سے ہٹنے سے
بتو میں صنعت حق دیکھکر ہوتا ہوں میں قربان
جو مانگا دو دیا پہلی پلائی جیسی ساقی نے
ذرا دیکھوں تو میں بھی سر بکف آیا ہوں مقتل میں
کروں میں مے سے توبہ اور پھر ایسے زمانے میں
مری اُجڑے ہوئے دلمیں رہیں گے کیا غرض اونکو
صغیر اک میکش مدہوش کے ہیں ہم بھی مستوانے

میں دنیا کیلئے روتا ہوں دنیا مجھپہ ہنستی ہے
اگر سمجھو تو وجہ ہستی خود اپنی ہستی ہے
اسی کو کفر کہتے ہیں یہی کیا بت پرستی ہے
کبھی یہہ بھی نہ پوچھا ہم نے مہنگی ہے کہ سستی ہے
تری تلوار میں دم خم ہے کیسا کیسی کستی ہے
کہ ساقی منتیں کرتا ہے اور بدلی برستی ہے
یہاں کیا جی لگیگا یہہ تو اک ویران بستی ہے
اٹھی کہیں سے ہمارے دلمیں ذوق مے پرستی ہے

## جناب سراج الدین احمد خانصاحب دہلوی داماد اُستاد داغ مرحوم

قدا تعمیر ہوا جو اُسپہ حرم بت پرستی ہے
زبان خلق بھی کس کس طرح آواز کستی ہے

جہان ذرات حسن بیکسی یکسان برستی ہے
قدیمی کائنات دہر کی آباد بستی ہے

حسینون کی گلی مین دلیر آفت سی برستی ہے
ٹھکانا راہ مارونکا ہے یا چورونکی بستی ہے

بظاہر پستی جتنی ہے باطن مین وہ ہستی ہے
جسے تم بت پرستی جانتے ہو حق پرستی ہے

ترے جلوے کو اے کافر نظر تک اب ترستی ہے
ہوائے دید دل مین بیٹھے بیٹھے خوب ہنستی ہے

سر مقتل تری تلوار کی بدلی برستی ہے
جو مشتاق شہادت ہین انہین تاکتی ہی کستی ہے

طبیعت اور بھی یون غیر و دربان سے جھلستی ہے
مجھے معلوم ہے جیسے مین یہہ جو انکی ہستی ہے

پلائے کون تجکو بے پئے ہے تجھکو مستی ہے
بقدر ظرف زاہد لطف شغل مے پرستی ہے

کہان تک دیکھئے لکھی ہوی قسمت مین پستی ہے
مرے گھر کی زمین اشکون سے میری روز دھستی ہے

خدا کی شان ہے دنیا سے پیدا یہہ بستی ہے
اسے ہم بستی کہدین ہماری اتنی ہستی ہے

اگر دل کے عوض بکجائے تو نقصان نہین کوئی
تمہاری جنس بوسے کی نہ مہنگی ہے نہ سستی ہے

ریاکاری کی بارش مسجدونمین راندن دیکھی
ندامت کی گھٹا بتخانہ کے اندر برستی ہے

نکالو میکدہ سے محتسب کو کیون یہان آئے
یہان ایسونکا کیا مطلب یہہ میخوارونکی بستی ہے

ضعیفی کے زمانے مین کرے کیا ناصح مشفق
نہ وقت حرص نفسانی نہ عہد جوش مستی ہے

نہ پوچھو حال گریہ کا کہ غم کی چھا گئی بدلی
گھٹا جب جھوم کر آئی ہے پھر کیا برستی ہے

تری تلوار کی دونون ادائین جانستان دیکھین
یہ بجلی بنکے گرتی ہے گھٹا بنکر برستی ہے

تمہین کیا ہوگیا موسٰی سنبھالو اپنے آپ کو
یہہ وقت خواب ہے غفلت ہے ہم ہوشی پرستی ہے

عدم کے جانے ٹلے بات انکی سنکے رشتہ لین
مرے ارمان و حسرت دیکھکر نا گئے مجھسے
لگا جاتا ہے صیاد مین تو نہ گل و بلبل
اشارہ تہا تمہارا یا سکہا یا نخیر اوسکو
مرے دلمین نہین رہنے سبب پوچھو تو کہتے ہین
ملے انگور ہی کہتے تمہارے کہنہ کی جہوٹی بہی
نہین کچھ جہوٹ تجکو گلبدن گل پیرہن کہنا
یہی حالت ہے قسمت کی یہی ہے طرز ہمت کی
محبت مین نہین ہتین یہ زاہد کو غلط باتین
نہالان چمن باد خزان نازونکے پالے ہین
دکن کی صحبتونکی یاد ہی ہمکو ستائے گی

دلیل منزل اول ہے اس رستہ مین ہستی ہے
ترے لین خدا لکھے بڑی آباد بستی ہے
بہار آئی ہے ہمکو ہے جو پیچہ کیا ہمت کی پستی ہے
دگر نہ مجھکو ویران رو کہ لے یہہ اوسکی ہستی ہے
ہجوم آرزو بیحد ہے وہ چہوٹی سی بستی ہے
اگر صد سال طاعت کے عوض ملجائے سستی ہے
کہ گلگون تو ہے پہولونمین تیری پوشاک بستی ہے
بلندی ہی بلندی ہے اگر پستی ہے پستی ہے
بت پندار پر مرتے ہو ذوق حق پرستی ہے
نسیم صبح جنکو لو زبان دے تو جہلستی ہے
وطن کے شکل کو بھی روح غربت مین ترستی ہے

یہہ حالت مفلسی کی تیری سائل او میرا استغنا
توکل تو جسے کہتا ہے یہہ تو فاقہ مستی ہے

بجوش فکری رای سیتل پرشاد مرحوم

جب چھپا دیوان

ہجری تاریخ نے رو دی صدا

ہے نیت در تاریخ فرمایا

گلدستۂ فصل

سال تر

لکھا ہے سال

خوش جناب فضل کا

فصل ۱۳۱۶

# کلام پرشور جناب میر تراب علی صاحب زور

هو الفیاض

آگاه آقا مرزا

ہر دم تراب نوحہ سخن

ہے تین بیتوں عشق

پیمان ان کی سال

کر جیبان ثابت سخن

فیض گنج عرش زین

سنہ ۱۳۲۵ ہجری

Post Graduate Library
College of Arts & Commerce, O. U.